ششماہی علمی و تحقیقی مجلہ

علمی و تحقیقی مجلّہ

معارفِ اسلامی

ISSN:۱۹۹۲-۸۵۵۶

جلد: ۱۷ شمارہ: ۲

جولائی ۲۰۱۸ء تا دسمبر ۲۰۱۸ء

سرپرست اعلیٰ

ضیاء القیوم

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

سرپرست

محی الدین ہاشمی

ڈین، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مدیر

عبدالحمید خان عباسی

چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

نائب مدیران

محمد سجاد

چیئرمین، شعبہ مطالعات بین المذاہب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

محمد رفیق صادق

لیکچرار، شعبہ حدیث وعلوم حدیث، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ظفر اقبال

لیکچرار، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

طاہرہ افراق

لیکچرار، شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلّہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق اُصول

مجلّہ معارفِ اسلامی میں مقالہ نگار حضرات درج ذیل اُصول و ضوابط کو پیش نظر رکھیں:

- ✓ مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔
- ✓ مقالہ A۴ صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔
- ✓ مقالہ کی ضخامت ۲۰ صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
- ✓ مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے (www.*mei.aiou.edu.pk*)
- ✓ مقالہ کا عنوان اُردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں شامل ہو۔
- ✓ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔
- ✓ مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔
- ✓ مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔
- ✓ ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔
- ✓ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہو گی تو اس کے لیے مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔
- ✓ مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں، نیز حوالہ جات مقالہ کے آخر میں دیئے گئے ہوں۔
- ✓ مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلّہ کی دو کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔
- ✓ مقالہ میں حوالہ جات کے لیے درج ذیل فارمیٹ اختیار کیا جائے۔
- ✓ **قرآن کریم کی آیات کے حوالہ کے لیے**: البقرہ ۲: ۱۲۲۔ **حدیث کے حوالہ کے لیے**: محمد بن اسماعیل البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الذبائح والصید، باب اٰکل کل ذی ناب من السباع (ریاض: دارالسلام ۱۴۱۷ھ)، حدیث: ۵۵۳۰۔ **کتب فقہ و دیگر کتب کے لیے**: ابوبکر محمد بن احمد السرخسی، اُصول السرخسی، (بیروت: دارالمعرفۃ، ۱۹۹۷ء)، ۱: ۳۵۰۔

ضروری نوٹ: مجلّہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلّہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار و خیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔

قیمت فی شمارہ ۔/۱۰۰ روپے　　سالانہ بدل اشتراک ۔/۳۵۰ روپے

پتہ برائے رابطہ: مدیر مجلّہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علومِ اسلامیہ
بلاک نمبر ۱۲، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/۸، اسلام آباد

فون نمبر: ۰۵۱-۹۰۵۷۸۷۰　　ای میل: maarifeislami@aiou.edu.pk

کمپوزنگ و ڈیزائننگ: عرفان قیصر، محمد یوسف

طباعت: ..... ناشر: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/۸، اسلام آباد

مجلس ادارت

قومی	بین الاقوامی
قبلہ ایاز، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	**عطاء اللہ صدیقی**، انسٹیٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر، یوکے
علی اصغر چشتی، پروفیسر/، چیئرمین شعبہ حدیث وعلوم حدیث، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**عز الدین بن زغیبہ**، صدر شعبہ علوم اسلامیہ دراسات و اشاعت واُمور خارجہ، جمعۃ الماجد، دبئ
معراج الاسلام ضیاء، صدر شعبہ علوم اسلامیہ ودراسات علوم شرقیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور	**اشرف عبدالرافع**، رسائل النور فاؤنڈیشن، الازہر یونیورسٹی ، قاہرہ، مصر
محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**محمد صالح سکری**، ڈائریکٹر سینٹر آف اسلامک ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ (ISDEV) یونیورسٹی آف سائنس، ملائیشیا
نور احمد شاہتاز، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	**سعود عالم قاسمی**، سنی دینیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا
فضل اللہ، پروفیسر، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**نور محمد عثمانی** ، شعبہ قرآن و سنت ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ملائیشیا
غلام یوسف، پروفیسر/چیئرمین شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**خالد محمود شیخ**، کنسلٹنٹ اقراء انٹرنیشنل ایجوکیشن، امریکہ
اذکیا ہاشمی، ڈین فیکلٹی آف آرٹس، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ	**مستنصر میر**، پروفیسر شعبہ فلسفہ و مذہبی مطالعات، ینگسٹاؤن سٹیٹ یونیورسٹی ینگسٹاؤن، امریکہ
شاہ معین الدین ہاشمی، چیئرمین ، شعبہ سیرت سٹڈیز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد	**عبدالحمید بریشک**، شعبہ تفسیر و قرآنی علوم ، فیکلٹی آف تھیالوجی، مارمرہ یونیورسٹی، استنبول، ترکی
عبدالغفار بخاری، ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ اسلامیات، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد	**مصباح اللہ عبدالباقی**، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف کابل، افغانستان

مجلس مشاورت

قومی	بین الاقوامی
محمد الغزالی، مدیر الدرسات الاسلامیہ ، ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**ظفر الاسلام اصلاحی**، پروفیسر وسابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ ، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، انڈیا
انیس احمد، وائس چانسلر، رفاہ بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**مہدی زہرا**، ریڈر آف لاء، شعبہ بین الاقوامی قانون، سکاٹ لینڈ
سعد صدیقی، ڈائریکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور	**عبدالرشید متین**، پروفیسر آف سیاسیات، سنٹر فار اسلامائزیشن، ملائیشیا
ہمایوں عباس شمس، پروفیسر وڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد	**عبدالغفار**، یونیورسٹی آف لندن، یوکے
عبدالعلی اچکزئی، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ	**محمد تھانوی جبریل**، شعبہ علوم اسلامیہ (خواتین)، اسکندریہ، مصر
عبداللہ عابد، پروفیسر شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، گومل یونیورسٹی، خیبر پختونخواہ	**عبداللہ سعید**، پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ایشیا انسٹیوٹ، یونیورسٹی آف ملبرن، آسٹریلیا
ارشد قیوم، سابق پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج غازی، ہری پور	**ہدایت حیدر**، یونیورسٹی آف استنبول
عبدالمہیمن، اسسٹنٹ پروفیسر وانچارج شعبہ علوم اسلامیہ ودینیہ، یونیورسٹی آف ہری پور	**عبدالوحید**، پروفیسر، شعبہ فلسفہ و مذہبی مطالعات، ینگسٹاؤن سٹیٹ یونیورسٹی، ینگسٹاؤن، امریکہ
سمیع الحق، سابق پروفیسر، شعبہ تفسیر وقرآنی علوم، ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	**شبیر احمد**، پروفیسر، شعبہ تفسیر وقرآنی علوم، فیکلٹی آف تھیالوجی، مارمرہ یونیورسٹی، استنبول، ترکی

معاون مدیران

خورشید احمد سعیدی، لیکچرار، شعبہ تقابل ادیان، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
محمد طیب، لیکچرار، گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج، باغ، آزاد کشمیر
محمد لطیف، سبجیکٹ سپیشلسٹ/پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
محمد عمران خان، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
دلاور خان، ایڈوکیٹ ہائی کورٹ، اسلام آباد
محمد یوسف یعقوب، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
محبوب الرحمٰن، ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
احتشام الحق، لیکچرار/ایم فل سکالر، شعبہ شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
عطاء اللہ علوی، ایم فل سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
عرفان قیصر، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شرکاء کا تعارف

- حافظ نثار مصطفیٰ، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی، پروفیسر/چیئرمین شعبہ قرآن و تفسیر، ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- حافظ محمد اسحاق، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
- ڈاکٹر عظمی بیگم، ایسوسی ایٹ پروفیسر، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، کھڑک راولا کوٹ
- ڈاکٹر محمد شاہد، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وعلوم حدیث، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد سجاد، چیئرمین، شعبہ مطالعات بین المذاہب، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- عرفان قیصر، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل اسلام آباد
- ڈاکٹر نعیم انور الازہری، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
- ڈاکٹر احمد رضا، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد قسیم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، یونیورسٹی آف کابل، افغانستان
- مدیحہ صادق، لیکچرار، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- محمد نواز، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ حدیث وعلوم حدیث، کلیہ علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- محمد حبیب اللہ خان، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ حدیث، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- نور الحق، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ حدیث، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر فتح الرحمٰن قرشی، چیئرمین شعبہ حدیث، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- عبدالرشید عیدید صومالی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ تفسیر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر سمیعہ نازش، لیکچرار، شعبہ عربی زبان وادب، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر زاہدہ شبنم، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی، لاہور
- ڈاکٹر عتیق امجد، پرنسپل گورنمنٹ کالج ماموں کانجن، ضلع فیصل آباد
- ڈاکٹر حافظ مسعود قاسم، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد
- ڈاکٹر حافظ ارشد اقبال، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

فہرست مضامین

اُردو مضامین

نمبر شمار	مضمون	مقالہ نگار	صفحہ
۱	قرآنی قسموں کی معنویت کا تجزیاتی مطالعہ	حافظ نثار مصطفیٰ ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی	۱
۲	عقیدہ کی تعبیر میں قرآن مجید کا فطرتی و عقلی منہج: تحقیقی جائزہ	حافظ محمد اسحاق ڈاکٹر عظمیٰ بیگم	۱۷
۳	سنن الترمذی کی روایات کی تضعیف میں شیخ البانیؒ کی آراء کا تجزیاتی مطالعہ	ڈاکٹر محمد شاہد	۳۳
۴	عہد رسول ﷺ میں امن کا قیام اور استحکام: سیرت طیبہ کی روشنی میں	ڈاکٹر محمد سجاد عرفان قیصر	۴۷
۵	بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور مکالمے کی عصری اہمیت: سیرت طیبہ کی روشنی میں	ڈاکٹر نعیم انور الازہری ڈاکٹر احمد رضا	۶۵

عربی مضامین

۶	الاحتجاج اللغوي للقراءات القرآنية نشأته وتطوره عبر المراحل	الدكتور محمد قسيم	۸۷
۷	المرفوعات في تفسير بيان القرآن للشيخ أشرف علي التهانوي: دراسة نحوية إحصائية	مديحة صادق	۱۰۳
۸	أساليب الطبراني في نقد الأحاديث المتفردة وهي صحيحة في المعجم الأوسط (دراسة تحليلة ومقارنة)	محمد نواز محمد حبيب الله خان	۱۲۳
۹	منهج الطبراني في تعليل الأحاديث بالاختلاف خلال كتابه المعجم الأوسط	نور الحق الدكتور فتح الرحمن	۱۳۳
۱۰	أهمية الترغيب والترهيب في الدعوة إلى الله	عبدالرشيد عيديد صومالي	۱۴۵
۱۱	فن الجناس في قصائد شعبان الآثاري	الدكتورة سميعة نازش	۱۵۹

انگریزی مضامین

۱	ڈاکٹر زاہدہ شبنم ڈاکٹر عتیق امجد	Hazrat Asma bint Yazeed Al-Sakan(R.A) … An analytical study of her Life and Works	۱۲
۱۳	ڈاکٹر حافظ مسعود قاسم ڈاکٹر حافظ ارشد اقبال	Educational Reforms in Religious Seminaries: An Analysis of Contemporary Theorists' Views and (Late) Dr. *Mahmood Ahmad Ghazi*'s Thought	۱۳

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

قرآنی قسموں کی معنویت کا تجزیاتی مطالعہ

(Wisdom of the Quranic oaths: analytical study)

***حافظ نثار مصطفیٰ**

پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

**** ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی**

پروفیسر/چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ABSTRACT

Allah Almighty took five oaths of the Holy Quran in an explicit mode in the Holy Quran. This miraculous Quran of which oath is being taken by Allah Almighty, witnesses that Hazrat Muhammad (PBUH) Allah Almighty took five oaths of the Holy Quran in an explicit mode in the Holy Quran. This miraculous Quran of which oath is being taken by Allah Almighty, witnesses that Hazrat Muhammad (PBUH) is the true prophet (upon whom be Allah's peace and blessings) of Allah Almighty. No man has the power to compose such revelations or such discourses except him i.e. true prophet (upon whom be Allah's peace and blessings). The sentence which contains on oath, asserts the theme for and oath-taking of the Holy Quran upon its truthfulness denotes its glory because the oath-taker did not find anything more asserting and verifying for the required purpose or for the truthfulness of the Holy Quran than it. Hence this oath has its BLAGHI and miraculous meaningfulness (wisdom).

تعارف

قسم کی اولین غرض وغایت جملہ قسمیہ کے مضمون کی تاکید میں مبالغہ ہے۔اللہ تعالی کا چیزوں کی قسم کھانے کا مطلب مُقْسَم عَلَیْہ کی بابت ان میں موجود دلائل کو بطور اِستِشْہاد پیش کرنا ہے۔چنانچہ نبی اکرم ﷺ کی صداقت پر، قرآن حکیم کی صداقت پر، قیامت کی صداقت پر، قرآن حکیم کے عربی زبان میں نازل کرنے کی واضح اور صریح حکمت پر اور قرآن حکیم کے لیلۃ القدر میں نازل کرنے اور اس کے عالی المرتبت ہونے پر اللہ تعالی کا قرآن حکیم کی قسم کھانا کثیر الجہات معنویت کا حامل ہے۔نیز اس کے عالی المرتبت ہونے کا غماز ہے۔چنانچہ اس تحقیقی مضمون میں قرآن حکیم کی قرآنی قسموں کی معنویت کو بیان کیا گیا ہے۔معنویت بیان کرتے ہوئے ترتیب مصحف کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔چنانچہ کسی بھی آیت مبارکہ کی معنویت بیان کرتے ہوئے سب سے پہلے اس آیت مبارکہ کا متن، پھر اس کا ترجمہ، پھر متعلقہ

آیات مبارکہ میں پائے جانے والے اَرکانِ قسم (مُقْسِم، مُقْسَم بِہ، مُقْسَم عَلَیْہ اور اَدَاۃِ قَسَمْ) بیان کیے گئے ہیں اور پھر سب سے آخر میں زیر تفسیر آیات میں پائی جانے والی معنویت منتخب تفاسیر کی روشنی میں بیان کی گئی ہے۔

قرآن حکیم میں قرآنِ حکیم کی کل قسمیں

قرآن حکیم کی قرآنی قسموں کی معنویت کو بیان کرنے سے پہلے ان مقامات کا تعارف ذیل میں بیان کیا جاتا ہے جن مقامات پر اللہ تعالی نے بالصراحت قسم کھائی ہے۔ اللہ تعالی نے قرآنِ حکیم کی کل پانچ قسمیں کھائی ہیں جن میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور وہ قسمیں درج ذیل ہیں:

۱۔ ﴿یسین . وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ . إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ـ عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ﴾[۱]

۲۔ ﴿ص . وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ . بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ﴾[۲]

۳۔ ﴿حم . وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ . إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ﴾[۳]

۴۔ ﴿حم . وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ . إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ﴾[۴]

۵۔ ﴿ق . وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ﴾[۵]

بعض مفسرین کے خیال میں درج ذیل آیات میں بھی قرآنِ حکیم کی قسم اٹھائی گئی ہے:

۱۔ **وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ**[۶]

اس آیت کی تفسیر میں ابوعبد اللہ محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الأنصاری الخزرجی شمس الدین القرطبیؒ (متوفی: ۶۷۱ھ) نے درج ذیل اقوال ذکر کیے ہیں:

> "﴿وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ﴾ مسطور کے معنی مکتوب کے ہیں یعنی قرآن جسے مومن مصاحف سے پڑھتے ہیں اور ملائکہ لوح محفوظ سے پڑھتے ہیں۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ . فِي كِتَابٍ مَكْنُونٍ﴾ ایک قول یہ بیان کیا گیا ہے کہ ﴿وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ﴾ سے مراد تمام سماوی کتب ہیں جو انبیاء علیہم السلام پر نازل ہوئیں۔۔۔ فرّاء نے کہا ہے: اس سے مراد اعمال کے صحیفے ہیں۔ کچھ اپنی کتاب دائیں ہاتھ میں پکڑیں گے اور کچھ اپنی کتاب بائیں ہاتھ میں پکڑیں گے۔۔۔ ایک قول یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس سے مراد وہ کتاب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے لئے آسمان میں لکھا۔ وہ اسے پڑھتے ہیں جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ ہونے والا ہے۔۔۔۔"[۷]

۲- وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى [۸]

اس کی تفسیر اور وضاحت میں ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الأنصاری الخزرجی شمس الدین القرطبیؒ (متوفی ۶۷۱ھ) لکھتے ہیں:

''وَعَنْ مُجَاهِدٍ أَيْضًا أَنَّ الْمَعْنَى وَالْقُرْآنِ إِذَا نُزِّلَ. لِأَنَّهُ كَانَ يَنْزِلُ نُجُومًا. وَقَالَهُ الْفَرَّاءُ'' [۹]

(مجاہد رحمہ اللہ سے یہ بھی مروی ہے کہ ﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى﴾ کے معنی ہیں: قسم ہے قرآن کی جب وہ نازل ہوا کیونکہ وہ آیات در آیات نازل ہوتا تھا۔ امام فراء نے بھی یہی کہا)۔

۳-﴿ فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ﴾ [۱۰]

اس کی بابت اس کی تفسیر میں ابو عبد اللہ، محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الأنصاری الخزرجی شمس الدین القرطبیؒ (متوفی ۶۷۱ھ) لکھتے ہیں:

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: "مواقع النجوم" سے مراد قرآن حکیم کا آیت در آیت نازل ہونا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے آسمان بالا سے لوح محفوظ سے سَفَرَہ کاتِبِیْن پر نازل کیا۔ سَفَرَہ نے جبریلِ امین پر بیس راتوں میں نازل کیا اور جبریل امین بیس سالوں تک تھوڑا تھوڑا کرکے نبی اکرم ﷺ پر نازل کرتے رہے۔ حضرت جبریل امین نبی اکرم ﷺ کی امت میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات کی مناسبت سے اسے نازل کرتے تھے، اسے ماوردی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور سدی سے روایت کیا ہے۔ ابو بکر انباری نے کہا: اسماعیل بن ابی اسحاق، قاضی حجاج بن منہال سے وہ ہمام سے وہ کلبی سے وہ ابو صالح سے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں کہ قرآن حکیم آسمان دنیا پر ایک ہی دفعہ نازل ہوا۔ پھر زمین کی طرف تھوڑا تھوڑا نازل ہوا۔ اس کے بعد اسے پانچ پانچ اور کم و بیش کی صورت میں الگ الگ نازل کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿ فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ﴾ کا یہی مفہوم ہے۔ فراء نے حضرت ابن مسعود رَضِیَ اللہُ عَنْہُ سے روایت نقل کی ہے کہ ﴿مَوَاقِعُ النُّجُومِ﴾ سے مراد محکم القرآن ہے''۔

درج بالا یہ قسمیں اس بات کی محتمل ہیں کہ ان میں قرآن حکیم کی قسم کھائی گئی ہے۔ ان قسموں میں قرآن کا مُقْسَم بِہ ہونا قطعی نہیں ہے۔ لہٰذا اس مضمون میں صرف قطعی قسموں کی مَعْنَوِیَّت ہی کو زیر بحث لایا جائے گا اور محتَمِلُ الدَّلَالَۃ اقسام کی معنویت کو بیان نہیں کیا جائے گا۔

قرآن حکیم کے لیے دو الفاظ (قرآن اور کتاب) کا بطور مقْسَم بہ استعمال

اس مضمون کے شروع میں ذکر کی گئی قرآنِ حکیم کی قطعی پانچ قسموں میں سے تین قسمیں لفظ قرآن کے ساتھ کھائی گئی ہیں اور دو قسمیں لفظ کتاب کے ساتھ کھائی گئی ہیں۔ قرآن حکیم کا یہ اسلوب معنی خیز ہے کہ جن مقامات پر اللہ تعالی نے لفظ قرآن کے ساتھ قسم کھائی ہے وہاں قرآن کے تین مختلف اوصاف (**الحکیم**، **ذی الذکر** اور **المجید**) ذکر کیے ہیں جبکہ جہاں اس نے لفظ کتاب کے ساتھ قسم کھائی ہے وہاں دونوں مقامات پر لفظ مبین بہ طور صفت ذکر کیا ہے۔ ان پانچ قسموں کی بابت ایک اور قابل ذکر یہ بات ہے کہ یہ پانچوں ہی سورتوں کے آغاز میں ہیں اور حروف مقطعات کے بعد آتی ہیں یعنی ان پانچوں سے پہلے حروف مقطعات آتے ہیں۔ علامہ ابن القیم رَحِمَہُ اللہ کہتے ہیں:

''وَلَمْ تُذْكَرْ قَطُّ فِيْ أَوَّلِ سُوْرَةٍ إِلَّا وَعقبهَا بِذِكْرِ الْقُرْآنِ إِمَّا مُقْسَمًا بِهِ وَإِمَّا مُخْبَرًا عَنْهُ مَا خَلَا سُوْرَتَيْنِ سُوْرَةِ "كهيعص" وَ "ن" ''[۲]

(جس کسی سورت کے شروع میں حروفِ مُقَطَّعات آئے ہیں وہاں ہی ان کے بعد قرآنِ حکیم کا ذکر ہے۔ وہ اس طرح کہ یا تو اس (قرآن) کی قسم اٹھائی گئی ہے، یا اس کے متعلق خبر دی گئی ہے۔ اس اصول و ضابطہ سے صرف دو سورتیں: "سورۃ **کھیعص**" اور "سورۃ **ن**" مستثنیٰ ہیں۔)

ذیل میں قرآن حکیم کی واضح اور صریح قرآنی اقسام کی معنویت بیان کی جاتی ہے چنانچہ کسی بھی آیت مبارکہ کی مَعْنَوِیَّت بیان کرتے ہوئے سب سے پہلے اس آیت مبارکہ کا متن، پھر اس کا ترجَمہ، پھر متعلقہ آیات مبارکہ میں پائے جانے والے اَرکانِ قسم (مُقْسِم، مُقْسَم بِہٖ، مُقْسَم عَلَیْہ اور اَدَاۃِ قَسَمْ) بیان کیے گئے ہیں اور پھر سب سے آخر میں زیر تفسیر آیات میں پائی جانے والی معنویت منتخب کتب تفاسیر کی روشنی میں بیان کی گئی ہے)۔

پہلا مقام

﴿ يس . وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ . إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ . عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴾ [۳]

(یسین، قسم ہے قرآن باحکمت کی۔ بے شک آپ پیغمبروں میں سے ہیں۔ سیدھے راستے پر ہیں)

ان آیات مبارکہ میں ارکان قسم

۱۔ مُقْسِم (قسم اٹھانے والا): اَللہ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی ہے۔
۲۔ مُقْسَم بِہٖ (جس کی قسم اٹھائی گئی ہے): قرآن حکیم ہے۔
۳۔ مُقْسَم عَلَیْہ: بے شک نبی حکیم ﷺ رسولوں میں سے ہیں۔
۴۔ اَدَاۃِ قسم: یہاں واو بطور اداۃ قسم استعمال ہوا ہے۔

ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی معنویت

"و" قسم کے مفہوم میں ہے اور قسم عربی میں، جیسا کہ ہمارے استاد مولانا فراہی (رحمہ اللہ) نے اپنی کتاب: "الامعان فی اقسام القرآن" میں توضیح فرمائی ہے، شہادت کے لئے آتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ پُر حکمت قرآن جو تم لوگوں کو سنا رہے ہو، خود اس بات کی شہادت کے لئے کافی ہے کہ تم رسولوں کے زمرے سے تعلق رکھنے والے ہو۔ رسول کے سوا کوئی دوسرا اس طرح کا حکیمانہ اور معجز کلام پیش کرنے پر قادر نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کے اعجاز میں اصلی دخل اس کی حکمت اور اس کے فلسفہ کو ہے۔ اس کی زبان کی بلاغت و جزالت مزید برآں ہے۔"[۱۴] اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں "قسم بیان کرتے ہوئے صرف "وَالْقُرْآن" نہیں فرمایا بلکہ ﴿وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ﴾ فرمایا۔ یعنی قرآن جس کی قسم اٹھائی جارہی ہے یہ کوئی عام قسم کی کتاب نہیں، بلکہ یہ کتاب حکیم ہے یعنی یہ پُر از حِکمت ہے۔ یا یہ ایسی مُحکم کتاب ہے کہ باطل کسی گوشہ سے اس پر حملہ نہیں کر سکتا[۱۵]"۔

امام القرطبیؒ رَحِمَہُ اللہ ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی تاکیدی مَعْنَوِیَّت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وَحَكَى الْقُشَيْرِيُّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ لَسْتَ مُرْسَلًا وَمَا أَرْسَلَكَ اللَّهُ إِلَيْنَا،فَأَقْسَمَ اللَّهُ بِالْقُرْآنِ الْمُحْكَمِ أَنَّ مُحَمَّدًا مِنَ الْمُرْسَلِين"[۱۶]

(علامہ قشیری رحمہ اللہ نے کہا: حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ عَنْہما نے ارشاد فرمایا: قریش کے کفار نے کہا (اے محمد) تو مرسل نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ہماری طرف مبعوث نہیں کیا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کی قسم اٹھا کر فرمایا: (اے محمد ﷺ آپ رسولوں میں سے ہیں)۔

﴿عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ﴾ میں "صراط مستقیم" کو نکرہ لانا بلاغی معنویت کا اس طرح حامل ہے کہ یہ تفخیم و تعظیم کا غَمّاز ہے، چنانچہ اس کی بابت ابوالسعود کہتے ہیں:

"وَفَائِدَتُهُ بَيَانُ أَنَّ شَرِيعَتَهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْوَمُ الشَّرَائِعِ وَأَعْدَلُهَا كَمَا يُعْرِبُ عَنْهُ التَّنْكِيرُ التَّفْخِيمِيُّ"[۱۷]

(اور اس (نبی حکیم ﷺ کی بابت دوسری خبر لانے) کا فائدہ اس چیز کا بیان ہے کہ آپ ﷺ کی شریعت سب سے زیادہ سیدھی اور سب سے زیادہ عدل پر مبنی ہے، جیسا کہ تنکیر تفخیم کو ظاہر کرتی ہے)۔

ابن عاشور ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی مَعْنَوِیّت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اَلْقَسَمُ بِالْقُرْآنِ كِنَايَةٌ عَنْ شَرَفِ قَدْرِهِ وَتَعْظِيمِهِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالَى، وَذَلِكَ هُوَ الْمَقْصُودُ مِنَ الْآيَاتِ الْأُوَلِ مِنْ هَذِهِ السُّورَةِ. وَالْمَقْصُودُ مِنْ هَذَا الْقَسَمِ تَأْكِيدُ الْخَبَرِ مَعَ ذَلِكَ التَّنْوِيهِ"[18]

﴿وَالْقُرْآنِ الحكِيم﴾ اللہ تعالیٰ کے ہاں قرآن حکیم کی قسم اس کی تعظیم اور شرفِ قدر سے کنایہ ہے۔اس سورت کی ابتدائی آیات سے یہی مقصود ہے۔اس خبر سے مقصود قرآن حکیم کی اس تعظیم کے ساتھ (اس) خبر کی تاکید ہے (کہ محمد ﷺ رسولوں میں سے ہیں)۔ ڈاکٹر وہبہ بن مصطفیٰ الزحیلی ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی مَعْنَوِیّت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ الْوَاوُ: وَاوُ الْقَسَمِ، يُقْسِمُ اللّٰهُ تَعَالَى لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُرْآنِ الْمُحْكَمِ بِعَجِيبِ النَّظْمِ وَبَدِيعِ الْمَعَانِي، أَوْ بِذِي الْحِكْمَةِ، عَلَى أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ، لِئَلَّا يَشُكَّ أَحَدٌ فِي كَوْنِهِ مُرْسِلًا. إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ أَيِ الْأَنْبِيَاءِ الْمُرْسَلِينَ إِلَى قَوْمِهِمْ وَغَيْرِهِمْ، وَالتَّأْكِيدُ بِالْقَسَمِ وَاللَّامِ لِلرَّدِّ عَلَى مَنْ أَنْكَرَ رِسَالَتَهُ مِنَ الْكُفَّارِ بِقَوْلِهِمْ: لَسْتَ مُرْسَلًا"

﴿وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ﴾ واوٗ واوِ قسم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کے لیے قرآنِ حکیم کی قسم کھائی ہے، جو نظم عجیب اور معانی بدیعہ سے محکم ہے، یا جو قرآن حکمت والا ہے، اس بات پر (قسم اُٹھائی) کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول ہیں، تاکہ کوئی آپ ﷺ کے مرسل ہونے پر شک نہ کرے۔ (اِنَّکَ لمنَ المرسَلِین) یعنی آپ ﷺ ان انبیاء کرام علیہم السلام سے ہیں جو اپنی قوم اور دوسری اقوام کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ قسم اور لام (تاکید) کے ساتھ تاکید اُن لوگوں پر رد کے لیے ہے، جنہوں نے کفار میں سے آپ ﷺ کی رسالت کا یہ کہہ کر: "لَسْتَ مُرْسَلاً" انکار کیا)۔

پیر محمد کرم شاہ الازہری ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی معنویت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کفار مکہ حضور سرور عالم ﷺ کی نبوت کا انکار کرتے تھے اور طرح طرح کے الزامات اور استحالے پیش کرتے تھے۔ یہاں خداوند عالم قسم اٹھا کر اپنے رسول ﷺ کی رسالت کی شہادت دے رہے ہیں۔ فرمایا ! اے انسان کامل ! یا اے عرب و عجم کے سردار ! مجھے اس قرآن حکیم کی قسم ہے کہ آپ ان برگزیدہ انسانوں میں سے ہیں، جن کو میں نے رسالت سے سرفراز فرمایا ہے اور مجھے قرآن حکیم کی قسم ہے کہ آپ سیدھے

راستے پر گامزن ہیں۔ اے حبیب ! جب تیرا پروردگار تیری رسالت کی شہادت دے رہا ہے اور وہ بھی قرآن حکیم کی قسم اٹھا کر۔ اس کے بعد اگر کوئی بدبخت تیری رسالت کو ماننے سے انکار کرے تو آپ کو رنجیدہ خاطر نہیں ہونا چاہیے۔ قسم اٹھاتے ہوئے صرف وَالْقُرْآنِ نہیں فرمایا بلکہ : ﴿وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ﴾ فرمایا۔ یعنی قرآن جس کی قسم کھائی جارہی ہے یہ کوئی عام قسم کی کتاب نہیں، بلکہ یہ کتاب حکیم ہے یعنی یہ پُر از حکمت ہے۔ یا یہ ایسی محکم کتاب ہے کہ باطل کسی گوشہ سے اس پر حملہ نہیں کر سکتا"[۲۰]۔

دوسرا مقام

﴿ص وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ . بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ﴾ [۲۱]

(ص ! اس نصیحت والے قرآن کی قسم۔ بلکہ کفار غرور و مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں)

ان آیات مبارکہ میں ارکان قسم

۱۔ مُقْسِم : اَللہ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی بذات خود ہے۔

۲۔ مُقْسَم بِہٖ : شرف والا اور بلند مرتبے والا قرآن مجید مُقْسَم بِہٖ ہے۔

۳۔ مُقْسَم عَلَیْہِ : الزمخشری کے نزدیک مُقْسَم عَلَیْہِ محذوف ہے اور وہ "بے شک قرآن مجید کلام معجز ہے" کیونکہ کلام کے ابتدا میں تحدی (چیلنج) اس پر دلالت کرتا ہے۔ جبکہ قتادہ رحمہ اللہ کے نزدیک "جس طرح تم گمان کرتے ہو معاملہ ویسے نہیں ہے" یہ عبارت محذوف ہے، اس کے قائل امام الطبری اور ابن عطیہ رحمہما اللہ ہیں۔

۴۔ اداۃِ قسم : یہاں واو بطورِ اداۃِ قسم استعمال ہوا ہے۔

ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی معنویت

ابو السعود العمادی کے بقول ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی مَعْنَوِیَّت درج ذیل ہے :

" ﴿وَالْقُرْآنِ ذِی الذِّكْرِ﴾ لِلْقَسَمِ وَإِنْ جُعِلَ مُقْسَماً بِهِ فَهِيَ لِلْعَطْفِ عَلَيْهِ فَإِنْ أُرِيْدَ بِالْقُرْآنِ كُلِّهِ فَالْمُغَايَرَةُ بَيْنَهُمَا حَقِيْقَةً وَّإِنْ أُرِيْدَ عَيْنُ السُّوْرَةِ فَهِيَ اِعْتِبَارِيَّةٌ كَمَا فِيْ قَوْلِكَ مَرَرْتُ بِالرَّجُلِ الْكَرِيْمِ وَبِالنِّسْبَةِ الْمُبَارَكَةِ وَأَيًّا مَّا كَانَ فَفِي التَّكْرِيْرِ مَزِيْدُ تَأْكِيْدٍ لِّمَضْمُوْنِ الْجُمْلَةِ الْمُقْسَمِ عَلَيْهِ"[۲۲]

﴿وَالْقُرْآنِ ذِی الذِّكْرِ﴾ قسم کے لیے ہے۔ یقینا قرآنِ حکیم کو مُقْسَم بِہٖ آپ پر لطف و عنایت کا اظہار کرنے کے لیے ہے۔ پس اگر اس سے مراد مکمل قرآنِ حکیم ہے تو ان دونوں کے درمیان حقیقی

مغایرت ہے اور اگر اس سے مراد یہی سورت ہے پس یہ اعتباری ہے، جیسے تیرا یہ قول ہے: ''مَرَرْتُ بِالرَّجُلِ الْكَرِيْمِ وَبِالنِّسْبَةِ الْمُبَارَكَةِ'' (جو کچھ بھی مُقْسَم بِہ ہو اس تکریر میں مقسم علیھا جملہ کے مضمون کی تاکید ہے۔)

ابن عاشور کے بقول ان آیاتِ مبارکہ میں قرآنی قسم کی مَعْنَوِیَّت درج ذیل ہے:

''فَالْقَسَمُ بِالْقُرْآنِ تَنْوِيهٌ بِشَأْنِهِ وَهُوَ تَوْكِيدٌ لِمَا تَضَمَّنَهُ جَوَابُ الْقَسَمِ إِذْ لَيْسَ الْقَسَمُ هُنَا بِرَافِعٍ لِتَكْذِيبِ الْمُنْكِرِينَ إِذْ لَا يُصَدِّقُونَ بِأَنَّ الْمُقْسِمَ هُوَ اللَّهُ تَعَالَى فَإِنَّ الْمُخَاطَبَ بِالْقَسَمِ هُمُ الْمُنْكِرُونَ بِدَلِيلِ قَوْلِهِ : لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ وَتَفْرِيعِ أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحاً [الزخرف] عَلَيْهِ''[۲۳]

(قرآن حکیم کی قسم اس کی عظمت شان کی غماز ہے۔ یہ قسم جواب قسم کے مضمون کی تاکید ہے جبکہ قسم یہاں صرف منکرین کی تکذیب کو رفع کرنے کے لیے نہیں بلکہ وہ تو مقسم (قسم کھانے والے) کی بھی تصدیق نہیں کرتے تھے۔ اللہ تعالی کے اس قول: لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ اور أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحاً کی اس پر تفریع (قاعدہ اور اصول سے فروعی مسائل نکالنا) اس بناپر ہے کہ قسم کے مخاطب منکرین تھے)

محمد الأمین بن عبد اللہ الأرمی العلوی الہرری الشافعی ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی تاکیدی معنویت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''وَمَنَاطُ تَكْرِيرِ الْقَسَمِ الْمُبَالَغَةُ فِيْ تَأْكِيدِ مَضْمُوْنِ الْجُمْلَةِ الْقَسَمِيَّةِ، وَمَعْنَى إِقْسَامِ اللهِ بِالْأَشْيَاءِ: اِسْتِشْهَادُهُ بِمَا فِيْهَا مِنَ الدَّلَالَةِ عَلَى الْمُقْسَمِ عَلَيْهِ''[۲۴]

(قسم کی اولین غرض وغایت جملہ قسمیہ کے مضمون کی تاکید میں مبالغہ ہے۔ اللہ تعالی کا چیزوں کی قسم کھانے کا مطلب مُقْسَم عَلَیْہ کی بابت ان میں موجود دلائل کو بطور اِسْتِشْہاد پیش کرنا ہے)

تیسرا مقام

﴿حم . وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ . إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ . وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ . أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُسْرِفِينَ﴾[۲۵]

(حم۔ قسم ہے اس واضح کتاب کی۔ ہم نے اس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھ لو۔ یقیناً یہ لوح محفوظ میں ہے اور ہمارے نزدیک بلند مرتبہ اور حکمت والی ہے۔ کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اس بنا پر ہٹالیں کہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو)

ان آیاتِ مبارکہ میں ارکانِ قسم

۱۔ مُقْسِم (قسم اٹھانے والا): اَللہ سُبْحَانَہ وَتَعَالَی ہے۔

۲۔ مُقْسَم بِہ (جس کی قسم اٹھائی گئی ہے): قرآن حکیم جو کہ کتاب مبین ہے۔

۳۔ مُقْسَم عَلَیْہِ: قرآن حکیم کا لغت عرب میں نازل ہونا ہے تاکہ وہ اس کے معانی کو سمجھ سکیں اور اس کا لوح محفوظ میں محفوظ ہونا ہے۔

۴۔ اَداۃِ قسم: یہاں واو اَداۃِ قَسم کے طور پر استعمال ہوا ہے۔

ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی بلاغی معنویت

درج بالا آیات میں یہ بیان ہوا ہے کہ مُقْسَم بہ جو کہ قرآنِ حکیم ہے، لغتِ عرب میں نازل کیا گیا ہے تاکہ وہ اہلِ عرب خاص طور پر اور غیر اہل عرب عام طور پر اس کے معانی کو سمجھ سکیں۔ اس لیے قرآنِ حکیم کی صفت "اَلْمُبِیْنْ" کو یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ اس مقام پر صفت "اَلْمُبِیْنْ" کا ذکر معنی خیز اور بلاغی مَعْنَوِیَّت کا حامل ہے۔ پھر اس مقام پر مقسم علیہ بھی قرآن حکیم ہے، چنانچہ امام البقاعی لکھتے ہیں:

"قَالَ السَّمِيْن: وَمِنَ الْبَلَاغَةِ عِنْدَهُمْ كَوْنُ الْقَسَمِ وَالْمُقْسَمِ عَلَيْهِ مِن وَّادٍ وَّاحِدٍ، وَهَذَا إِنْ أُرِيْدَ بِالْكِتَابِ الْقُرْآنُ" [۲۶]

(سمین نے کہا: اہل عرب کے نزدیک مقسم بہ اور مُقْسَم عَلَیْہ کا ایک وادی سے ہونا بلاغت میں سے ہے (دوسرے الفاظ میں یہ بلاغی مَعْنَوِیَّت کا حامل ہے)

قسم پر مبنی مخصوص اسلوب قرآن یقیناً تاکیدی مَعْنَوِیَّت کا حامل ہوتا ہے جو کہ ایک طرح کی مَعْنَوِیَّت ہی ہے چنانچہ الشیخ العلامہ محمد الامین بن عبد اللہ الارمی العلوی الھرری الشافعی اس کی بابت لکھتے ہیں:

"وَمَنَاطُ تَكْرِيْرِ الْقَسَمِ الْمُبَالَغَةُ فِيْ تَأْكِيْدِ مَضْمُوْنِ الْجُمْلَةِ الْقَسَمِيَّةِ، وَمَعْنَى إِقْسَامِ اللهِ بِالْأَشْيَاءِ: اِسْتِشْهَادُهُ بِمَا فِيْهَا مِنَ الدَّلَالَةِ عَلَى الْمُقْسَمِ عَلَيْهِ" [۲۷]

(قسم کی اولین غرض وغایت جملہ قسمیہ کے مضمون کی تاکید میں مبالغہ ہے۔ اللہ تعالی کا چیزوں کی قسم کھانے کا مطلب مُقْسَم عَلَیْہ کی بابت ان میں موجود دلائل کو بطور استشہاد پیش کرنا ہے)

چوتھا مقام

﴿ حم . وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ . إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ . فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ . أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ . رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴾[۲۸]

(حم۔ قسم ہے اس توضیح والی کتاب کی۔ یقیناً ہم نے اسے بابرکت رات میں اتارا ہے۔ بے شک ہم ڈرانے والے ہیں۔ اسی رات میں ہر مضبوط کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ ہمارے پاس سے حکم ہو کر، ہم ہی ہیں رسول بنا کر بھیجنے والے۔ آپ کے رب کی مہربانی سے۔ وہی ہے سننے والا جاننے والا)

ان آیات مبارکہ میں ارکانِ قسم

۱۔ مُقْسِم (قسم اٹھانے والا): اَللہ سُبْحَانَہ وَتَعَالَی ہے۔

۲۔ مُقْسَم بِہ (جس کی قسم اٹھائی گئی ہے): قرآن حکیم مقسم بہ ہے۔

۳۔ مُقْسَم عَلَیْہِ: یقیناہم نے اسے (یعنی قرآن حکیم کو) بابرکت رات میں اتارا ہے۔ بے شک ہم ڈرانے والے ہیں۔

۴۔ اَداۃِ قسم: یہاں ''و'' اَداۃِ قَسَم کے طور پر استعمال ہوا ہے۔

ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی بلاغی معنویت

درج بالا آیات میں یہ بیان ہوا ہے کہ مُقْسَم عَلَیْہِ جو کہ قرآنِ حکیم ہے، کو بابرکت رات میں نازل کیا گیا ہے، تاکہ اہل عرب اور غیر اہل عرب کو اللہ تعالی کی نافرمانی سے ڈرایا جائے۔ قرآنِ حکیم کی صفت "المبین" کو اس لیے یہاں ذکر کیا گیا ہے کہ یہ ایسا کلام ہے جو واضح، آسان اور عام فہم ہے۔ کسی کے پاس یہ عذر نہیں کہ اس کو اس کی سمجھ نہیں آئی، یا یہ کوئی پیچیدہ اور مغلق کلام ہے، چنانچہ اس مناسبت سے یہاں اس مقام پر صفت "المبین" کا ذکر معنی خیز اور بلاغی معنویت کا حامل ہے۔ اس کو ابن عاشور یوں بیان کرتے ہیں:

''وَفِي جَعْلِ الْمُقْسَمِ بِهِ الْقُرْآنَ بِوَصْفِ كَوْنِهِ مُبِينًا، وَجَعْلِ جَوَابِ الْقَسَمِ أَنَّ اللَّهَ جَعَلَهُ مُبِينًا، تَنْوِيهٌ خَاصٌّ بِالْقُرْآنِ إِذْ جَعَلَ الْمُقْسَمَ بِهِ هُوَ الْمُقْسَمَ عَلَيْهِ، وَهَذَا ضَرْبٌ عَزِيزٌ بَدِيعٌ لِأَنَّهُ يُومِئُ إِلَى أَنَّ الْمُقْسَمَ عَلَى شَأْنِهِ بَلَغَ غَايَةَ الشَّرَفِ فَإِذَا أَرَادَ الْمُقْسِمُ أَنْ يُقْسِمَ عَلَى ثُبُوتِ شَرَفٍ لَهُ لَمْ يَجِدْ مَا هُوَ أَوْلَى بِالْقَسَمِ بِهِ لِلتَّنَاسُبِ بَيْنَ الْقَسَمِ وَالْمُقْسَمِ عَلَيْهِ''[۲۹]

(قرآن حکیم کے مُقْسَم بہ بنانے میں، وصف مبین کے ساتھ اس کے متصف ہونے میں اور جواب قسم اس حقیقت کو بنانے میں کہ اللہ تعالی نے اس قرآن کو واضح بنایا ہے۔ قرآنِ حکیم کے لیے ایک خاص مقام کی غمازی اور عکاسی ہے جبکہ مُقْسَم بہ ہی مُقْسَم عَلَیہ ہے۔ یہ ایک بدیع اور عظیم قسم کی بلاغی مَعْنَوِیَّت ہے کیونکہ یہ اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ مُقْسَم عَلَیہ عالی شرف اور عَالِیُ الْمَرتبت ہے۔ اس لیے کہ مُقْسِم کو اس کے شرف و مرتبہ کا ثبوت دینے کے لیے اسی کو ہی لانا پڑا۔ قسم کے لیے اسے (مُقْسِم کو) اس سے بڑھ کر کوئی اور مناسب چیز نا ملی)

پانچواں مقام

﴿ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ . بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ . أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذَلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ . قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ . بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَرِيجٍ﴾[۳۰]

(ق! بہت بڑی شان والے اس قرآن کی قسم ہے۔ بلکہ انہیں تعجب معلوم ہوا کہ یہ ایک عجیب چیز ہے۔ کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے۔ پھر یہ واپسی دور (از عقل) ہے۔ زمین جو کچھ ان سے گھٹاتی ہے وہ ہمیں معلوم ہے اور ہمارے پاس سب یاد رکھنے والی کتاب ہے۔ بلکہ انہوں نے سچی بات کو جھوٹ کہا ہے جبکہ وہ ان کے پاس پہنچ چکی پس وہ ایک الجھاؤ میں پڑ گئے ہیں)

اس آیتِ مُبارکہ میں ارکان قسم

۱۔ مُقْسِم (قسم اٹھانے والا): اَللہ سُبْحَانَہ وَتَعَالَی ہے

۲۔ مُقْسَم بِہ (جس کی قسم اٹھائی گئی ہے): قرآن حکیم مُقْسَم بِہ ہے۔

۳۔ مُقْسَم عَلَیہ: اس کے جواب قسم کے بارے میں کئی اقوال ہیں۔ ایک قول کے مطابق اس کا جواب قسم: ﴿قَدْ عَلِمْنَا مَاتَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنهمْ﴾ یعنی لام مقدر کا ارادہ کیا۔ اصل کلام یوں تھا: ﴿لَقَدْ عَلِمْنَا﴾ ہے۔ یہ ابن بحر کا قول ہے۔ دوسرے قول کے مطابق اس کا جوب قسم: ﴿اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی﴾ ہے: یہ ترمذی محمد بن علی کا پسندیدہ نقطہ نظر ہے۔ تیسرا قول اہل کوفہ کا ہے، چنانچہ اہل کوفہ نے کہا: اس کا جواب قسم: بَلْ عَجِبُوْا﴾ ہے۔ چوتھا قول اخفش کا ہے، چنانچہ اس نے کہا: اس کا جواب محذوف ہے۔ گویا فرمایا: ﴿ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ لَتُبْعَثُنَّ﴾ اس جواب پر قول دلالت کرتا ہے: ﴿ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّاتُرَابًا﴾ پانچویں قول کے مطابق اس کا جواب: ﴿مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ۔۔۔﴾ ہے[۳۱]

ان آیات مبارکہ میں قرآنی قسم کی معنویت

''قَسَمٌ بِالْقُرْآنِ. وَالْقَسَمُ بِهِ كِنَايَةٌ عَنِ التَّنْوِيهِ بِشَأْنِهِ لِأَنَّ الْقَسَمَ لَا يَكُونُ إِلَّا بِعَظِيمٍ عِنْدَ الْمُقْسِمِ فَكَانَ التَّعْظِيمُ مِنْ لَوَازِمِ الْقَسَمِ. وَأَتْبَعَ هَذَا التَّنْوِيهَ الْكِنَائِيَّ بِتَنْوِيهٍ صَرِيحٍ بِوَصْفِ الْقُرْآنِ بِ الْمَجِيدِ فَالْمَجِيدُ الْمُتَّصِفُ بِقُوَّةِ الْمَجْدِ. وَالْمَجْدُ وَيُقَالُ الْمُجَادَّةُ: الشَّرَفُ الْكَامِلُ وَكَرَمُ النَّوْعِ. وَشَرَفُ الْقُرْآنِ مِنْ بَيْنِ أَنْوَاعِ الْكَلَامِ أَنَّهُ مُشْتَمِلٌ عَلَى أَعْلَى الْمَعَانِي النَّافِعَةِ لِصَلَاحِ النَّاسِ فَذَلِكَ مَجْدُهُ. وَأَمَّا كَمَالُ مَجْدِهِ الَّذِي دَلَّتْ عَلَيْهِ صِيغَةُ الْمُبَالَغَةِ بِوَصْفِ مَجِيدٍ فَذَلِكَ بِأَنَّهُ يَفُوقُ أَفْضَلَ مَا أَبْلَغَهُ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَلَامِ الدَّالِّ عَلَى مُرَادِ اللَّهِ تَعَالَى إِذْ أَوْجَدَ أَلْفَاظَهُ وَتَرَاكِيبَهُ وَصُورَةَ نَظْمِهِ بِقُدْرَتِهِ دُونَ وَاسِطَةٍ. فَإِنَّ أَكْثَرَ الْكَلَامِ الدَّالِّ عَلَى مُرَادِ اللَّهِ تَعَالَى أَوْجَدَهُ الرُّسُلُ وَالْأَنْبِيَاءُ الْمُتَكَلِّمُونَ بِهِ يُعَبِّرُونَ بِكَلَامِهِمْ عَمَّا يُلْقَى إِلَيْهِمْ مِنَ الْوَحْيِ'' [۳۲]

(قرآن کی قسم، اس کی قسم اس کی عظمت شان سے کنایہ ہے کیونکہ قسم صرف اور صرف اس چیز کی ہوتی ہے جو قسم کھانے والے کے ہاں عظمت والی ہوتی ہے۔ لہٰذا تعظیم لوازم قسم سے ہے۔ کنایہ کے طور پر عظمت ذکر کرنے کے بعد قرآن کے وصف مجید کو ذکر کرکے صریح طور پر اس کی عظمت بیان کی ہے۔ پس قرآن مجد اور بزرگی کے وصف سے متصف ہے۔ مجد اور مجادہ اسے کہا جاتا ہے جو شرف کامل اور بزرگی کا حامل ہو)۔

مختلف قسم کے کلاموں کے مابین قرآن کو شرف اس کے اعلیٰ اور لوگوں کی صلاح کے لیے نفع بخش معانی پر مشتمل ہونے کے باعث ہے۔ پس یہ اس کی بزرگی ہے۔ اس کی بزرگی کا کمال جس پر وصف مجید کے ساتھ متصف مبالغہ کا صیغہ دلالت کرتا ہے۔ وہ یہ کہ یہ قرآن ان مختلف قسم کے کلاموں پر فائق ہے جو اللہ تعالیٰ کی مراد پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ اس نے (اس قرآن میں) اپنے الفاظ و تراکیب اور اپنے نظم کی شکل و صورت بغیر کسی واسطہ کے اپنی قدرت سے ایجاد کیے۔ اس کے علاوہ دوسرے کلام وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مراد پر بایں صورت دلالت کرتے ہیں کہ ان کے موجد انبیاء و رسل علیہم السلام ہیں اور جو چیز ان کی طرف وحی کی جاتی ہے وہ اسے اپنے کلام میں تعبیر کرتے ہیں)۔

اس مقام پر جواب قسم کے محذوف ہونے کی معنویت کیا ہے اس کو ابن عاشور، محمد الطاہر بن محمد بن محمد الطاہر بن عاشور التونسی (متوفی ۱۳۹۳ھ) بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''وَجَوَابُ الْقَسَمِ مَحْذُوفٌ لِتَذْهَبَ نَفْسُ السَّامِعِ فِي تَقْدِيرِهِ كُلَّ طَرِيقٍ مُمْكِنٍ فِي الْمَقَامِ فَيَدُلُّ عَلَيْهِ ابْتِدَاءُ السُّورَةِ بِحَرْفِ ق الْمُشْعِرِ بِالنِّدَاءِ عَلَى عَجْزِهِمْ عَنْ مُعَارَضَةِ الْقُرْآنِ بَعْدَ تَحَدِّيهِمْ بِذَلِكَ، أَوْ يَدُلُّ عَلَيْهِ الْإِضْرَابُ فِي قَوْلِهِ: بَلْ عَجِبُوا أَنْ جاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ. وَالتَّقْدِيرُ: وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ إِنَّكَ لِرَسُولِ اللَّهِ بِالْحَقِّ''[۳۳]

(قسم کا جواب اس لیے محذوف ہے تاکہ سامع کا نفس اس مقام پر اس کا کھوج لگانے کے لیے ہر ممکن طریق کے استعمال کی طرف جائے۔ پس حرف ق کے ساتھ اس سورۃ کی ابتدا اس پر دلالت کرتی ہے کہ وہ (حرف ق) اس قرآن کے چیلنج کے بعد (کہ وہ کفار اس جیسا قرآن لائیں) ان کے چیلنج قبول کرنے سے عجز پر آگاہی دیتا ہے، یا اللہ تعالی کے اس قول: ﴿بَلْ عَجِبُوا أَنْ جاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ﴾ میں اضراب اس پر دلالت کرتا ہے، چنانچہ پوشیدہ عبارت یہ ہے: ﴿وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ إِنَّكَ لِرَسُولِ اللَّهِ بِالْحَقِّ﴾ قرآن مجید کی قسم بے شک آپ اللہ کے رسول ہیں۔)

نتائج تحقیق

اس تحقیقی مقالہ کے فوائد و نتائج میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

۱۔ قرآنِ حکیم کی پانچ قسمیں کھائی گئی ہیں اور یہ پانچوں قسمیں ہی سورتوں کے آغاز میں ہیں جو حروف مقطعات کے بعد آتی ہیں یعنی ان پانچوں سے پہلے حروف مقطعات آتے ہیں۔

۲۔ یہ پُر حکمت قرآن خود اس بات کی شہادت کے لئے کافی ہے کہ اے محمد ﷺ آپ رسولوں کے زمرے سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ رسول ﷺ کے سوا کوئی دوسرا اس طرح کا حکیمانہ اور معجز کلام پیش کرنے پر قادر نہیں ہے۔ چنانچہ " حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ عَنْھُمَا نے ارشاد فرمایا: قریش کے کفار نے کہا (اے محمد ﷺ) تو مرسل نہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ہماری طرف مبعوث نہیں کیا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کی قسم اٹھا کر فرمایا: (اے محمد ﷺ آپ رسولوں میں سے ہیں۔"[۳۴]

۳۔ " قسم کی اولین غرض و غایت جملہ قسمیہ کے مضمون کی تاکید میں مبالغہ ہے۔ اللہ تعالی کا چیزوں کی قسم کھانے کا مطلب مُقْسَم عَلَیْہ کی بابت ان میں موجود دلائل کو بطور اِستِشْہاد پیش کرنا ہے۔"[۳۵] چنانچہ نبی اکرم ﷺ کی صداقت پر، قرآن حکیم کی صداقت پر، قیامت کی صداقت پر، قرآن حکیم کے عربی زبان میں نازل کرنے کی واضح اور صریح حکمت پر اور قرآن حکیم کے لیلۃ القدر میں

نازل کرنے اور اس کے عالی المرتبت ہونے پر اللہ تعالی کا قرآن حکیم کی قسم کھانا کثیر الجہات معنویت کا حامل ہے۔

۴۔ قرآن حکیم کی صداقت پر اللہ تعالی کا قرآن حکیم کی قسم کھانا بلاغی مَعْنَوِیَّت کا حامل ہے۔۔ ۔" سمین نے کہا: اہل عرب کے نزدیک مقسم بہ اور مُقْسَم عَلَیْہ کا ایک وادی سے ہونا بلاغت میں سے ہے۔"[۳۶] نیز اس کے عالی المرتبت ہونے کا غماز ہے جیسا کہ ابن عاشور نے کہا: "قرآن حکیم کے مُقْسَم بِہ بنانے میں، وصف مبین کے ساتھ اس کے متصف ہونے میں اور جواب قسم اس حقیقت کو بنانے میں کہ اللہ تعالی نے اس قرآن کو واضح بنایا ہے قرآنِ حکیم کے لیے ایک خاص مقام کی غمازی اور عکاسی ہے جبکہ مُقْسَم بِہ ہی مُقْسَم عَلَیْہ ہے۔ یہ ایک بدیع اور عظیم قسم کی بلاغی مَعْنَوِیَّت ہے کیونکہ یہ اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ مُقْسَم عَلَیْہ عالی شرف اور عَالِیُ الْمَرْتبت ہے۔اس لیے کہ مُقْسِم کو اس کے شرف و مرتبہ کا ثبوت دینے کے لیے اسی کو ہی لانا پڑا۔ قسم کے لیے اسے (مُقْسِم کو) اس سے بڑھ کر کوئی اور مناسب چیز نا ملی۔"[۳۷]

۵۔ " قرآن کی قسم، اس کی قسم اس کی عظمت شان سے کنایہ ہے کیونکہ قسم صرف اور صرف اس چیز کی ہوتی ہے جو قسم کھانے والے کے ہاں عظمت والی ہوتی ہے۔ لہٰذا تعظیم لوازم قسم سے ہے۔ کنایہ کے طور پر عظمت ذکر کرنے کے بعد قرآن کے وصف مجید کو ذکر کرکے صریح طور پر اس کی عظمت بیان کی ہے۔ پس قرآن مجد اور بزرگی کے وصف سے متصف ہے۔ مجد اور مجادہ کہا جاتا ہے جو شرف کامل اور ایک طرح کی بزرگی ہے۔

۶۔ مختلف قسم کے کلاموں کے مابین قرآن حکیم کو شرف اس کے اعلی اور لوگوں کی اصلاح کے لیے نفع بخش معانی پر مشتمل ہونے کے باعث ہے۔ پس یہ اس کی بزرگی ہے۔ اس کی بزرگی کا کمال جس پر وصف مجید کے ساتھ متصف مبالغہ کا صیغہ دلالت کرتا ہے۔ وہ یہ کہ یہ قرآن ان مختلف قسم کے کلاموں پر فائق ہے جو اللہ تعالی کی مراد پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ اس نے (اس قرآن میں) اپنے الفاظ و تراکیب اور اپنے نظم کی شکل و صورت بغیر کسی واسطہ کے اپنی قدرت سے ایجاد کیے۔ اس کے علاوہ دوسرے کلام وہ ہیں جو اللہ تعالی کی مراد پر بایں صورت دلالت کرتے ہیں کہ ان کے موجد انبیاء و رسل علیہم السلام ہیں اور جو چیز ان کی طرف وحی کی جاتی ہے وہ اسے اپنے کلام میں تعبیر کرتے ہیں۔"[۳۸]

حوالہ جات وحواشی

۱- سورۃیسین٣٦ :١تا٤

۲- سورۃص٣٨ :١، ٢

۳- سورۃالزخرف٤٣ :١تا٣

٤- سورۃالدخان٤٤ :١تا٣

٥- سورۃق٥٠ :١تا٢

٦- سورۃالطور٥٢ :٢

۷- القرطبی،ابو عبد الله ،محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الأنصاری الخزرجی شمس الدین (متوفی:٦٧١هـ): الجامع لأحکام القرآن الشهیربتفسیر القرطبی،ج١٧،ص٥٩ ، تحقیق: أحمد البردونی وإبراهیم أطفیش،دار الکتب المصریة – القاهرة،الطبعة الثانیة، ١٣٨٤هـ - ١٩٦٤ م، عدد الأجزاء:٢٠ جزءا (فی ١٠ مجلدات)۔

۸- سورۃالنجم٥٣: ١

۹- القرطبی ،ابو عبد الله ،محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الأنصاری الخزرجی شمس الدین (المتوفی: ٦٧١هـ): الجامع لأحکام القرآن الشهیربتفسیر القرطبی،ج١٧،ص٨٢۔

۱۰- سورۃالواقعۃ،٥٦ :٧٥

۱۱ - المصدر السابق،ج١٧،ص٢٢٤

۱۲- ابن القیم،محمد بن ابو بکر بن ایوب بن سعد، شمس الدین، الجوزیہ (متوفی: ٧٥١هـ): التبیان فی أقسام القرآن،ج١،ص٢٠٣۔ تصحیح محمد حامد الفقی، ط ١، مطبعہ حجازی بالقاهرة، سنة ٩٣٣م۔

۱۳- سورۃیسین٣٦ :١تا٣

۱٤- اصلاحی، مولانا امین احسن: تدبر قرآن، ج٦، ص۴۰۱، ۴۰۰، فاران فاؤنڈیشن، لاہور۔

۱٥- الازہری، پیر محمد کرم شاہ: ضیاء القرآن، ج۴، ص۱٦۸، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور۔

۱٦- القرطبی، الجامع لأحکام القرآن ،ج١٥،ص٥۔

۱۷- العمادی،ابو السعود محمد بن محمد بن مصطفی (متوفی: ٩٨٢هـ): إرشاد العقل السلیم إلی مزایا الکتاب الکریم ،الشهیر بتفسیر أبی السعود ،ج٧،ص١٥٩،،دار الفکر ، بیروت ۔

۱۸- ابن عاشور ،محمد الطاهر بن محمد بن محمد الطاهر بن عاشور التونسی (متوفی: ١٣٩٣هـ): التحریر والتنویر «تحریر المعنی السدید وتنویر العقل الجدید من تفسیر الکتاب المجید» ج٢٢، ص٣٤٥،»، الدارالتونسیة للنشر – تونس ،سنة النشر: ١٩٨٤ ٥۔

۱۹- الزحیلی ،ڈاکٹر وہبہ بن مصطفی : التفسیر المنیر فی العقیدة والشریعة والمنهج،ج٢٢ ،ص٢٩١۔

۲۰- پیر محمد کرم شاہ الازہری: ضیاء القرآن، ج۴، ص۱٦۸، ۱٦۷، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور۔

۲۱- ایضاً،ص ٣٨: ١،٢۔

۲۲- العمادی، إرشاد العقل السلیم إلی مزایا الکتاب الکریم ، ج٧،ص٢١٣۔

۲۳- ابن عاشور ، التحریر والتنویر ،ج٢٥،ص،١٥٩۔

۲٤- الأرمی العلوی الهرری ،محمد الأمین بن عبد الله،الشافعی: تفسیر حَدَائِقُ الرَّوْحِ وَالرَّيْحَان فی رَوَابِيْ عُلُوْمِ الْقُرْآن،ج٢٦،ص١٨٩، إشراف ومراجعة: ڈاکٹرہاشم محمد علی بن حسین مهدی،دار طوق النجاة، بیروت – لبنان الطبعة: الأولی، ١٤٢١ هـ - ٢٠٠١ م ۔ثُمَّ أَتْبَعَهُ الْقَسَم مَحْذُوْف الْجَوَابِ لِدَلَالَةِ التَّحَدِّیْ عَلَيْهِ، كَأَنَّهُ قَالَ وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ إِنَّهُ لَكَلامٌ مُّعْجِزٌ، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل،ج٤،ص٧٠

۲٥- سورۃالزخرف ٤٣: ١تا٥۔

٢٦- البقاعی،إبراهيم بن عمر بن حسن الرباط بن على بن ابى بكر (متوفى ٨٨٥هـ): نَظْمُ الدُّرَرِ فى تَنَاسُبِ ٱلآيَاتِ وَالسُّوَر،ج١٧،ص٣٧٨ ، دار الكتاب الإسلامى، القاهرة، عدد الأجزاء: ٢٢۔
*وہ آیات مبارکہ یہ ہیں: وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ (٥٢) صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ (٥٣) (الشوری:٥٣،٥٢)

٢٧- محمد الامين بن عبد الله الارمى العلوى الهررى الشافعى تفسير حَدَائِقُ الرَّوْحِ وَالرَّيْحَان فى رَوَابِيْ عُلُوْمِ الْقُرْآن،ج٢٦،ص١٨٩۔

٢٨- سورة الدخان ٤٤ : ١تا٦۔

٢٩ ابن عاشور ، التحرير والتنوير ج٢٥،ص١٥٩۔٢

٣٠- سورةقٓ٥٠: ١تا٥۔

٣١- القرطبى ، الجامع لأحكام القرآن ،ج١٧،ص ١تا٤۔

٣٢- ابن عاشور التحرير والتنوير ،ج٢٦،ص٢٧٧،٢٧٦ ۔

٣٣- نفس المصدر،ج٢٦،ص٢٧٧۔

٣٤- القرطبى، الجامع لأحكام القرآن ،ج١٥،ص٥۔

٣٥- الأرمى، تفسير حَدَائِقُ الرَّوْحِ وَالرَّيْحَان ،ج٢٦،ص١٨٩۔

٣٦- البقاعى، نَظْمُ الدُّرَرِ فى تَنَاسُبِ ٱلآيَاتِ وَالسُّوَر،ج١٧،ص٣٧٩،٣٧٨۔

٣٧- ابن عاشور ، التحرير والتنوير ،ج٢٥،ص١٥٩۔

٣٨- المصدر السابق ،ج٢٦،ص٢٧٧،٢٧٦ ۔

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

عقیدہ کی تعبیر میں قرآن مجید کا فطرتی و عقلی منہج : تحقیقی جائزہ

***حافظ محمد اسحاق**
پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد
****ڈاکٹر عظمیٰ بیگم**
ایسوسی ایٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کھڑک راولا کوٹ

ABSTRACT

Islam built on concrete belief and it is not changeable faith. Islamic Belief is not a practical thing but a matter of knowledge which the Muslim is obliged to believe in his heart. The Quran defined this faith to believe in Allah, His Messengers, angels, Books and the Meeting with Him and to believe in the final Resurrection. From this faith, the believer may find answers to all questions about everything and how to behave according to the rules of Islamic teachings. However, some religious scholars concentrated at one stage on documenting Islam and answering to those deviating from it by using an approach influenced by Greek philosophy. They also interpreted the Quran based upon Greek thought. The Quran has narrated the two kinds of faith. The correct faith is composed of the set of beliefs brought by the Messengers of Allah and the other kind is false faith or falseness stems from the fact that they are the product of human thought or Greek philosophy. The Qur'an gives evidence in different from the manner about faith and belief. The Qur'an points the evidence of visible signs in the universe. The Qur'an describes many natural and sold examples for the interpreting of faith. The research looks at the views of the Islamic religious scholars, taking a methodological approach to their debates on various issues and makes evident the comprehensive nature of the Quran and the message of Allah in dealing with all aspects of society. In this article, the researcher highlights Islam as a distinctive faith from which may be drawn balance, the divine and all-inclusiveness. The article concludes by arguing that the Quran provide a comprehensive source of faith, consistent with instinct and reason, and emphasizes that Islam as a religion possesses answers to all of today's issues.

اسلام کی عمارت اس بنیادی عقیدہ پر قائم ہے جو کہ دین کی اصل اور بنیاد ہے۔اس عقیدہ پر ایمان اور یقین رکھنے والے شخص کو مسلمان جبکہ یقین نہ رکھنے والے کو کافر قرار دیا جاتا ہے۔ عقیدہ اسلامی کی پہلی کتاب قرآن مجید ہے۔بعد میں محققین اسلام نے عقیدہ کے اصول و قواعد وضع کئے ہیں۔ جن کو علم الکلام یا علم عقیدہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اور ان قواعد پر شریعت کی عمارت قائم ہے۔ علم عقیدہ یا کلام کی تدوین میں کئی اسلوب اختیار کئے گئے ہیں۔کچھ متکلمین اسلام نے یونانی فلسفہ سے متاثر ہو کر اسلامی عقیدہ کو یونانی منہج و اسلوب کے مطابق تعبیر کیا ہے۔ دیگر متکلمین اسلام نے عقلی استدلال کے مطابق قرآنی عقائد کی تفسیر کی ہے۔ان دونوں اسالیب میں قرآنی منہج سے ہٹ کر جدل و مناظرانہ اسلوب کا رنگ اختیار کرتا گیا یہاں تک کہ مختلف لوگوں نے اسلام میں غیر قرآنی عقائد گھڑ لیے اور امت کو تفریق کا شکار کر کے مختلف فرقوں میں بانٹ دیا۔ جیسے معتزلہ اور مرجیہ فرقے معرض وجود میں آئے۔ عقیدہ کی تعبیر و تشریح میں قرآن کا منہج و اسلوب فطرتی ہے جو کہ عقل کے موافق ہے۔اور یہی وہ منہج ہے جو اہل سنت متکلمین نے اختیار کیا ہے۔ عقائد کی

ترویج و تعبیر کے لئے قرآن نے فطرتی ، عقلی، مناظرانہ، تذکیر بالاء اللہ، تذکیر بایام اللہ، تذکیر بالموت والبعث، تمثیلی، استفہامی اور قصصی اسالیب کو اختیار کیا ہے۔ عقائد اسلامیہ کے متعلق قرآنی منہج توقیفی، غیبۃ پر ایمان، کلیات وفروعات کا حامل، ارکان اسلام میں ربط و متوازی ہونا اور فہم وفراست کے مطابق عقیدہ ہونا جیسی صفات سے متزین ہے۔اور قرآن کے مطابق اسلامی عقیدہ حقیقت وفطرت پر مبنی ، فلسفیانہ اور مناطقہ کے عقلی استدلالات اور صوفیانہ افکار و نظریات سے مبرا ہے۔ مقالہ ہذا میں بیانیہ، استقرائی اور استنباط و استدلال کا طریقہ تحقیق اختیار کیا گیا ہے۔خلاصہ تحقیق یہ ہے کہ عقائد کے بیان و تعبیر کرنے میں قرآن و سنت کا منہج ہی انسانی عقل اور فطرت کے موافق ہے۔ اور عصر حاضر میں اسلام کو مختلف فرقوں سے پاک کرنے اور اتفاق واتحاد پیدا کرنے کے لئے قرآنی عقائد پر عمل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

مقالہ ہذا کا تعلق علوم دینیہ کی پہلی قسم سے ہے جس میں وہ اسلامی عقیدہ ہے جس کو قرآن نے بیان کیا ہے۔اور یہی عقیدہ فطرت اور عقل کے مطابق ہے۔ مقالہ کے مندرجات پر بحث کرنے سے قبل چند تمہیدی اصطلاحات کی تعریفات ذکر کی جاتی ہیں:

عقیدہ کا معنی و مفہوم

" عقیدہ" عقد سے ماخوذ ہے۔ لسان العرب نے " عقیدہ "کے درج ذیل معانی ذکر کیے ہیں۔

''الشد، والربط، والایثاق، والثبوت والاحکام ''[1]

(سخت، باندھنا، وعدہ کرنا، ثابت کرنا اور حکم دینے کے معنیٰ میں ہے)

عقیدہ کی اسلامی اصطلاحی تعریف یوں کی گئی ہے۔

''الایمان باللہ تعالیٰ و بملائکتہ ورسلہ والیوم الاخر وبالقدر خیرہ و شرہ''[2]

(اس سے مراد اللہ کی ذات پر، اس کے ملائکہ، رسل، کتب، یوم آخرت اور ہر اچھی وبری تقدیر پر ایمان رکھنا ہے)۔

کچھ محققین اسلام نے " عقیدہ صحیحہ " کو "سنت "کا نام بھی دیا ہے۔ جیسے امام احمد بن حنبل نے "علم عقائد "کے عنوان پر "السنۃ" اسی طرح امام ابن ابی عاصم نے بھی "السنۃ" کے نام سے کتاب تحریر کی ہے۔ بعض علماء نے عقیدہ کو "علم اصول دین" کا نام بھی دیا ہے۔ دین کے اصول سے مراد " عقائد " جبکہ فروع سے مراد " عملی احکام " ہیں۔ جیسے نماز، روزہ، زکوۃ، حج معاملات وغیرہ عملی احکام میں شامل ہیں۔ جیسے ابوالعز حنفیؒ "شرح عقیدہ طحاویہ "کے مقدمہ میں لکھتے ہیں۔

''اما بعد فانہ کان علم اصول الدین اشرف العلوم اذ شرف العلم بشرف المعلوم''۔

(امابعد بے شک یہ علم "اصول دین" اشرف العلوم ہے۔ کیونکہ علم کی عزت معلوم کی عزت سے ہوتی ہے۔)

نیز امام ابو حنیفہؒ نے "علم عقیدہ " کو "الفقہ الاکبر" کا نام جبکہ "علم فقہ و شرعی احکام کو "الفقہ الاصغر" کا نام دیا ہے اور امام ابو حنیفہؒ نے "علم عقائد " پر مشتمل تالیف "الفقہ الاکبر" کے نام سے تالیف کی ہے۔

بعض لوگوں نے ''علم عقیدہ''اور ''علم کلام ''کو مترادف قرار دیا ہے۔ لہٰذا ان کے مابین فرق بیان کرنے سے قبل علم الکلام کی تعریف ضروری ہے۔ ''علم کلام'' دو الفاظ کا مرکب ہے۔ اور علم کی تعریف یوں کی گئی ہے۔

''ادراک الشئی بحقیقتہ الیقین والمعرفۃ''[۴]

(علم سے مراد، کسی شے کی حقیقت کا ادراک ہے یعنی یقین و معرفت حاصل ہو۔)

اسلامی عقائد کے مصادر

اسلامی عقائد کے بنیادی اور ابتدائی دو مصادر ہیں:

۱۔ قرآن کریم عقیدہ کی پہلی کتاب

قرآن مجید جو کہ دین کے کلی اصول و فروع کا منبع ہے۔ قرآن مجید کے بغیر کوئی بھی عقیدہ کامل نہیں ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے عقیدہ کی ترویج کے لیے عقلی اور فطرتی دلائل پیش کیے ہیں۔ قرآن کریم کی تمام سورتوں میں عقیدہ کے ارکان اور ان کے متعلق دلائل ملتے ہیں۔ آنے والے صفحات میں عقائد کے متعلق قرآنی منہج سے گفتگو کی جائے گی۔

۲ . سنت نبوی

قرآن مجید کی تشریح احادیث مبارکہ سے ہوتی ہے۔ نبی پاک خود اپنی طرف سے کوئی کلام نہیں کرتے ہیں۔ ارشادِ ربانی ہے:

﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى إِنْ هُوَ إِلاَّ وَحْيٌ يُوحَى﴾[۵]

(اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے۔)

حضرت حسان بن عطیہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ''کان جبرائیل ینزل علی النبی بالسنۃ فیعلمہ ایاھا کما یعلمہ القرآن''[۶] (حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ پر سنت لے کر نازل ہوتے تھے اور اس کی اسی طرح تعلیم دیتے تھے جیسے قرآن کی تعلیم دیتے تھے۔)

نبی کریم ﷺ نے بے شمار مواقع پر عقیدہ کے اصول و فروع بیان کئے ہیں۔ مختلف مناہج کے ذریعے آپ نے عقیدہ کی پختگی اور تحفظ کے لیے عقلی و نقلی دلائل پیش کیے ہیں۔ نبی پاک نے ان لوگوں کے اذہان میں اسلامی عقیدہ راسخ کیا ہے۔ جو اجڈ اور ان پڑھ تھے۔ ساتھ ساتھ ہٹ دھرم، ضدی اور غرور و تکبر سے بھرے ہوئے تھے۔ یہ نبی پاک کا اسلوب تربیت ہی تھا کہ جو قوم ۳۶۰ بتوں کی پجاری تھی۔ وہ چند سالوں میں خدائے بزرگ و برتر کی وحدانیت کی قائل ہو گئی۔

علمائے حقہ نے اسلامی عقائد کے ارکان و جزئیات کو احادیث صحیحہ سے ثابت کیا ہے۔ احادیث ضعیفہ و موضوعہ عقیدہ کی بنیاد نہیں بن سکتی ہیں۔ بلکہ ایسی احادیث جو متواتر یا مشہور یا ایسی خبر واحد جو قطعی الثبوت ہیں ان کو متکلمین اسلام نے عقائد کے لئے مصدر تسلیم کیا ہے۔ اسلامی عقائد میں بگاڑ اور تبدیلی کی اصل وجہ بھی یہی ہے کہ احادیث صحیحہ کی بجائے احادیث ضعیفہ اور موضوعہ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

''وان من اعظم اسباب الضلال والا نحراف عن السنة والعقیدة الصحیحة الاحتجاج بالا حادیث والاخبار االضعیفة والمکذوبة وبناء الاعتقاد علیها و بخاصة فیها یتعلق بمباحث الالوہیة والصفات و نحوها''[۷]

(گمراہی کے بڑے اسباب اور سنت نبوی و صحیح اسلامی عقیدہ سے انحراف کی اصل وجہ یہ ہے کہ ان احادیث اور اخبار کو بنیاد بنایا گیا ہے جو ضعیف اور من گھڑت ہیں۔اور ان جھوٹی احادیث پر اعتقاد کی بنیاد رکھنا اور خصوصی طور پر ان سے مباحث الوہیت اور صفات الٰہی کو ثابت کرنا گمراہی کی اصل وجہ ہے)۔

عقیدہ کی تعبیر میں قرآن مجید کے مناہج واسالیب

قرآن مجید کی دعوت سب لوگوں کے لیے ہے، لہٰذا قرآن نے لوگوں کے ذہنی معیار کو سامنے رکھتے ہوئے عقیدہ کی تبلیغ کی ہے۔ قرآن مجید جس زمانہ اور جس جگہ نازل ہوا ہے اگر اس وقت کے صرف لوگوں کے اعتقادی اور مذہبی نظریات کی طرف توجہ دی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مکہ میں بت پرست، مدینہ میں یہود تھے۔ جبکہ سیاسی طور پر دو سپریم طاقتوں کے بھی اعتقاد و مذہب میں شدید اختلاف تھا۔ اگر ایک طرف روم میں عیسائی مذہب تھا تو دوسری جانب مخالفت میں ایرانی آگ پرست تھے۔ عرب میں توحید کا تو دھندلا سا تصور موجود تھا۔ مگر عجمی کہیں تو آگ کی پوجا اور کہیں بتوں کے سامنے سر بسجود تھے۔ درج بالا گفتگو سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کے اولین مخاطبین کے نظریات اور اعتقادات بھی آپس میں نہیں ملتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید نے عقیدہ کی پختگی، اشاعت ترویج کے لیے مختلف دعوت کے مناہج واسالیب اختیار کئے ہیں۔ کیونکہ مختلف فکر و نظریات اور الگ الگ تہذیب و تمدن کے حامل لوگوں کو ایک ہی طریقہ یا منہج پر عقیدہ کی ترویج نہیں کی جاسکتی ہے۔ ذیل میں ہم قرآن کے عقیدہ کے اثبات و پختگی کے حوالہ سے چند مناہج کا ذکر کرتے ہیں۔

ا۔ قرآن کا منہج فطرتی یا وجدانی

ہر انسان کا ایک فطرتی میلان یا توجہ ہوتی ہے۔ جس کے مطابق وہ کام کاج اور سوچ و بچار کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو فطرت سلیمہ پر پیدا کیا ہے اور ہر شخص کو جب فطرت پر پیدا کیا گیا تو اس کو خطاب بھی فطری طریقہ پر کیا جانا چاہئیے۔ اسی وجہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو فطرتی طریقہ سے مخاطب کیا ہے۔ وجدانی یا فطرتی طریقہ میں انسان کے اندر ایک شعوری صفت پیدا کی جاتی ہے تاکہ وہ اس صفت کے ذریعے چیزوں کا ادراک اور فہم حاصل کرسکے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی انسان کو جب عقیدہ توحید کی دعوت دی تو یہی اسلوب اختیار کیا کہ دنیا میں موجود اللہ کی آیات و نشانیوں اور خلقت کے عظیم شاہکاروں کا تذکرہ کرکے انسان کو اشیاء کی حقیقت و ماہیت جاننے پر متوجہ کیا پھر کہا کہ ان اشیاء کا کوئی نہ کوئی تو خالق ہی ہے۔ جب انسان میں یہ شعور اور ادراک پیدا ہو جائے گا کہ ہر چیز کا کوئی نہ کوئی خالق ہے۔ کیونکہ تمام اشیاء تخلیق میں واضع یا خالق کی محتاج ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے اتنا بڑا آسمان اور اتنی بڑی زمیں خالق کے بغیر ایسے ہی معرض وجود میں آجائے۔ اس طرح انسانی ذہن میں اشیاء کی معرفت پیدا کرکے عقیدہ توحید

کو راسخ کیا گیا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے انسان کو کھیتی باڑی اگانے کے اسباب و ذرائع کا شعور پیدا کیا۔ اور کہا ہے کہ کھیتی کے لیے پانی آسمان سے آتا ہے اور پانی نازل کرنے والا کون ہے؟ لا محالہ آسمان سے پانی کا نازل کرنے والا اللہ ہی ہے ۔فرمایا:

﴿هُوَ الَّذِي أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ يُنبِتُ لَكُم بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ﴾[۸]

(وہی ہے جس نے آسمانوں سے پانی اتارا۔ اس سے تمہارا پینا ہے اور اس سے درخت ہیں جس سے چراتے ہو اس پانی سے تمہارے لیے کھیتی اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل بے شک اس میں نشان ہے غور و فکر کرنے والوں کے لیے۔)

قرآن مجید نے عقیدہ توحید کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

ا۔ توحید فی الربوبیۃ

توحید فی الربوبیۃ یہ ہے کہ اللہ کی ذات ہر چیز کی خالق ہونے میں واحد و یکتا ہے۔ وہی خالق، وہی رازق ہے۔ اور اسی قسم کو توحید اللہ بافعالہ کہا جاتا ہے۔ قرآن مجید نے متعدد مقامات پر زور بیان اور کلمات حصر میں توحید کی اس قسم کو بیان کیا ہے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق و مالک ہے۔

﴿إِنَّ رَبَّكُمُ اللهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ﴾[۹]

(بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین (کی کائنات) کو چھ مدتوں (یعنی چھ اَدوار) میں پیدا فرمایا پھر (اپنی شان کے مطابق) عرش پر استواء (یعنی اس کائنات میں اپنے حکم و اقتدار کے نظام کا اجراء) فرمایا۔ وہی رات سے دن کو ڈھانک دیتا ہے (درانحالیکہ دن رات میں سے) ہر ایک دوسرے کے تعاقب میں تیزی سے لگا رہتا ہے اور سورج چاند اور ستارے (سب) اسی کے حکم (سے ایک نظام) کے پابند بنا دیئے گئے ہیں۔ خبردار! (ہر چیز کی) تخلیق اور حکم و تدبیر کا نظام چلانا اسی کا کام ہے۔ اللہ بڑی برکت والا ہے جو تمام جہانوں کی (تدریجاً) پرورش فرمانے والا ہے)

ایک اور جگہ ارشاد ربانی ہے:

﴿هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾[۱۰]

(وہی ہے جس نے سب کچھ جو زمین میں ہے تمہارے لئے پیدا کیا، پھر وہ (کائنات کے) بالائی حصوں کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے انہیں درست کرکے ان کے سات آسمانی طبقات بنا دیئے، اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔)

ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ ﴾ "

(بیشک اللہ ہی ہر ایک کا روزی رساں ہے، بڑی قوت والا ہے، زبردست مضبوط ہے۔

۲۔توحید فی الالوہیۃ

اسی قسم کو "توحید العبادۃ" کا نام بھی دیا گیا ہے۔اس سے مراد اللہ کو وحدہ لاشریک تسلیم کرکے صرف اسی کی ہی عبادت کی جائے۔ارشاد ربانی ہے۔

﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ﴾[۱۲]

(ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔)

۳۔توحید فی الاسماء والصفات

اس بات کا عقیدہ رکھنا کہ اللہ کے نام اور صفات بلند ہیں۔اور اللہ کی صفات، صفات کمالیہ سے متصف ہیں اور وہ نقص سے پاک و مبرا ہے۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى فَادْعُوهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ﴾[۱۳]

(اور اللہ ہی کے ہیں بہت اچھے نام تو اسے ان سے پکارو اور انہیں چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں حق سے نکلتے ہیں وہ جلد اپنا کام کیا پائیں گے۔)

جس طرح قرآن مجید نے عقیدہ توحید کی ترویج و تبلیغ میں فطرتی و وجدانی منہج و اسلوب اختیار کیا ہے اسی طرح عقیدہ آخرت کے متعلق بھی قرآن نے فطرتی طریقہ سے دعوت دی ہے۔اللہ تعالیٰ نے خود حضرت انسان سے سوال کیا ہے کہ کون زندگی کا خالق ہے؟ کون موت کا خالق ہے؟ کس کے حکم سے زندگی رواں دواں ہے؟ ان سب سوالوں کا جواب اللہ تعالیٰ نے فطرت کے تقاضوں اور اصولوں کے مطابق دیا۔ارشاد ربانی ہے:

﴿ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ﴾[۱۴]

(بڑی برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں سارا ملک اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔وہ ہے جس نے موت اور زندگی پیدا کی تاکہ تمہاری جانچ ہو۔تم میں کس کا کام اچھا ہے اور وہی عزت والا، بخشش والا ہے۔)

الغرض قرآن مجید نے فطرتی طریقہ کے مطابق دن رات کا ایک دوسرے کے بعد آنا، سورج کا غروب و طلوع ہونا، چاند کا چھوٹا بڑا ہونا، بادلوں کا گرجنا چمکنا اور بارش برسانا۔ حجر و شجر کا وجود ہونا، جیسی فطرتی تمثیلات دے کر انسان کے عقیدہ کو مضبوط کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ سب تمثیلات فطرت کے عین مطابق اس وجہ سے بیان کیں تاکہ انسان کے اندر شعوری حس بیدار ہو اور وہ توحید باری تعالیٰ پر پختہ اعتقاد رکھ سکے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَآبَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ﴾[۱۵]

(بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات دن کی گردش میں اور ان جہازوں (اور کشتیوں) میں جو سمندر میں لوگوں کو نفع پہنچانے والی چیزیں اٹھا کر چلتی ہیں اور اس (بارش) کے پانی میں جسے اللہ آسمان کی طرف سے اتارتا ہے پھر اس کے ذریعے زمین کو مُردہ ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے (وہ زمین) جس میں اس نے ہر قسم کے جانور پھیلا دیئے ہیں اور ہواؤں کے رُخ بدلنے میں اور اس بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان (حکمِ الٰہی کا) پابند (ہو کر چلتا) ہے (ان میں) عقلمندوں کے لئے (قدرتِ الٰہی کی بہت سی) نشانیاں ہیں۔)

۲۔ قرآن مجید کا عقیدہ کے اثبات کے لیے عقلی منہج

قرآن مجید کے مخاطبین مختلف نظریات کے حامل تھے، یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید نے عقیدہ کی ترویج و اشاعت کے لیے "منہج عقلی" بھی اختیار کیا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو سوچنے کے لیے عقل دی ہے اور اکثر گمراہی وضلالت کا سبب بھی یہی عقل بنتی ہے۔ ہر شخص اپنی عقل کے مطابق سوچتا ہے۔ اگر کسی بات کو انسان کی عقل تسلیم نہیں کرتی تو اس کو کوئی بھی مطمئن نہیں کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عقیدہ اسلامیہ کے لیے عقلی اعتراضات و عقلی استدلالات کا جواب عقلی تعبیرات کے ساتھ دیا ہے۔ قرآن مجید کے عقلی منہج کا کئی لوگوں نے اعتراف کیا ہے۔ جیسے ابن تیمیہ ایک مقام پر لکھتے ہیں۔

"فالاستدلال على الخالق بخلق الانسان فى غاية الحسن والا ستقامة وهى طريقة عقلية وهى شرعية دل عليها القرآن"[۱۶]

(انسان کی خلقت سے خالق پر استدلال، حسن اور استقامہ کے لحاظ سے، یہ عقلی اور شرعی بھی ہے جس پر خود قرآن دلالت کرتا ہے۔)

عقل نے بہت سے گمراہ فرقوں کو بھی جنم دیا ہے۔ اسلام کے مشہور فرقوں میں سے معتزلی فرقہ بھی عقل کا پجاری تھا۔ معتزلہ نے عقل کے بل بوتے پر عقائد کی نئی قسمیں گھڑ لیں۔ جیسے انہوں نے اصول خمسہ کا تصور پیش کیا۔ ابو الحسین خیاط لکھتے ہیں:

> ''(۱) توحید (۲) عدل (۳) وعد اور وعید (۴) المنزلۃ بین المنزلتین (۵) امر بالمعروف و نھی عن المنکر جب تک کسی انسان میں یہ پانچ اصول موجود نہ ہو اس وقت وہ معتزل کہلانے کا مستحق نہیں ہے۔[۱۷]'' معتزلہ نے تمام عقائد کو عقل کی کسوٹی پر پرکھا ہے۔ اسی اصول کی بنیاد پر معتزلہ اور اس کے حواری احادیث و احکام الٰہی کو عقل کی وجہ سے باطل طریقہ پر رد کرتے ہیں۔ معتزلہ کا خیال ہے کہ عقل تمام اشیاء کی اچھائیوں اور برائیوں کا ادراک کر سکتی ہے۔ جیسے سچ اچھا ہے اور جھوٹ بری بات ہے۔ اس کے لیے شریعت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ عقل خود اس کا ادراک کر لیتی ہے''[۱۸]

معتزلہ نے عقل کی بنیاد پر بہت سی اشیاء کا انکار بھی کیا ہے۔ جیسے جادو اور سحر کا انکار کیا ہے۔ عقل پرستی کی وجہ سے معتزلہ نے جادو اور سحر کو خرافات قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ پر جادو کے متعلق احادیث صحیحہ کی من گھڑت تاویل کی ہے۔ جادو اور سحر کے متعلق معتزلہ کا نقطہ نظر صاحب کشاف کی اس تفسیر سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً "نفاثات" سے وہ جادو گر عورتیں اور وہ گروہ مراد ہیں جو سحر کا پیشہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ان دھاگوں وغیرہ میں کوئی تاثیر نہیں ہوتی[۱۹] اسی طرح ایک اور مسئلہ بھی عقل پرستی کی وجہ سے بہت پھیلا کہ کیا وحی عقل کے تابع ہے یا عقل وحی کے تابع ہے؟ معتزلہ کہتے ہیں کہ عقل وحی سے برتر ہے۔ کیونکہ وحی کی سمجھ بوجھ کے لیے عقل کا ہونا ضروری ہے۔ اس لیے عقل کو وحی پر فوقیت حاصل ہے۔ لیکن متکلمین میں سے اشاعرہ نے اس کے برعکس کیا ہے کہ وحی عقل سے برتر ہے اور یہی صحیح مسلک ہے۔

قرآن مجید نے بھی عقل کے پجاریوں کے لیے عقلی منہج اختیار اس لئے اختیار کیا ہے کہ عقل پرستوں کے نزدیک ہر چیز کی اچھائی یا برائی کے لیے عقل ہی ترازو ہے۔ نیز انہوں نے عقلی توجیہ کے بغیر کوئی بات سننی ہی نہیں ہے۔ اس وجہ سے قرآن مجید نے عقیدہ کے اثبات کے لیے عقلی منہج اختیار کیا۔ عقل کے پجاریوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں عقیدہ کے اثبات پر ٹھوس قسم کے عقلی استدلال پیش کیے ہیں۔ جن کو کوئی بھی معمولی سی عقل رکھنے والا رد نہیں کر سکتا ہے۔ عقل پرست اشیاء کی حقیقت و ماہیت کو جاننے کے لئے بہت بے تاب ہوتے ہیں۔ کیونکہ عزالدین لکھتے ہیں۔ ''ان النظر فکر موصول الیٰ معرفة او اعتقاد اوظن''[۲۰] (بلاشبہ غور و فکر کرنا معرفت یا اعتقاد باطن کے حصول کا باعث بنتا ہے۔)

قرآن کے عقلی منہج پر دو آیات ملاحظہ ہوں:

۱۔ ﴿قُلِ انظُرُواْ مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا تُغْنِي الْآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَن قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ﴾[۲۱]

(فرما دیجئے: تم لوگ دیکھو تو (سہی) آسمانوں اور زمین (کی اس وسیع کائنات) میں قدرتِ الٰہیہ کی کیا کیا نشانیاں ہیں اور (یہ) نشانیاں اور (عذابِ الٰہی سے) ڈرانے والے (پیغمبر) ایسے لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے جو ایمان لانا ہی نہیں چاہتے۔)

۲۔﴿أَوَلَمْ يَنظُرُواْ فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَى أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ﴾[۲۲]

(کیاانہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت میں اور (علاوہ ان کے) جو کوئی چیز بھی اللہ نے پیدا فرمائی ہے (اس میں) نگاہ نہیں ڈالی؟ اور اس میں کہ کیا عجب ہے ان کی مدتِ (موت) قریب آچکی ہو، پھر اس کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔)

۳۔ عقیدہ کے اثبات میں قرآن کا مخاصمانہ منہج

قرآن مجید نے عقیدہ کی ترویج کے لیے جو اسالیب اختیار کیے ہیں۔ ان میں سے ایک مخاصمانہ یا منہج جدل اور رد کا اسلوب بھی ہے۔ قرآن مجید نے مشرکین، یہود و نصاریٰ اور منافقین کے عقائد کا نہایت فصیح و بلیغ انداز میں رد پیش کیا ہے۔ قرآن مجید نے مذکورہ گروہوں کے فاسد عقائد کو ذکر کرکے ان میں موجود خرابیوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ اور پھر اس پر مخاصمانہ انداز میں دلائل بھی دیئے ہیں۔ قرآن مجید نے خود اپنی دعوت کا طریقہ کار بیان کیا ہے۔

﴿ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ﴾[۲۳]

((اے رسولِ معظّم ﷺ) آپ اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلایئے اور ان سے بحث (بھی) ایسے انداز سے کیجئے جو نہایت حسین ہو، بیشک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو (بھی) خوب جانتا ہے۔)

قرآن نے لوگوں کے اذہان کو فاسد عقائد سے پاک کرنے کے لئے ایک اچھوتا اور منفرد انداز اختیار کیا ہے کہ ان سے احسن انداز میں مکالمہ کرو۔ جیسے منکرین خدا نے زندگی اور موت کو زمانہ کی طرف منسوب کیا ہے۔ اور بولے یہ تو زمانہ کے تابع ہیں۔ قرآن مجید نے ان کے اس غلط عقیدہ کی وجہ بھی بیان کی کہ یہ ان کا اپنا گمان ہے۔

﴿وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُم بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ﴾[۲۴]

(اور وہ کہتے ہیں: ہماری دنیوی زندگی کے سوا (اور) کچھ نہیں ہے ہم (بس) یہیں مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں زمانے کے (حالات و واقعات کے) سوا کوئی ہلاک نہیں کرتا (گویا خدا اور آخرت کا مکمل انکار کرتے ہیں)، اور انہیں اس (حقیقت) کا کچھ بھی علم نہیں ہے، وہ صرف خیال و گمان سے کام لے رہے ہیں۔)

۴۔ عقیدہ کے اثبات میں قرآن کا منہج تذکیر بآلاء اللہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی واحدنیت کا قائل کرنے کے لیے مختلف نعمتوں کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ تذکیر کا مطلب یاد دہانی کرانا ہے۔ اس منہج کے مطابق قرآن مجید نے ایسے واقعات، تمثیلات اور نعمتوں کا ذکر کیا ہے جو انسان کو کسی غفلت یا غلطی کے نتیجہ کیوجہ سے بھولی ہوئی ہیں۔ لیکن وہ ان سے بالکل نامانوس نہیں ہے۔ قرآن مجید نے متعدد مقامات ہر اپنی نعمتوں کا تذکرہ کیا ہے۔ جیسے ایک پوری سورت "رحمٰن "تذکیر بالاء اللہ کے منہج پر نازل کی ہے۔ جگہ جگہ

سوال کیا گیا ہے کہ تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ جیسے قرآن نے دنیا کے فنا اور اللہ کی ذات کے بقاء کا عقیدہ یوں بیان کیا ہے۔

﴿كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ۔ وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾ [٢٥]

(زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور باقی ہے تمہارے رب کی ذات، عظمت اور بزرگی والا۔ تو تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔)

۵۔ عقیدہ کے اثبات میں تذکیر بایام اللہ کا منہج

اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے قلب و اذہان میں عقیدہ راسخ کرنے کے لیے سابقہ امم و انبیاء کرام کے حالات و واقعات کو قرآن میں بہت ہی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اور ان قوموں پر جو عذاب نازل ہوئے ان کو بھی ذکر کیا ہے۔ اسی علم کو "علم قصص" اور "علم تاریخ" بھی کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَكُلاًّ نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَجَاءَكَ فِي هَـذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ﴾ [٢٦]

(اور ہم رسولوں کی خبروں میں سے سب حالات آپ کو سنا رہے ہیں جس سے ہم آپ کے قلبِ (اَطہر) کو تقویت دیتے ہیں، اور آپ کے پاس اس (سورت) میں حق اور نصیحت آئی ہے اور اہلِ ایمان کے لئے عبرت (و یاددہانی بھی۔)

۶۔ عقیدہ کے اثبات میں تذکیر بالموت کا منہج

اس قسم و منہج کا تعلق وقوع قیامت سے ہے۔ جس میں حشر و نشر، پرسش اعمال، جزاء و سزا، جنت اور دوزخ کے احوال و مقامات بیان کئے جاتے ہیں۔ عالم آخرت کے احوال جاننے کا ذریعہ صرف وحی الٰہی (قرآن مجید) ہے۔ عالم آخرت عقل کی دسترس سے باہر ہے۔ عالم دنیا ایک محسوس اور مادی ہے۔ جبکہ عالم آخرت ایک غیر محسوس اور غیر مادی ہے۔ لہٰذا غیر محسوس حقائق یا عقائد کو محسوس انداز میں پیش کرکے سمجھانے کی ضرورت تھی۔ جیسے خود عقیدہ آخرت کے متعلق کوئی شخص نہیں جانتا سوائے وہ جو ہم نے انبیاء کرام سے سنا ہے۔ یہ دو عالم ہیں۔ ایک وہ عالم جسے ہم جانتے ہیں۔ مگر دوسرے عالم کو ہم نہیں جانتے ہیں اور عالم آخرت ہے۔ قرآن مجید نے ان دونوں عالموں کو ثابت کرنے کے لیے ایک نیا اسلوب اختیار کیا ہے فرمایا:

﴿وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ إِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُبِينٌ﴾ [٢٧]

(ہم نے ہر چیز کے جوڑے جوڑے بنائے تاکہ تم یاد دہانی حاصل کرو۔ پس اللہ کی طرف تیز گامی کرو۔ میں تمہارے لیے اس کی طرف سے کھول کر ڈرا دینے والا ہوں۔)

اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر چیز ماہیت کے اعتبار سے جوڑے جوڑے ہے۔ عالم غیر مادی یعنی آخرت کا وجود انسانی دسترس سے باہر تھا۔ خلاصہ یہ نکلا جب ہر چیز جوڑے جوڑے ہے تو پھر اس عالم مادی کا جوڑا بھی ہونا چاہے جو اس کی ضد بھی ہو۔ لہٰذا عالم غیر مادی اس کا دوسرا جوڑا ہے۔

عقیدہ اسلامی کی قرآنی خصوصیات

کسی بھی چیز کی خصوصیات سے اس کی عمدگی اور پختگی کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔ اسلامی عقیدہ کی پختگی اور فطرت و عقل کے موافق ہونے کے لئے اس کی امتیازی خصوصیات کا مطالعہ کرنا بھی ضروری ہے۔ مختصر انداز میں خصوصیات ملاحظہ ہوں:

۱۔ توقیفی عقائد

اسلامی عقائد ایسے ہیں جو توقیفی اور ربانی ہیں۔ جس کا خالق اور وضع کرنے والا خود اللہ تعالیٰ ہے اور عقائد ہم تک رسول مکرم نے پہنچائے ہیں۔ ان بنیادی اور مسلمہ عقائد میں تا قیامت تبدیلی، ترمیم، کمی یا زیادتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اسلامی عقائد کے برعکس اگر دیگر مذاہب کے عقائد کا مطالعہ کیا جائے تو ان کے عقائد تبدیل ہو رہے ہیں۔ جیسے ہندوؤں کے عقائد میں سے تصور عبادت اور بت پرستی میں کئی مرتبہ تبدیلی آچکی ہے۔ اسلامی عقیدہ کا مصدر قرآن مجید ہے جو کہ ہمارے پاس اسی حالت میں ہے جس طرح آپ دنیا میں چھوڑ کر چلے گئے تھے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لاَّ يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ﴾ [۲۸]

(وہ قرآن جس کے نہ تو آگے جھوٹ آسکتا ہے اور نہ ہی پیچھے یہ تو حکیم حمید کا نازل کردہ ہے۔)

جب عقیدہ اسلامی توقیفی ہے تو پھر اس عقیدہ میں کسی قسم کی تاویل کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے۔

۲۔ غیب پر اعتقاد کا حامل

اسلامی عقیدہ کے ارکان پر اگر نظر ڈالی جائے تو سب کے سب ارکان تو غیر محسوس اور غیر مرئی ہیں۔ لوگوں کو نظر ہی نہیں آتے ہیں، لہٰذا جب کوئی چھپی ہوئی یا غیب کی اشیاء پر اعتقاد و ایمان رکھتا ہے اس کا اعتقاد تذبذب کا شکار نہیں ہو سکتا ہے پہلا رکن ایمان باللہ ہے اور اللہ کی ذات غیب (پوشیدہ) ہے اسی طرح آخرت، ملائکہ، تقدیر وغیرہ پر ایمان بھی غیب پر ایمان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ایمان والوں کی بھی یہی نشانی بیان کی ہے کہ وہ غیب پر ایمان رکھتے ہیں:

﴿ذَلِكَ الْكِتَابُ لاَ رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ﴾ [۲۹]

(یہ) وہ عظیم کتاب ہے جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں، (یہ) پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے۔ جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری راہ) میں خرچ کرتے ہیں۔

ایمان بالغیب ایک فطرتی طریقہ ہے۔ جس کو عقل بھی تسلیم کرتی ہے۔ کیونکہ ایمان بالغیب کی خبر ہمیں وحی یعنی قرآن سے ملتی ہے۔ اسلامی عقائد کی یہ خصوصیت دیگر ادیان میں نہیں پائی جاتی اور عصر حاضر کے ملحدین اس اسلامی عقیدہ پر اعتراض کرتے ہیں جیسے ھیوم اور کارل مارکس وغیرہ نے کہا ہے ہم تو اسی چیز کو تسلیم کرتے ہیں جو محسوس ہو سکے حالانکہ ان کا محسوس ہونے کا دعویٰ اس لحاظ سے بھی رد ہے کہ مشرکین مکہ بھی یہی کہتے تھے کہ ہمیں اے محمدؐ اپنا رب اور خدا دکھاؤ۔ حالانکہ اسلامی عقیدہ کی بنیاد بھی عقیدہ بالغیب پر ہے۔

۳۔عالمگیر عقیدہ

جس طرح اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے اسی طرح اسلام کے عقائد بھی عالمگیر ہیں۔قرآن نے کسی مخصوص قوم یا علاقہ کے لوگوں کو اسلامی عقیدہ اختیار کرنے کی دعوت نہیں دی ہے۔ قرآن نے اکثر مقامات پر "یاایھا الناس " کہہ کر تمام دنیا کے انسانوں کو دعوت دی ہے۔لہٰذا اسلامی عقیدہ ایک عالمگیر اور آفاقی عقیدہ ہے جو اس کی صداقت و حقانیت کی دلیل ہے۔

۴۔کامل اور جامع عقیدہ

اسلامی عقیدہ ایک ایسا جامع اور کامل عقیدہ ہے۔اس میں کوئی نقص نہیں ہے کوئی خامی یا ٹیڑھا پن نہیں ہے۔ سادہ الفاظ میں چند چیزوں پر اعتقاد کا نام اسلامی عقیدہ ہے۔ خود قرآن مجید نے اس کی کاملیت و جامعیت کی دلیل دی ہے۔

﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا﴾[۳۰]

(آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین پسند کیا۔)

۵۔متوازن اور مربوط عقیدہ

اسلامی عقیدہ ایک ایسا عقیدہ ہے جو مکمل مربوط ہے۔ ہر ایک رکن کا دوسرے رکن سے مکمل ربط اور تعلق ہے۔اسی طرح عقائد اور عبادات میں بھی ربط نظر آتا ہے۔ مربوط ہونے کے ساتھ ساتھ متوازن بھی ہے اور اسلامی عقیدہ اعتدال اور وسط پر مبنی ہے۔ جیسے یہودی ہیں۔انہوں نے اپنے دین کو بالکل بنی اسرائیل یعنی یہودیوں پر ہی محدود کر دیا اور احکام میں ایسی سختیاں تھیں۔ حتیٰ کہ انہوں نے بخشش و جنت کو بھی اپنے لیے سمجھ رکھا ہے۔

اس کے برعکس عیسائیوں کے عقائد میں بھی غلو فی الدین پایا گیا اور انہوں نے عقائد و احکام دونوں میں من مانیاں شروع کر دیں۔ جبکہ ان کے مقابلہ میں اسلام ایک معتدل اور وسط نظریات و عقائد کا حامل دین ہے۔ جیسے عیسائیوں نے دین کے اعتقادات میں غلو کر کے حضرت عیسیٰ بن مریم کو الوہیت کا درجہ دے دیا۔قرآن نے ارشاد فرمایا۔

﴿اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ وَالْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا إِلَٰهًا وَاحِدًا لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ سُبْحَانَهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ﴾[۳۱]

(انہوں نے اللہ کے سوا اپنے عالموں اور زاہدوں کو رب بنا لیا تھا اور مریم کے بیٹے مسیح (علیہ السلام) کو (بھی) حالانکہ انہیں بجز اس کے (کوئی) حکم نہیں دیا گیا تھا کہ وہ اکیلے ایک (ہی) معبود کی عبادت کریں، جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ان سے پاک ہے جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیں۔)

عقل و فطرت سے اسلامی عقیدہ کی ہم آہنگی

اسلامی عقائد و عبادات کا سرچشمہ وحی ہے۔ عقل کا وحی میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جہاں دیگر نعمتیں دی ہیں وہی پر عقل جیسی نعمت دی جو دنیا میں کسی دوسری مخلوق کے پاس اس طرح کی عقل نہیں ہے جو حضرت انسان کے پاس ہے۔ دیکھنے میں تو بندر کے پاس بھی عقل ہے۔ مگر وہ عقل کو استعمال کر کے چاند تک تو نہیں پہنچ سکا۔ عقل معرفت و ادراک کا ایک ذریعہ ہے۔ جیسے سفر کرنے کے لیے گاڑی وغیرہ کو ذریعہ بنا کر منزلِ مقصود تک پہنچا جا سکتا ہے۔ اسی طرح عقل بھی معرفت الٰہی کا ذریعہ ہے نہ کہ خود مستقلاً وہ خدا یا وحی ہے۔ عقل کے بارے میں جو تصور آج مغرب میں پایا جاتا ہے۔ یہ وہی تصور ہے جو مشرکین مکہ میں پایا جاتا تھا۔ آج مغرب کا انسان ہر بات کو عقل کے ترازو پر رکھ کر اس کو رد کر دیتا ہے اور یہی باتیں مکہ والے بھی کرتے تھے۔ ہاں یہ بات بھی درست ہے کہ خود مسلمان محققین کے بھی عقل کے متعلق نظریات کے دو گروہ ہیں۔ جہاں امام غزالی، مولانا رومی اور مولانا فخر الدین نے عقل کو معرفت الٰہی حاصل کے لیے حجاب تسلیم کیا ہے مگر ساتھ ساتھ انہوں نے اس بات کو بھی عیاں کیا ہے کہ انسانی عقل قاصر تو ہے مگر یہ بات ناممکن ہے کہ عقل معرفت الٰہی کا ادراک نہیں کر سکتی ہے۔ جبکہ دوسری طرف ابن عربی اور ابن سینا جیسے لوگ کہتے ہیں کہ عقل استدلال کا ذریعہ ہے۔ اور انسانی عقل کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معرفت الٰہی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا کے وسائل و ذرائع انسان کے تابع کر دیئے ہیں اور انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے فرمایا:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا﴾[۳۲]

(اور ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور ان کو خشکی و تری میں سواری دی اور ان کو اچھی چیزیں بطور رزق دیں۔ ان کو ان مخلوقات پر فضیلت دی ہے جن کو ہم نے پیدا کیا ہے۔)

قرآن مجید نے انسانی عقل کو درست ماننے اور انسان کے اس دعوے کا رد ایک اور دلیل سے کیا ہے کہ انسان عقل کے بل بوتے پر سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور اس کے وہم کے مطابق یہ دنیا کا نظام فطرت کے ماتحت چل رہا ہے۔ کوئی اس کا چلانے والا ہی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بہت ہی ٹھوس دلیل اور رد پیش کیا ہے۔ بالخصوص مندرجہ ذیل آیت ان لوگوں کے رد میں ہے جو یہ کہتے ہیں توحید الٰہی، قیامت، جنت اور دوزخ کا عقیدہ انسانی عقل سے باہر ہے۔ ان لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تمہاری عقل اگر اتنی ہی وسیع ہے تو پھر عقل کے بل بوتے پر زمین اور آسمان سے کہیں باہر نکل جاؤ اور کوئی نیا عالم یا دنیا تلاش کر لو۔ یہ چیلنج نہ صرف انسانوں کے لئے بلکہ جنوں کے لئے بھی ہے۔

﴿يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ﴾ [۳۳]

(اے گروہِ جن وانس! اگر تم اِس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل سکو (اور تسخیرِ کائنات کرو) تو تم نکل جاؤ، تم جس (کرّۂ سماوی کے) مقام پر بھی نکل کر جاؤگے وہاں بھی اسی کی سلطنت ہوگی۔)

لہٰذا معلوم ہوا کہ انسانی عقل غلطی بھی کرتی ہے اور عقل کی سوچ، فہم اور ادراک محدود بھی ہے۔ لہٰذا جب انسانی عقل کی طاقت بھی محدود ثابت ہوئی تو پھر عقل کی کسوٹی پر عقائد کے جاننے کی بات تو غلط ثابت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے عقل کے متعلق فرمایا ''**افلایعقلون**''، ''**افلایتدبرون**'' کہ انسانی عقل تھوڑا سا بھی غور و فکر کرے تو اس کو معرفت الٰہی نصیب ہو جائے گا۔ قدیم مناطقہ عقل کی بنیاد پر جو باتیں ثابت کرتے ہیں ان کو قیاس کا نام دیتے ہیں۔ قیاس سے مراد ''**قول مؤلف من تضایا بحیث یلزم عند لذاتہ قول آخر**''[34] (قیاس کچھ ایسے قضیوں کو کہتے ہیں جو آپس میں اس طرح متحد ہو گئے کہ انہیں تسلیم کرنے کا لازمہ ایک دوسرے قضیے کو مان لیتا ہو۔)

پھر قیاس کی چار قسمیں بیان کی ہیں:

۱۔ قیاس برھانی: جو یقینی مقدمات سے مرکب ہوں جن کا نتیجہ بھی یقینی ہو جیسے سورج روشن ہے۔

۲۔ قیاس جدلی: ایسے مقدمات ہوں جن کو ایک جماعت تو بطور خاص مانتی ہو مگر دوسری نہ مانتی ہو جیسے ہندو کا عقیدہ ہے کہ گائے مقدس ہے۔

۳۔ قیاس خطابی: ایسے مقدمات جو ماہرین کی نظر میں مقبول ہوں جیسے زراعت نفع کی چیز ہے اور ہر چیز نفع والی قابل اختیار ہوتی ہے، لہٰذا زراعت بھی قابل اختیار ہے۔

۴۔ قیاس شعری: وہ قیاس جن کو سن کر طبیعت خوش ہو جائے یا بدمزہ ہو جائے۔ جیسے زید چاند ہے اور ہر چاند روشن ہے، لہٰذا زید بھی روشن ہے۔

۵۔ قیاس مغالطہ: وہ قیاس جو جھوٹے مقدمات سے مرکب ہو جس کا مقصد عوام کو دھوکہ دینا ہے۔[۳۵]

یہ سب تمہید ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ قرآن مجید نے عقائد کی پختگی اور اثبات کے لیے جو بھی دلائل دیئے ہیں وہ سب کے سب قیاس برہانی کے درجہ میں ہیں۔ کیونکہ قرآن تو سورج، چاند، ستاروں، کھیتی باڑی، بارش وغیرہ جیسی ٹھوس تمثیلات ذکر کرتا ہے۔ جن کو رد کرنا انسانی عقل کی دسترس میں بھی نہیں ہے۔ جبکہ آج ملحدین کی طرف سے جو نظریات پیش کیے جاتے ہیں ان سب کا مقصد مذاہب عالم اور بالخصوص اسلام کے متعلق شکوک و شبہات پیدا کرکے ان کو دھوکہ دینا ہے۔ اور یہ قیاس مغالطہ ہے۔ لہٰذا اسلامی عقیدہ وہ عقیدہ ہے جو عقل اور فطرت کے عین مطابق ہے۔

نتائج تحقیق

۱۔ اسلام ایک فطرتی مذہب ہے اور اسلام کے عقائد بھی فطرتی، ناقابل تبدیل و ترمیم اور عقل کے مطابق ہیں۔

۲۔ اسلام کی عمارت ان بنیادی عقائد پر مشتمل ہے جن کا سرچشمہ وحی الٰہی ہے۔

۳۔ اسلام کے ذیلی فرقوں میں سے معتزلی فرقہ نے عقل کو وحی پر ترجیح دی ہے جو کہ قرآن کریم کی تعلیمات کی خلاف ورزی ہے۔

۴۔ قرآن مجید نے عقائد کے اثبات کے لیے فطرتی، عقلی، تذکیر بآلاء اللہ و ایام اللہ اور تذکیر بالموت کے دلائل پیش کرنے کا منہج اختیار کیا ہے۔

۵۔ عقائد اسلامیہ کے متعلق قرآنی منہج توقیفی، غیب پر ایمان، کامل اور ارکان عقائد کا ربط اور متوازی ہونا جیسی صفات سے مزین ہے۔

۶۔ ایمان باللہ، ایمان بالرسول، ایمان بالکتب ایمان بالملائکۃ، ایمان باالآخرۃ اور تقدیر پر ایمان، اسلام کے بنیادی ارکان عقائد ہیں۔

سفارشات

۱۔ تمام عقل پرست لوگوں کو قرآنی منہج کے مطالعہ کی سفارش کی جاتی ہے جو قرآن نے عقائد کے اثبات و ترویج کے لیے اختیار کیا ہے۔

۲۔ عقل انسانی کو کل تسلیم کر لینا غلطی ہے۔ انسانی عقل غلطی بھی کرتی ہے۔ لہٰذا صرف عقل کی کسوٹی پر اسلامی عقائد کے بارے میں گفتگو نہیں کرنی چاہیے۔

۳۔ مبلغ و داعی کے لیے اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ عقائد کی تبلیغ کے لیے قرآنی منہج اختیار کرنا چاہیے جو کہ گالی گلوچ اور برا بھلا کہنے کی بجائے دلائل سے ان کو قائل کرتا ہے۔

۴۔ سرکاری جامعات میں اسلامی عقائد کے باب کو بطور لازمی کورس کی سطح پر شامل کرنا چاہیے اور بالخصوص پاکستانی جامعات میں جہاں نوجوان نسل مغربی افکار سے متاثر ہو کر بے دین ہو رہی ہے۔

۵۔ سرکاری جامعات کو انٹرنیشنل اسلامک کی موجودہ عقیدہ سے متعلق کانفرنس کی طرح کانفرنسز کا انعقاد کرنا چاہیے۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ افریقی، محمد بن مکرم، لسان العرب، بیروت: دارصادر، ١٤١٤ھ، مادہ عقد، ج:٣،ص: ٢٩٧ تا ٣٠٠
۲۔ ابن باز، عبدالعزیز بن عبداللہ، متوفیٰ ١٤٢٠ھ، العقیدۃ، الصحیحۃ، مدینہ منورہ: جامعہ اسلامیہ، ١٣٩٥ ھ/١٩٧٥ء،ص: ٣۔٤
۳۔ صدر الدین، محمد بن علاء، متوفیٰ ٧٩٢ھ، شرح العقیدۃ الطحاویۃ، سعودی عرب: وزارۃ الشؤون الاسلامیۃ، ١٤١٨ھ، ج:١، ص:١٧
٤۔ افریقی، محمد بن مکرم، لسان العرب، ج:٩،ص: ٣٧١
٥۔ سورۃالنجم٥٣:٥،٤
٦۔ مروزی، محمد بن نصر، السنۃ، بیروت: موسسۃ الکتب الثقافیۃ، ١٤٠٨ھ، ج:١،ص: ١١١، رقم الحدیث: ٤٠٢
۷۔ عبادی، عبداللہ بن عبدالکریم، مدخل الدراسۃ العقیدۃ الاسلامیۃ، مکتبۃ السوادی ١٤١٧ھ/١٩٩٦،ص١٦٧
۸۔ سورۃالنحل١٦: ١١،١٠
۹۔ سورۃالاعراف٧: ٢٩
۱۰۔ سورۃ البقرۃ٢: ٢٩
۱۱۔ سورۃالذاریات: ٥٨
۱۲۔ سورۃ الفاتحۃ١: ٤
۱۳۔ سورۃ الاعراف٧: ١٨٠
١٤۔ سورۃالملک٦٧: ١۔٢
١٥۔ سورۃ البقرۃ٢: ١٦٤
١٦۔ ابن تیمیہ،تقی الدین احمد، النبوات، ریاض: مکتبۃ المعارف، ١٣٩٤ھ، ص: ٤٨
١٧۔ زہری، حسن جار اللہ، تاریخ معتزلہ، بیروت: دار الکتاب العربی، ١١٢، ١١٤
١٨۔ خان، امیر نواز، عرفان اللہ (مقالہ نگاران) مضمون تفسیر قرآن پر معتزلہ کے اصول خمسہ کے اثرات، مجلّہ دی اسکالر، جولائی ٢٠١٦ء، ج: ٣، ص: ١٢
١٩۔ خان امیر نواز، مجلّہ دی اسکالر، ص: ١٣
٢٠۔ عز الدین، عبدالعزیز بن عبدالسلام، شجرۃ المعارف، ریاض: بیت الافکار الدولیۃ،ص: ٥٧یونس:٤
٢١۔ سورۃ یونس ١٠:٤
٢٢۔ سورۃالاعراف٧: ١٨٥
٢٣۔ سورۃالنحل١٦: ١٢٥
٢٤۔ سورۃالجاثیہ٤٥: ٢٤
٢٥۔ سورۃالرحمٰن٥٥: ٢٦۔ ٢٨
٢٦۔ سورۃ ہود١١: ٢٠
٢٧۔ سورۃالذاریات٥١: ٥١
٢٨۔ سورۃفصلت٤١ :٤٢
٢٩۔ سورۃالبقرۃ٢: ١۔٢
٣٠۔ سورۃالمائدۃ٥: ٣
٣١۔ سورۃالتوبۃ٩: ٣١
٣٢۔ سورۃالاسراء١٧: ٧
٣٣۔ سورۃالرحمٰن٥٥:٢٢
٣٤۔ یزدی، عبداللہ ، شرح تہذیب، مترجم: ابو سلیمان زر محمد، کراچی: مکتبہ عمر فاروق، ص: ٦٠
٣٥۔ یزدی، عبد اللہ، شرح تہذیب، ص ٥٥-٦٠

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

سنن الترمذی کی روایات کی تضعیف میں شیخ البانیؒ کی آراء کا تجزیاتی مطالعہ

(An Analitical Study of Opinions of *Shaikh Albani* about Invalidity of *Hadiths of Sonan-e-Tirimiz*)

***ڈاکٹر محمد شاہد**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وعلوم حدیث، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

Abstract

Shaikh Nasir ud Din Albani is great mohaddith of last century. He wrote more than 300 books. He established few principles for acceptance or rejection of *hadith*.

Shaikh Nasir ud Din Albani considered 8 *hadiths* of "*Sonan e Tirmizi*" as "*Sahih*" in his book "*Sahih w Daeef Sonane-e-Tirmizi*" while "daeef" in his other books.

According to Shaikh Albani a daeef hadith is acceptable (*Sahih or Hasan*) if found with another transmission (*Motabe or Shahid*) in *Sahih Bukhari* or any other book of Hadith. We found other transmission of these 8 *hadiths* as "*Motabe*" or "*Shahid*" in *Sahih Bukhari*. *Imam Tirmizi* also considered these 8 *hadiths* as "*sahih*" or "*hasan*" in his *Sonan e Tirmizi*. After that it is concluded that these 8 *hadiths* should be considered as "*Sahih*" or "*Hasan*".

With this method we can review the books of *Shaikh Albani* and solve the contradiction of his opinions and we can also solve the contradiction of his opinion with other *Mohadithin* to find authentic status of *Hadith*.

Key Words: *Nasir ud Din Albani, Sahih, Hasan, Motabe, Shahid.*

جماعت محدثین میں امام ترمذیؒ (م ۲۷۹ھ) کی حیثیت چند امور کے لحاظ سے زیادہ نمایاں ہے۔ان میں ایک تو یہ کہ انہوں نے پہلی مرتبہ اپنی کتاب کی روایات پر صحت وضعف کا حکم لگایا ہے۔اس کے لیے وہ اصح شئی فی هذا الباب، هذا حديث حسن صحيح، هذا حديث صحيح، هو احسن حديث، هذا حديث حسن، هذا حديث جيد، هذا حديث ضعيف، هذا حديث غريب، هذا حديث حسن غريب، هذا حديث مرسل، هذا حديث فيه اضطراب، هذا حديث مضطرب، هذا حديث غير صحيح اور هذا حديث غير محفوظ وغیرہ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔

اسی طرح امام ترمذیؒ (م ۲۷۹ھ) نے اپنی کتاب میں ان احادیث کا التزام کیا ہے جو امت میں معمول بہا تھیں ۔اپنے اس منہج کے بارے میں وہ فرماتے ہیں "جميع مَا فِي هَذَا الْكتاب من الحديث فَهُوَ مَعْمُول بِهِ وَقد أخذ بِهِ بعض أهل الْعلم مَا خلا حديثين حَدِيث بن عَبَّاس أَن النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم جمع بَين الظّهْر وَالْعصر بِالْمَدِينَةِ وَالْمغْرب وَالْعشَاء من غير خوف وَلَا سفر وَلَا مطر وَحَدِيث النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم أَنه قَالَ إِذا

شرب الخمر فاجلدوہ فإن عاد في الرّابعة فاقتلوہ" کہ میری اس کتاب میں صرف دو کے علاوہ تمام احادیث معمول بہ ہیں جن سے اہل علم میں سے کسی نہ کسی نے استدلال کیا ہے۔ پہلی حضرت ابن عباس کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ میں ظھر وعصر اور مغرب وعشاء کو بغیر خوف وبغیر سفر اور بغیر بارش کے جمع فرمایا۔ دوسری حدیث یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا شارب خمر کو کوڑے مارو اور اگر چوتھی مرتبہ بھی ایسا کرے تو اسے قتل کر دو[1]۔

امام ترمذیؒ (م۲۷۹ھ) احادیث کی صحت وضعف کو بیان کرتے ہوئے یہ بھی ذکر کرتے ہیں کہ ان پر تعامل امت ہے یا نہیں۔ قبولیت وعدم قبولیت حدیث میں تعامل کو مدار بناتے ہیں۔ ایک ضعیف روایت پر اگر تعامل ثابت ہو تو اس کو ایسی صحیح روایت پر ترجیح دیتے ہیں جس پر تعامل نہ ہو۔ جیسے سنن الترمذی میں حضرت ابن عباس کی ایک روایت ہے کہ جس شخص نے بغیر عذر کے جمع بین الصلوٰتین کیا اس نے کبیرہ گناہ کا ارتکاب کیا[2]۔ اس روایت کو سنن الترمذی کی اس روایت پر ترجیح دیتے ہیں جس میں حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مدینہ میں ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو بغیر خوف اور بغیر بارش کے جمع فرمایا[3]۔ امام ترمذی روایت ذکر کرنے کے بعد اس پر تعامل کا تذکرہ کرتے ہیں۔

سنن الترمذی کا مقام ومرتبہ

شیخ الاسلام عبداللہ بن محمد انصاری فرماتے ہیں کہ سنن ترمذی میرے نزدیک بخاری اور مسلم سے زیادہ مفید ہے۔ کیونکہ بخاری ومسلم سے صرف وہی شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے جس کو معرفت تامہ حاصل ہو۔ اس کتاب کی شرح وبیان اس طرح ہے کہ اس کے فائدے کو ہر شخص پہنچ سکتا ہے خواہ وہ فقیہ اور محدث ہو یا نہ ہو[4]۔

تاریخ اسلام للذھبی میں ہے کہ امام ترمذیؒ (م۲۷۹ھ) فرماتے ہیں کہ میں یہ کتاب (السنن) تصنیف کی اور میں نے اس کو علماء حجاز پر پیش کیا انہوں نے اس کو پسند کیا اور میں نے اس کو علماء عراق پر پیش کیا انہوں نے اس کو پسند کیا اور میں نے اس کو علماء خراسان پر پیش کیا انہوں نے اس کو پسند کیا اور فرمایا کہ جس شخص کے گھر میں یہ کتاب ہو گویا اس کے گھر میں نبی باتیں کر رہا ہے[5]۔

امام ترمذیؒ کی اہم اصطلاحات کے مفاہیم

"حسن"

امام ترمذیؒ (م۲۷۹ھ) فرماتے ہیں ہم نے اس کتاب میں جہاں بھی حَدِیث حسن کہا ہے تو ہم نے اپنے نزدیک اس کی سند کی عمدگی کا ارادہ کیا ہے۔ ہر وہ حدیث جو روایت کی جاتی ہو جس کی سند میں ایسا راوی نہ ہو جس پر جھوٹ کا الزام لگایا گیا ہو اور نہ وہ حدیث شاذ ہو اور ایک سے زیادہ سندوں سے وہ حدیث اسی طرح روایت کی جاتی ہو تو وہ حدیث ہمارے نزدیک حسن ہے[6]

"غریب"

امام ترمذیؒ (م۲۷۹ھ) اپنی کتاب "العلل الصغیر" میں اپنی اصطلاح غریب کے تین معنٰی بتلاتے ہیں:

۱۔ رُبَّ حَدِيثٍ يَكُونُ غَرِيبًا لَا يُرْوَى إِلَّا مِنْ وَجْهٍ وَاحِدٍ کوئی حدیث اس وجہ سے غریب ہوتی ہے کہ وہ ایک سند سے مروی ہوتی ہے[۷]۔

۲۔ وَرُبَّ حَدِيثٍ إِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِزِيَادَةٍ تَكُونُ فِي الحدِيثِ وَإِنَّمَا يَصِحُّ إِذَا كَانَتْ الزِّيَادَةُ مِمَّنْ يُعْتَمَدُ عَلَى حِفْظِهِ اور کوئی حدیث صرف اس زیادتی کی وجہ سے اجنبی سمجھی جاتی ہے جو زیادتی اس حدیث میں ہوتی ہے اور وہ حدیث اس صورت میں صحیح ہو گی جبکہ وہ زیادتی ایسے راوی نے کی ہو جس کی یادداشت پر بھروسہ کیا جاتا ہے[۸]

۳۔ وَإِنَّمَا يستغرب لحال الْإِسْنَاد (کوئی حدیث بہت سی سندوں سے روایت کی جاتی ہے) اور وہ کسی سند کی خاص حالت کی وجہ سے اوپری سمجھی جاتی ہے[۹]۔

شیخ ناصر الدین البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) ایک ایسے محقق ہیں جنہوں نے صحت وضعف حدیث کا التزام کیا ہے۔ آپ نے کئی کتب حدیث کی صحیح وضعیف روایات کو الگ الگ کر کے صحیح اور ضعیف کے عنوان سے جمع فرمایا ہے۔ جن میں سنن الترمذی بھی شامل ہے۔ ذیل میں صحیح سنن الترمذی اور ضعیف سنن الترمذی کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے:

صحیح سنن الترمذي کا مختصر تعارف

۱۔ یہ کتاب تین جلدوں پر مشتمل ہے۔

۲۔ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے اس کتاب میں انتہائی اختصار اختیار کیا ہے۔ ترمذی کی روایات کی سند کو بھی ذکر نہیں کیا۔

۳۔ صرف صحت کا حکم لگایا ہے۔ صحت کی وجہ ذکر نہیں کی۔

۴۔ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) حدیث کا کوئی حصہ ضعیف ہو تو اس کی وضاحت بھی کرتے ہیں۔

مثال درج ذیل ہے:

۲۵۲۳ - (صحيح)

عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم وأنذرهم يوم الحسرة قال يؤتى بالموت كأنه كبش أملح حتى يوقف على السور بين الجنة والنار فيقال يا أهل الجنة فيشرئبون ويقال يا أهل النار فيشرئبون فيقال هل تعرفون هذا فيقولون نعم هذا الموت فيضجع فيذبح فلو لا أن الله قضى لأهل الجنة الحياة فيها والبقاء لماتوا فرحا ولو لا أن الله قضى لأهل النار الحياة فيها والبقاء لماتوا ترحا. (صحيح دون قوله: فلو لا أن الله قضى..: أخرجه البخاري ومسلم انظر الحديث ٢٦٩٦)[۱۰]

ضعیف سنن الترمذي کا مختصر تعارف

۱۔ یہ کتاب ایک جلد پر مشتمل ہے اور اس کے ۵۷۵ صفحات ہیں۔

۲۔ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے اپنی اس کتاب میں سنن الترمذی کی ۸۳۲ ضعیف روایات ذکر کی ہیں۔

۳۔ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے اس کتاب کے مقدمہ میں چند اہم فوائد ذکر کیے ہیں۔

۴۔ شیخ البانیؒ (م۱۴۲۰ھ) نے اس کتاب میں ترمذی کی ہر روایت کو بعینہٖ اس کے اصل الفاظ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔البتہ جو بحث شیخ البانیؒ (م۱۴۲۰ھ) نے کی ہے اس کو قوسین کے درمیان ذکر کرتے ہیں۔

۵۔ سنن الترمذی کے ابواب کے نمبر ذکر کرتے ہیں۔

۶۔ اس کتاب میں سنن الترمذی کے اصل حدیث نمبر اور ضعیف سنن الترمذی دونوں کے نمبر درج ہیں۔

۷۔ اس کتاب میں تمام روایات کی سند کو بھی ذکر کیا گیا ہے۔

۸۔ امام ترمذیؒ کی کسی بھی روایت پر مکمل بحث کو ذکر کیا گیا ہے۔

مثال درج ذیل ہے:

٨-باب ما جاء في النهي عن البول قائما

2 - 12 / 1 وحديث عمر إنما روي من حديث عبد الكريم ابن أبي المخارق، عن نافع، عن ابن عمر، عن عمر قال: رآني النبي صلى الله عليه وسلم وأنا أبول قائما، فقال: "يا عمر، لا تبل قائما". فما بلت قائما بعد.

سنن الترمذی کی روایت کا متن ذکر کرنے کے بعد شیخ البانی اس روایت کا حکم درج کرتے ہیں اور تخریج بھی فرماتے ہیں۔اس کے بعد امام ترمذیؒ کا اس حدیث کے متعلق قول ذکر کرتے ہیں۔

(ضعيف - ابن ماجه 308.631 (63)، ومشكاة المصابيح 363، وسلسلة الاحاديث الضعيفة ٩٣٤، ضعيف الجامع الصغير 6403 (3)).

قال أبو عيسى: وإنما رفع هذا الحديث عبد الكريم ابن أبي المخارق، وهو ضعيف عند أهل الحديث: ضعفه أيوب السختياني وتكلم فيه. وروى عبيد الله عن نافع، عن ابن عمر قال: قال عمر رضي الله عنه: ما بلت قائما منذ أسلمت. وهذا أصح من حديث عبد الكريم. وحديث بريدة في هذا غير محفوظ. ومعنى النهي عن البول قائما: على التأديب، لا على التحريم. وقد روي عن عبد الله بن مسعود قال: إن من الجفاء أن تبول وأنت قائم.[11]

شیخ البانی نے ضعیف سنن الترمذی کے شروع میں ایک مقدمہ بھی تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے ضعیف سنن الترمذی میں اپنے اختیار کردہ منہج کو ذکر کیا ہے جس کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

۱۔ شیخ البانیؒ (م۱۴۲۰ھ) نے مقدمہ میں نقد احادیث کے مراتب کا ذکر کیا ہے کہ پہلا مرتبہ **صحیح الاسناد یا حسن الاسناد** کا ہے اور دوسرا **ضعیف الاسناد** کا ہے اور تیسرا **صحیح لغیرہ یا حسن لغیرہ** کا ہے۔

۲۔ شواہد اور متابعات کے لیے **" بما قبله "** اور **" انظر ما قبله "**. کے الفاظ استعمال فرماتے ہیں[12]۔

۳۔ شیخ البانی فرماتے ہیں کہ امام ترمذیؒ نے کچھ احادیث کی اسناد ذکر کر کے ما قبل والے متن کی طرف **"..."** کے رموز سے ساتھ اشارہ کیا ہے۔ان مقامات کو میں نے ما قبل پر اکتفا کرتے ہوئے بیاض چھوڑ دیا ہے[13]۔

۴۔ علامہ ناصر الدین الالبانی فرماتے ہیں کہ چونکہ امام ترمذیؒ نے تصحیح حدیث میں تساہل برتا ہے جس کا میں نے کئی مقامات پر اشارہ کیا ہے۔ اس لئے میں نے امام ترمذیؒ کی کسی بات میں تقلید نہیں کی بلکہ ان پر حکم بحث و نقد کے مطابق لگاؤں گا۔ چنانچہ فرماتے ہیں {لو لا تساهل عنده في التصحيح عرف به عند النقاد من علماء الحديث قد نبهت عليه في كثير من كتبي، ولذلك فإني لا أقلده في شيء من ذلك، وإنما أحكم بما أداني إليه بحثي ونقدي}[۱۴]

۵۔ اسی طرح علامہ ناصر الدین الالبانی فرماتے ہیں کہ بہت سی ایسی احادیث ہیں کہ جن کو امام ترمذیؒ نے مرسل اور مضطرب ہونے کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے لیکن میں نے ان کا احادیث الصحیحۃ یا الحسنۃ کے درجے میں شمار کیا ہے چنانچہ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) رقمطراز ہیں {ولذلك استطعت - بفضل الله وحده - أن أنقد كثيرا من أحاديث الكتاب التي ضعفها المؤلف أو أعلها بإرسال أو اضطراب أو غيره، ورفعتها إلى مصاف الاحاديث الصحيحة أو الحسنة، مثل الاحاديث المرقمة ب (١٤ و ١٧ و ٥٥ و ٨٦ و ١١٣ و ١١٨ و ١٢٦ و ١٣٥ و ١٣٩) ، وهي كلها في "كتاب الطهارة" فقط من "سنن الترمذي "}[۱۵]

۶۔ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) فرماتے ہیں کچھ احادیث ایسی ہیں جن کو امام ترمذیؒ نے ضعیف قرار دیا ہے لیکن میں نے ان کو نقد علمی اور متابعات و شواہد کی تتبع کے بعد ان کو صحیح قرار دیا ہے چنانچہ شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) رقمطراز ہیں:

{وأما الاحاديث التي حسنها هو ورفعتها إلى الصحة بالنقد العلمي، المتابعات والشواهد}[۱۶]

۷۔ اسی طرح شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) فرماتے ہیں ان صحیح احادیث کے مقابلے میں دوسری ایسی روایات ہیں جن کو امام ترمذیؒ نے قوی قرار دیا ہے وہ ضعیف الاسناد ہیں بلکہ بعض تو موضوع ہیں جن میں سے چند روایات کے شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے حدیث نمبر بھی درج کئے ہیں چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں۔ {لكن مقابل هذه الاحاديث أحاديث أخرى قواها المؤلف رحمه الله، وهي في نقدي ضعيفة الاسانيد لا جابر لها، بل بعضها موضوع، ولا بأس من الاشارة إليها بأرقامها مما جاء في كتاب " الطهارة " و " الصلاة" فقط: 123 و 145 ـــــــــ (الخ)}[۱۷]

۸۔ علامہ ناصر الدین الالبانی ضعیف سنن الترمذی کے مقدمہ میں بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سنن الترمذی کو الصحیح کہنا بعض متأخرین کی خطاء ہے کیونکہ امام ترمذیؒ نے اس کتاب میں صحت کا التزام نہیں کیا چنانچہ اس بات کا کئی وجوہ سے رد کرنے کے بعد فرماتے ہیں {فمن الخطأ أيضا إطلاق بعض المتأخرين على الكتب الستة: "الصحاح الستة"، أي الصحيحين والسنن الاربعة، لان أصحاب السنن لم يلتزموا الصحة، ومنهم الترمذي}[۱۸]

صحیح سنن الترمذی اور ضعیف سنن الترمذی کے اس تعارف کے بعد ہم ذیل میں متابعات اور شواہد کے بارے میں شیخ البانی کے اصول ذکر کرتے ہیں جو انہوں نے اپنی کتاب "غایۃ المرام" میں ذکر کیے ہیں۔

شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) کے ہاں ایک اصول ہے کہ "اگر ضعیف روایت کو دوسرے طرق مل جائیں تو وہ روایت قوی ہو جاتی ہے"۔ یہ اصول ہمیں ان کی کتاب "غایۃ المرام" سے ملا ہے۔ شیخؒ ایک روایت أن النبی (ص) سبق بین الخیل وأعطی السابق پر صحت کا حکم لگاتے ہوئے فرماتے ہیں رواه أحمد واسناده عنده ضعيف لكن له طرق أخرى يتقوى بها[19]۔ شیخ کے ہاں ایک اصول یہ بھی ہے کہ "شواہد اگر بخاری سے مل جائیں تو ان کی بناء پر ضعیف روایت صحیح ہو جاتی ہے"۔ جیسا کہ غایۃ المرام میں شیخؒ سنن ابی داود کی ایک ضعیف روایت كان (ص) يقول: اللهم إني أعوذ بك من الهم والحزن کو اس وجہ سے صحیح قرار دیتے ہیں کیونکہ اس کا شاہد بخاری میں موجود ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں وهو عند أبي داؤد من حديث أبي سعيد الخدري بإسناد ضعيف لكن أخرجه البخاري وغيره من حديث أنس بن مالك قال: كان النبي (ص) يقول: فذكره وزاد والكسل والجبن والبخل وضلع الدين وغلبة الرجال فكان عزوه الى البخاري هو الواجب (صحيح)[20]۔

ذیل میں ان روایات کا جائزہ لیا جائے گا جن کو شیخ نے اپنی ایک کتاب میں صحیح یا حسن قرار دیا ہے لیکن اپنی ہی کسی دوسری کتاب میں ضعیف قرار دیا ہے۔ صحت وضعف میں سے شیخ کا کون سا فیصلہ راجح ہے، اس کے لیے اس روایت کے متابعات یا شواہد کو بخاری سے تلاش کیا گیا ہے۔

اس مقالہ میں اسلوب یہ ہوگا کہ پہلے سنن الترمذی کی روایت ذکر کی جائے گی۔ اس کے بعد شیخؒ کے ضعف اور پھر صحت کے حکم کو ذکر کیا جائے گا۔ اس کے بعد اسی روایت کے متابعات یا شواہد کو الجامع الصحیح للبخاری سے ذکر کر کے راجح روایت کو واضح کیا جائے گا۔

حدیث نمبر ۱

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحمن وَعَبَّاسُ بْنُ محمَّدٍ الدُّورِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ المعْنَى وَاحِدٌ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ عَبْدُ اللهِ أَخْبرنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ يحيَى بْنِ أَبِي الحجَّاجِ المنْقَرِيِّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الجرَيْرِيِّ عَنْ ثُمامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِينَ أَشْرِفَ عَلَيْهِمْ عُثْمانُ فَقَالَ ائْتُونِي بِصَاحِبَيْكُمُ اللَّذَيْنِ أَلَّبَاكُمْ عَلَيَّ قَالَ فَجِيءَ بِهِمَا فَكَأَنَّهُمَا جملَانِ أَوْ كَأَنَّهُمَا حمارَانِ قَالَ فَأَشْرِفَ عَلَيْهِمْ عُثْمانُ فَقَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ وَالْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرَ بِئْرِ رُومَةَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِي بِئْرَ رُومَةَ فَيَجْعَلَ دَلْوَهُ مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِينَ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِي فَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونِي أَنْ أَشْرَبَ حَتَّى أَشْرَبَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ قَالُوا اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ وَالْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِأَهْلِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِي بُقْعَةَ آلِ فُلَانٍ فَيَزِيدَهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِي فَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيهَا رَكْعَتَيْنِ قَالُوا اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ وَالْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنِّي جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِي قَالُوا اللَّهُمَّ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ وَالْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى ثَبِيرٍ مَكَّةَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَأَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتَّى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهُ بِالْحَضِيضِ قَالَ فَرَكَضَهُ بِرِجْلِهِ وَقَالَ اسْكُنْ ثَبِيرُ فَإِنَّمَا

عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ قَالُوا اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللهُ أَكْبَرُ شَهِدُوا لِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ أَنِي شَهِيدٌ ثَلَاثًا قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُثْمَانَ [۲۱]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ (م ۲۷۹ھ) کے نزدیک حسن ہے۔

سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے اپنی کتاب "مشکاۃ المصابیح" میں ضعیف قرار دیا ہے [۲۲]۔ جبکہ اسی روایت کو اپنی کتاب "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں حسن قرار دیا ہے [۲۳]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے جس کے الفاظ یہ ہیں وَقَالَ عَبْدَانُ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ حِينَ حُوصِرَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ، وَقَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللهَ، وَلاَ أَنْشُدُ إِلَّا أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «مَنْ حَفَرَ رُومَةَ فَلَهُ الجَنَّةُ»؟ فَحَفَرْتُهَا، أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ قَالَ: «مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ العُسْرَةِ فَلَهُ الجَنَّةُ»؟ فَجَهَّزْتُهُمْ، قَالَ: فَصَدَّقُوهُ بِمَا قَالَ وَقَالَ عُمَرُ فِي وَقْفِهِ: «لاَ جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهُ أَنْ يَأْكُلَ وَقَدْ يَلِيهِ الوَاقِفُ وَغَيْرُهُ فَهُوَ وَاسِعٌ لِكُلٍّ) [۲۴]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر 2

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ وَالمُؤَمَّلُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ [۲۵]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ (م ۲۷۹ھ) کے نزدیک حسن صحیح ہے۔ سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے کتاب "مشکاۃ المصابیح" میں ضعیف قرار دیا ہے [۲۶] جبکہ اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح قرار دیا ہے [۲۷] "الایمان لابن تیمیہ" میں اس کو صحیح قرار دیا ہے [۲۸] اور "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں بھی اس کو صحیح قرار دیا ہے [۲۹]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «آيَةُ الإِيمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ) [۳۰]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر 3

حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى القَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ المُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَبَّكُمْ يَقُولُ كُلُّ حَسَنَةٍ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ وَالصَّوْمُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ الصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيحِ المِسْكِ وَإِنْ جَهِلَ عَلَى أَحَدِكُمْ جَاهِلٌ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ إِنِي صَائِمٌ وَفِي البَاب عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ وَسَلَامَةَ بْنِ قَيْصَرٍ وَبَشِيرِ ابْنِ الخَصَاصِيَةِ وَاسْمُ بَشِيرٍ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ وَالخَصَاصِيَةُ هِيَ أُمُّهُ قَالَ أَبُو عِيسَى وَحَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ مِنْ هَذَا الوَجْهِ [۳۱]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ کے نزدیک حسن غریب ہے۔

سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے "صحیح وضعیف جامع الصغیر" میں ضعیف قرار دیا ہے [۳۲]۔ جبکہ اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح قرار دیا ہے [۳۳]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت کے متابع وشاہد کے طور پر صحیح بخاری کی درج ذیل دو روایات کو پیش کیا جاسکتا ہے۔ پہلی روایت یہ ہے حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْم، حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: الصَّوْمُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، يَدَعُ شَهْوَتَهُ وَأَكْلَهُ وَشُرْبَهُ مِنْ أَجْلِي، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ حِينَ يُفْطِرُ، وَفَرْحَةٌ حِينَ يَلْقَى رَبَّهُ، وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللَّهِ مِنْ رِيحِ المِسْكِ" [۳۴]۔ دوسری روایت یوں ہے حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "الصِّيَامُ جُنَّةٌ فَلاَ يَرْفُثْ وَلاَ يَجْهَلْ، وَإِنِ امْرُؤٌ قَاتَلَهُ أَوْ شَاتَمَهُ فَلْيَقُلْ: إِنِّي صَائِمٌ مَرَّتَيْنِ" [۳۵]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر4

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ عَادَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَرِيضٌ فَقَالَ أَوْصَيْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكَمْ قُلْتُ بِمَالِي كُلِّهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ فَمَا تَرَكْتَ لِوَلَدِكَ قُلْتُ هُمْ أَغْنِيَاءُ بِخَيْرٍ قَالَ أَوْصِ بِالْعُشْرِ فَمَا زِلْتُ أُنَاقِصُهُ حَتَّى قَالَ أَوْصِ بِالثُّلُثِ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَنَحْنُ نَسْتَحِبُّ أَنْ يَنْقُصَ مِنَ الثُّلُثِ لِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ قَالَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَبُو عِيسَى حَدِيثُ سَعْدٍ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ وَالْعَمَلُ عَلَى هَذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ لَا يَرَوْنَ أَنْ يُوصِيَ الرَّجُلُ بِأَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ وَيَسْتَحِبُّونَ أَنْ يَنْقُصَ مِنَ الثُّلُثِ قَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ فِي الْوَصِيَّةِ الخُمُسَ دُونَ الرُّبُعِ وَالرُّبُعَ دُونَ الثُّلُثِ وَمَنْ أَوْصَى بِالثُّلُثِ فَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا وَلَا يَجُوزُ لَهُ إِلَّا الثُّلُثُ [۳۶]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ کے نزدیک حسن صحیح ہے۔ سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں ضعیف قرار دیا ہے [۳۷] جبکہ اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح قرار دیا ہے [۳۸]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے۔ الفاظ یہ ہیں حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ العَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي، زَمَنَ حَجَّةِ الوَدَاعِ، فَقُلْتُ: بَلَغَ بِي مَا تَرَى، وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلاَ يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَةٌ لِي، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي؟ قَالَ: «لاَ» قُلْتُ: بِالشَّطْرِ؟ قَالَ: «لاَ» قُلْتُ: الثُّلُثُ؟ قَالَ: «الثُّلُثُ كَثِيرٌ، أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ، وَلَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللَّهِ إِلَّا أُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ) [۳۹]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر 5

حَدَّثَنَا الحسَنُ بْنُ عَلِيٍ الخلّالُ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الملكِ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبُو عَقِيلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ إِنِي كَتَمْتُكُمْ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرَاهِيَةَ تَفَرُّقِكُمْ عَنِّي ثُمَّ بَدَا لِي أَنْ أُحَدِّثَكُمُوهُ لِيَخْتَارَ امْرُؤٌ لِنَفْسِهِ مَا بَدَا لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ و قَالَ محمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ أَبُو صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ اسْمُهُ ثُرْكَانُ [40]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ (م ۲۷۹ھ) کے نزدیک حسن صحیح ہے۔ سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے "مشکاۃ المصابیح" میں ضعیف قرار دیا ہے [41] "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں ضعیف قرار دیا ہے [42] جبکہ اسی روایت کو "صحیح الترغیب والترھیب" میں حسن لغیرہ قرار دیا ہے [43] نیز اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں حسن قرار دیا ہے [44]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے جس کے الفاظ یہ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُنِيرٍ، سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا، وَمَوْضِعُ سَوْطِ أَحَدِكُمْ مِنَ الجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا، وَالرَّوْحَةُ يَرُوحُهَا العَبْدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوِ الغَدْوَةُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا) [45]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر 6

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ وَاجْعَلْ آخِرَ صَلَاتِكَ وِتْرًا قَالَ أَبُو عِيسَى وَفِي الْبَاب عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ أَبُو عِيسَى حَدِيثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَالْعَمَلُ عَلَى هَذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّ صَلَاةَ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَقَ [46]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ کے نزدیک حسن صحیح ہے۔ سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) نے "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں ضعیف قرار دیا ہے [47] جبکہ اسی روایت کو "ریاض الصالحین" کی روایات پر تحقیق کرتے ہوئے صحیح قرار دیا ہے [48] اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح قرار دیا ہے [49]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی متابع بخاری میں موجود ہے۔ الفاظ یوں ہیں حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: إِنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ صَلاَةُ اللَّيْلِ؟ قَالَ: «مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ، فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ» [50]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر7

حَدَّثَنَا الحسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ أُمَّ أَيُّوبَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَيْهِمْ فَتَكَلَّفُوا لَهُ طَعَامًا فِيهِ مِنْ بَعْضِ هَذِهِ الْبُقُولِ فَكَرِهَ أَكْلَهُ فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ كُلُوهُ فَإِنِّي لَسْتُ كَأَحَدٍ كُمْ إِنِّي أُخَافُ أَنْ أُوذِيَ صَاحِبِي قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ وَأُمُّ أَيُّوبَ هِيَ امْرَأَةُ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ [51] ۔ یہ روایت امام ترمذیؒ (م۲۷۹ھ) کے نزدیک حسن صحیح غریب ہے۔

سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م۱۴۲۰ھ) نے "سلسلة الأحاديث الضعيفة والموضوعة وأثرها السيء في الأمة" میں ضعیف قرار دیا ہے [52] "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں ضعیف قرار دیا ہے [53] جبکہ اسی روایت کو "السلسلة الصحيحة" میں صحیح قرار دیا ہے [54] "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں حسن قرار دیا ہے [55]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے۔ الفاظ یہ ہیں حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، زَعَمَ عَطَاءٌ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، زَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنْ أَكَلَ ثُومًا أَوْ بَصَلًا، فَلْيَعْتَزِلْنَا - أَوْ قَالَ: فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا - وَلْيَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ" وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقِدْرٍ فِيهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُولٍ، فَوَجَدَ لَهَا رِيحًا، فَسَأَلَ فَأُخْبِرَ بِمَا فِيهَا مِنَ الْبُقُولِ، فَقَالَ: «قَرِّبُوهَا». إِلَى بَعْضِ أَصْحَابِهِ كَانَ مَعَهُ، فَلَمَّا رَآهُ كَرِهَ أَكْلَهَا، قَالَ: «كُلْ فَإِنِّي أُنَاجِي مَنْ لَا تُنَاجِي» وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: عَنِ ابْنِ وَهْبٍ أُتِيَ بِبَدْرٍ - وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: يَعْنِي طَبَقًا فِيهِ خَضِرَاتٌ - وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ، وَأَبُو صَفْوَانَ، عَنْ يُونُسَ، قِصَّةَ الْقِدْرِ فَلَا أَدْرِي هُوَ مِنْ قَوْلِ الزُّهْرِيِّ أَوْ فِي الحدِيثِ [56]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

حدیث نمبر8

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الحسَنِ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا محبوب بْنُ محرز الْقَوَارِيرِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيدَ الْأَوْدِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لِأَحَدٍ عِنْدَنَا يَدٌ إِلَّا وَقَدْ كَافَيْنَاهُ مَا خَلَا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا يَدًا يُكَافِيهِ اللَّهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَا نَفَعَنِي مَالُ أَحَدٍ قَطُّ مَا نَفَعَنِي مَالُ أَبِي بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا أَلَا وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللَّهِ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ مِنْ هَذَا الْوَجْهِ [57]۔ یہ روایت امام ترمذیؒ کے نزدیک حسن غریب ہے۔

سنن الترمذی کی اس روایت کو شیخ البانیؒ (م۱۴۲۰ھ) نے "مشكاة المصابيح" میں ضعیف قرار دیا ہے [58]۔ جبکہ اسی روایت کو "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح قرار دیا ہے [59]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی اس روایت کی شاہد بخاری میں موجود ہے۔ الفاظ یہ ہیں حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ محمَّدٍ الجعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ حَكِيمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، عَاصِبٌ رَأْسَهُ بِخِرْقَةٍ، فَقَعَدَ عَلَى المِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: «إِنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَمَنَّ عَلَيَّ فِي نَفْسِهِ وَمَالِهِ

مِنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي قُحَافَةَ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنَ النَّاسِ خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَلَكِنْ خُلَّةُ الإِسْلاَمِ أَفْضَلُ، سُدُّوا عَنِّي كُلَّ خَوْخَةٍ فِي هَذَا المَسْجِدِ، غَيْرَ خَوْخَةِ أَبِي بَكْرٍ»[۲۰]۔

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق سنن الترمذی کی مذکورہ روایت ضعیف نہیں ہے۔

اس بحث سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ وہ چند روایات جن کو شیخؒ نے اپنی کتاب "صحیح وضعیف سنن الترمذی" میں صحیح یا حسن قرار دیا ہے لیکن انہیں کو اپنی دوسری کتب میں ضعیف قرار دیا ہے، ان میں شیخ البانیؒ (م ۱۴۲۰ھ) کا صحیح یا حسن ہونے کا فیصلہ راجح ہے کیونکہ ان روایات کو امام ترمذیؒ نے بھی صحیح یا حسن قرار دیا ہے اور صحیح بخاری میں ان روایات کا متابع یا شاہد موجود ہے۔

صحت وضعف حدیث میں اختلافات سے بچنے کے لیے تجویز دی جاتی ہے کہ اہل علم اپنی تحریروں میں اگر کسی حدیث کی صحت یا ضعف کا ذکر کریں تو اس کے ساتھ درج ذیل امور کی وضاحت بھی فرمائیں کہ

۱۔ یہ حدیث اپنی تمام اسناد کے ساتھ ضعیف ہے۔
۲۔ یہ حدیث کچھ اسناد کے ساتھ ضعیف بھی ہے۔
۳۔ یہ حدیث صرف مذکورہ سند کے ساتھ ضعیف ہے۔
۴۔ یہ حدیث اپنی تمام اسناد کے اعتبار سے صحیح ہے۔
۵۔ اس حدیث کی حتمی حیثیت حسن، صحیح یا ضعیف کی ہے۔
۶۔ حدیث پر دور صحابہ وتابعین میں عمل ہوا ہے یا نہیں ہوا۔
۷۔ کسی فقیہ نے اس حدیث سے اس کے ضعف کے باوجود استدلال کیا ہے یا نہیں۔
۸۔ حدیث اپنی سند کے صحیح ہونے کے باوجود دور صحابہ وتابعین میں معمول بہ تھی یا نہیں تھی۔
۹۔ حدیث کی سند کے صحیح ہونے کے باوجود فقہاء نے اس سے استدلال کیا ہے یا نہیں۔
۱۰۔ اس حدیث کے شواہد ہیں یا نہیں ہیں۔

حدیث کی صحت وضعف کے معاملہ میں مندرجہ بالا اسلوب اختیار کر کے علوم اسلامیہ کے محققین، طلباء اور عوام الناس کے لیے نہ صرف آسانیاں پیدا کی جاسکتی ہیں بلکہ ان کو بہت سارے اختلافات سے بھی بچایا جاسکتا ہے۔

حوالہ جات وحواشی

١ ـ الترمذی، محمد بن عیسی (المتوفی٢٧٩ھ)، العلل الصغیر، دار إحیاء التراث العربی (ص:٧٣٦)
٢ـ الترمذی، محمد بن عیسی (المتوفی٢٧٩ھ)، السنن ، ایچ ایم سعید کمپنی،ادب منز ل پاکستان چوک کراچی،٤٨/١
٣ ـ سنن الترمذی ، ٤٦/١،ح١٧٢ـ
٤ ـ الإسعردي، عُبيد بن محمد (المتوفى: ٦٩٢ ھ)، فضائل الكتاب الجامع لأبي عيسى(عالم الكتب , مكتبة النهضة العربية – بيروت، الطبعة: الأولى، ١٤٠٩ ھ ، ص ٣٣ـ
٥ ـ الذهبي ، محمد بن أحمد(المتوفى: ٥٧٤٨)، تاريخ الإسلام (دار الكتاب العربي، بيروت، الطبعة: الثانية، ١٤١٣ ھ) ،٢٠/ ٤٦٢ـ
٦ـ العلل الصغير للترمذی (ص:٧٥٨)
٧ـ العلل الصغير للترمذی (ص:٧٥٨)
٨ـ العلل الصغير للترمذی (ص:٧٥٩)
٩ـ العلل الصغير للترمذی (ص:٧٥٩)
١٠ـ الألباني ، محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ، صحيح الترمذي (٣ / ٧٤) المكتب الاسلامی، بيروت ،دمشق،عمان ، الطبعة :١ـ١٩٨٨ء ـ
١١ـ الألباني ، محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ، ضعيف سنن الترمذي ، المكتب الاسلامی، بيروت ،دمشق،عمان ، الطبعة : الأولى ، ١٤١١ ھ - ١٩٩١ م ،(١ / ٢)
١٢ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٤)
١٣ ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٤)
١٤ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٥)
١٥ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٥)
١٦ ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٦)
١٧ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ١٦)
١٨ ـ ضعيف سنن الترمذي (ص: ٢١)
١٩ـ الالبانی،محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ،غاية المرام فی تخريج أحاديث الحلال والحرام، المكتب الإسلامی بيروت ،الطبعة :٣، ١٤٠٥ھ،ص٢٢٢، ح٣٩٠ـ
٢٠ـ غاية المرام فی تخريج أحاديث الحلال والحرام ،ص٢١٥، ح:٣٧٤ـ
٢١ـ سنن الترمذی , ٢١١/٢، ح:٣٦٣٦ـ
٢٢ـ الالبانی،محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ، مشكاة المصابيح ،باب صلاة العيدين ، المكتب الإسلامی بيروت الطبعة:٣، ١٤٠٥ھ ، ٣٢٣/٣، ح: ٦٠٦٦ (٧)ـ
٢٣ـ الالبانی،محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ،صحيح وضعيف سنن الترمذی ، برنامج منظومة التحقيقات الحديثية - المجانی - من إنتاج مركز نور الإسلام لأبحاث القرآن والسنة بالإسكندرية، ٨ /٢٠٣، ح ٣٧٠٣ـ
٢٤- البخاری ، محمد بن إسماعيل (٥٢٥٦)، الجامع المسند الصحيح المختصر من أمور رسول الله صلى الله عليه وسلم وسننه وأيامه ، قديمی كتب خانه آرام باغ كراچی،٣٨٩/١،ح:٢٥٧٠ـ
٢٥ـ سنن الترمذی , بَاب فِي فَضْلِ الْأَنْصَارِ وَقُرَيْشٍ ، ٢ /٢٢٨ ،ح:٣٨٤١ـ
٢٦ـ مشكاة المصابيح ،باب مناقب قريش وذكر القبائل ، ٣/ ٣٦٢،ح:٦٢٤١ (٥٥)ـ
٢٧ـ صحيح وضعيف سنن الترمذی ، ٤٠٦/٨،ح:٣٩٠٦
٢٨ـ الالبانی ، محمد ناصر الدين (م١٤٢٠ ھ) ، (الإيمان لابن تيمية)،المكتب الإسلامی بيروت ، الطبعة :٤، ١ ٤١٣ھ،٣٨/١ـ

۲۹۔ الالبانی،محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ، صحیح و ضعیف الجامع الصغیر وزیادتہ ،المکتب الاسلامی، ۱۳۵۵/۱ ،ح:۱۳۵۵۰

۳۰۔ صحیح البخاری ، ۵۳۴/۱ ،ح:۳۵۰۰۔

۳۱۔ سنن الترمذی ، بَاب مَا جَاءَ فِی فَضْلِ الصَّوْمِ ، ۱۵۹/۱ ،ح:۶۹۵۔

۳۲- الالبانی،محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ،صحیح وضعیف الجامع الصغیر ، برنامج منظومة التحقيقات الحديثية - المجانی - من إنتاج مركز نور الإسلام لأبحاث القرآن والسنة بالإسكندرية، ۱۱۴/۱۱ ، ح:۴۶۶۷ ۔

۳۳۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۲ /۲۶۴ ،ح: ۷۶۴۔

۳۴۔ صحیح البخاری ، ۲ /۱۱۱۶ ،ح: ۶۹۳۸۔

۳۵۔ صحیح البخاری ، ۱ / ۲۵۴،ح: ۱۷۶۱۔

۳۶۔ سنن الترمذی , بَاب مَا جَاءَ فِی الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ ، ۱ /۱۹۲ ،ح: ۸۹۷۔

۳۷۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر ، ۱۱ /۳۷۷ ،ح: ۴۹۳۰۔

۳۸۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۲ / ۴۷۵،ح: ۹۷۵۔

۳۹۔ صحیح البخاری ، ۲/ ۸۴۶،ح: ۵۲۳۶۔

۴۰۔ سنن الترمذی, بَاب مَا جَاءَ فِی فَضْلِ الْمُرَابِطِ ، ۱ /۲۹۶ ،ح: ۱۵۹۰۔

۴۱ ۔ مشکاۃ المصابیح, کتاب الجہاد ، ۲/ ۳۷۱،ح: ۳۸۳۱ (۴۴)۔

۴۲۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر ، ۳ /۳۵۴ ،ح: ۶۸۲۹۔

۴۳۔ الالبانی،محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ،صحیح الترغیب والترہیب،الترغیب فی الرباط فی سبیل اللہ عز وجل- مکتبۃ المعارف الریاض ، الطبعۃ۵، ۳۳/۲ ، ح:۱۲۲۴ ۔

۴۴۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۴ /۱۶۷ ،ح:۱۶۶۷ ۔

۴۵۔ صحیح البخاری ، ۱ /۴۰۵ ،ح:۲۶۷۸ ۔

۴۶۔ سنن الترمذی ، بَاب مَا جَاءَ أَنَّ صَلَاةَ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى ، ۱ /۹۸ ،ح:۴۰۱ ۔

۴۷۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر ، ۱۷ / ۹۷،ح: ۷۹۵۰۔

۴۸۔ الالبانی ، محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ، تحقیق (ریاض الصالحین)أبو زكريا محيى الدين يحيى بن شرف النووى (۶۷۶ھ)، باب سنة الجمعة ، المكتب الإسلامی بيروت ، ۱ /۴۲۸ ،ح: ۱۱۷۶۔

۴۹۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۱ /۴۳۷ ،ح: ۴۳۷۔

۵۰۔ صحیح البخاری ، ۱ /۱۵۳ ،ح:۱۰۶۹ ۔

۵۱۔ سنن الترمذی , بَاب مَا جَاءَ فِی الرُّخْصَةِ فِی أَكْلِ الثُّومِ مَطْبُوخًا ، ۲/ ۳،ح: ۱۷۳۲۔

۵۲۔ الالبانی،محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ،سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ وأثرہا السیء فی الأمۃ ،دارالمعارف ، الریاض - المملكة العربية السعودية ، الطبعة : ۱ ، ۱۴۱۲ ه،۱۰۲۹ ،ح: ۴۱۰۰۔

۵۳۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر ، ۲۰ /۲۶۴ ،ح:۹۶۹۲ ۔

۵۴۔ الالبانی،محمد ناصر الدین (م۱۴۲۰ ھ) ،السلسلۃ الصحیحۃ ، مکتبہ المعارف الریاض ، ۱۹۸۷ء، ۴ / ۵۴۳،ح: ۱۹۱۳۔

۵۵۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۴ /۳۱۰ ،ح:۱۸۱۰ ۔

۵۶۔ صحیح البخاری ، ۱ /۱۱۸ ،ح:۸۰۸ ۔

۵۷۔ سنن الترمذی ,بَاب مَنَاقِبِ أَبِی بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِیَ اللَّهُ عَنْهُ ، ۲ /۲۰۷ ،ح: ۳۵۹۴۔

۵۸۔ مشکاۃ المصابیح ، ۳ /۱۶۹۹،ح:۶۰۲۶ (۸)۔

۵۹- صحیح وضعیف سنن الترمذی ، ۴/ ۳۱۰،ح: ۱۸۱۰۔

۶۰- صحیح البخاری، ۱/ ۱۷۰،ح:۸۵۵ ۔

محبت کرنے میں احتیاط

قَالَ رَسُول اللہ ﷺ

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

(رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی (قیامت کے دن) اسی کے ساتھ ہو گا جس سے اس نے (دنیا میں) محبت کی)

(الجامع الصحیح للبخاری: ٦١٦٨)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

عہد رسول ﷺ میں امن کا قیام اور استحکام: سیرت طیبہ کی روشنی میں

(Establishment peace and stability in the era of Holy prophet (PBUH) in light of *Seerat e Tayyaba*)

***ڈاکٹر محمد سجاد**

چیئرمین، شعبہ ایمانیات وعبادات بین المذاہب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

****عرفان قیصر**

پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل اسلام آباد

ABSTRACT

Islam is a religion of peace and prosperity, it demands from individuals to live and spread peace. Which means to provide such environment where anyone (human, animal & plants etc.) can live his life without any threat. The last Prophet Muhammad (صلی الله علیه وآله وسلم) initiated peace in his society, later on for whole world. In this study I discussed the peace with the context of Holy Quran and Sunnah of the Last Prophet Muhammad (صلی الله علیه وآله وسلم). His vision of peace and action plan towards establishment & stability of peace during his life period. And proved that the Prophet Muhammad (صلی الله علیه وآله وسلم) eliminated feud & fiction from his society and established the peace.

Thus, this study unfolds the Prophetic vision & strategy for spreading peace in this world. So, it is necessary to follow the life of the last Prophet Muhammad (صلی الله علیه وآله وسلم) to establish global peace.

Keywords: Peace, establishment of peace, prophetic period, prophetic vision of peace, prophetic society, global peace

اسلام کا تعلق سلامتی اور ایمان سے ہے۔ ان دونوں الفاظ کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان اور مومن امن و سلامتی کا پیکر ہو۔ اس کی زندگی کا مقصد دنیا سے فتنہ وفساد' بدامنی اور دہشت گردی' ظلم وبربریت' وحشت وسفاکی کو ختم کرکے عدل وانصاف کا بول بالا کرکے ساری دنیا کو امن وسلامتی کا گہوارا بنانا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب رسول اللہ ﷺ کے ذریعے اقوام عالم کو اسلام کا آخری پیغام دیا تو اس وقت کی دنیا کی نقشہ کشی کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگوں کے اعمال کی وجہ سے خشکی اور سمندر میں ہر طرف فساد برپا تھا' یعنی دنیا میں کوئی گوشہ، کوئی کونہ، خشکی اور تری کا کوئی حصہ ایسا نہ تھا جہاں امن وآشتی کی کوئی لہر موجود ہو جہاں صلح وعافیت کی کوئی سوچ پروان چڑھ رہی ہو' جہاں سلامتی اور سعادت کی ہوا چل رہی ہو بلکہ واقعہ یہ تھا کہ ساری دنیا میدان کارزار بنی ہوئی تھی اور ہر طرف دہشت گردی' ظلم اور بربریت کا دور دورہ تھا۔ اہل عرب کی حالت یہ تھی کہ تم آگ کے گڑھے کے کنارے

تک پہنچ چکے تھے ' خدا نے تم کو اس سے بچا لیا۔ [۲] اور اسی بات کو نبوت کی ایک تمثیل میں بیان کیا ہے' نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''میری اس دعوت وہدایت کی مثال جس کے ساتھ مجھے دنیا میں بھیجا گیا ہے' ایسی ہے جیسے ایک شخص نے آگ روشن کی' جب اس کی روشنی گردوپیش میں پھیلی تو وہ پروانے اور کیڑے جو آگ پر گرا کرتے ہیں' ہر طرف سے امنڈ کر اس میں کودنے لگے' اسی طرح سے' تم آگ میں گرنا اور کودنا چاہتے ہو' اور میں تمہاری کمر پکڑ پکڑ کر تم کو اس سے بچاتا اور علیحدہ کرتا ہوں [۳]۔'' آپ نے بعثت کے بعد ظلم وبربریت سے معمور دنیا کو جو سب سے پہلا پیغام دیا وہ لا الہ الا اللہ کا تھا۔ عقیدہ توحید کے ساتھ امن عالم کے قیام کے لیے آپ نے جو دوسرا انقلاب آفریں سبق انسانیت کو پڑھایا وہ وحدت نسل انسانی کا سبق تھا۔ آپ نے قرآن کے الفاظ میں اعلان فرمایا: لوگو' ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا' تمہارے خاندان اور قبائل اس لیے بنائے تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو' تم میں سے اللہ کے ہاں عزت والا وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے''۔ [۴]

قرآن مجید میں امن کے بارے میں احکامات

قرآن کا موضوع انسان اور اس کے تمام مسائل ہیں۔ قرآن مجید انسان کے تمام مسائل کا پائدار حل مہیا کرتا ہے۔ قرآن مجید میں امن کا لفظ عام طور پر خوف کے مقابلے میں استعمال ہوا ہے۔ قرآن مجید میں مجموعی طور پر سینکڑوں مرتبہ امن کا مفہوم بیان ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لیے پہلا گھر جو بسایا وہ مکہ ہے اور اس کی یہ اہمیت ہے کہ اسے امن والا شہر قرار دیا گیا۔ اس میں داخل ہو جانا تمام خطرات سے محفوظ ہو جانا ہے۔ شہر مکہ کو جائے امن قرار دینا اس بات کی علامت ہے کہ خدا امن کو پسند کرتا ہے۔ خدا نے مکہ کو امن والا شہر بنا کر رول ماڈل دیا ہے اور انسانیت کو یہ سبق دیا ہے کہ باقی تمام دنیا کو امن کا گہوارا بنائیں۔ ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَهَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ﴾ [۵]

(اور قسم ہے اس امن والے شہر کی)۔

دوسرے مقام پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس دعا کا ذکر کیا جو انہوں نے مانگی اور پھر اس دعا کی قبولیت ہوئی اور رب نے اس شہر کو تا قیامت، انسانوں کے لیے امن کا گہوارا بنا دیا۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا بَلَدًا آمِنًا﴾ [۶]

(اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! اسے امن والا شہر بنا دے)۔

پھر اسی موضوع کو قرآن مجید میں دوسرے مقام پر یوں بیان کیا گیا:

﴿أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَمًا آمِنًا﴾ [۷]

(کیا ہم نے انہیں امن وامان اور حرمت والے حرم میں جگہ نہیں دی)۔

حرم کو جائے امن قرار دینے کے بعد یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ جو کوئی بھی اس میں داخل ہو جائے گا امن میں آجائے گا۔ قرآن مجید میں ارشاد مبارک ہے:

﴿وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾[۸]

(اور جو کوئی اس میں داخل ہو گیا امن میں آ گیا)۔

قرآن مجید پوری انسانیت کو امن کا درس دیتا ہے۔ قرآن مجید نے دنیا میں امن قائم کرنے کے جو اصول بیان کیے ہیں اگر ان اصولوں کی روشنی میں چل کر زندگی گزاری جائے تو یہ دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جن احکامات کی بجاآوری کا حکم دیا وہی قیام امن کے ذرائع ہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَىٰ دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ﴾[۹]

(اور اللہ تعالیٰ سلامتی والے گھر کی طرف تمہیں بلاتے ہیں اور اللہ جسے چاہتے ہیں راہ راست پر چلنے کی توفیق عطاء فرماتے ہیں)۔

جان و مال اور عزت و ناموس کی امن و سلامتی

قرآن مجید نے معاشرہ میں امن امان کے قیام کے لیے درج ذیل اقدامات کیے ہیں:

اسلام میں نہ صرف مسلمانوں کے لیے امن و امان کا حکم ہے بلکہ مشرکین جو خدا کے ساتھ غیروں کو شریک کرتے ہیں ان کے لیے بھی امن و امان کا حکم ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَإِنْ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ﴾[۱۰]

(اگر مشرکوں میں سے کوئی تجھ سے پناہ طلب کرے تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ وہ کلام اللہ سن لے پھر اسے اپنی جائے امن تک پہنچا دے)۔

شریعت اسلامیہ میں ہر طبقے کے لیے امن و امان کا حکم دیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں کمزور مردوں، عورتوں اور بچوں کی حفاظت کے لیے لڑنے تک کا حکم دیا گیا ہے اور اسلام کا مقصود یہ ہے کہ یہ غریب طبقے مکمل طور پر امن و امان میں رہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد مبارکہ ہے:

﴿وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ﴾[۱۱]

(بھلا کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور ان ناتواں مردوں، عورتوں اور ننھے ننھے بچوں کے چھٹکارے کے لئے جہاد نہ کرو؟)

دنیا میں امن و سلامتی کے جو ذرائع ہیں ان پر عمل پیرا ہونا نہ صرف دنیاوی زندگی میں قیام امن کا باعث ہیں بلکہ یہ اخروی زندگی میں بھی کامیابی کا ایک ذریعہ ہیں۔ ان ذرائع میں درگزر، معافی اور نیکی شامل ہیں جن سے معاشرہ میں امن کی فضاء پیدا ہوتی ہے۔ جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

﴿فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ﴾[۱۲]

(تو معاف فرماتے رہیے ان کو اور در گزر فرمایئے بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو۔ امن کا پہلا اصول ہی یہ بیان ہوا ہے کہ ایمان اور عمل صالح کروگے تو تمہیں امن دیا جائے گا۔ اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ جن لوگوں نے ایمان کے ساتھ عمل صالح کیے تو انہیں امن بخشا گیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا﴾[13]

(اور انہیں اس دین کا استحکام دے گا جو اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے اور ضرور ان کے خوف کو امن میں بدل دے گا)۔

حسب ذیل ایک اور آیت میں بھی دنیا اور آخرت میں حصول امن کا ایک ضابطہ بتادیا گیا ہے:

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُونَ﴾[14]

(درحقیقت تو امن انہی کے لیے ہے اور راہ راست پر وہی ہیں جو ایمان لائے اور جنہوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ آلودہ نہیں کیا)۔

جس معاشرہ میں بدامنی ہو جاتی ہے اس معاشرہ میں انسان کی قدر و قیمت ختم ہو جاتی ہے۔ انسانی جان کی حرمت اور قدر و قیمت دین اسلام نے ہی بتائی، اسلام نے انسان کو قابل احترام قرار دیتے ہوئے اس کے قتل کو تمام انسانیت کا قتل قرار دیا۔

امن ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ قرآن نے اسے عطیہ الٰہی کے طور پر ذکر کیا ہے۔ اور فرمایا کہ اہل قریش کو اس گھر کے رب کی عبادت کرنی چاہئے جس نے ان کو بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف میں امن دیا۔

﴿الَّذِي أَطْعَمَهُمْ مِنْ جُوعٍ وَآمَنَهُمْ مِنْ خَوْفٍ﴾[15]

(جس رب نے انہیں بھوک سے بچایا کھانا کھلایا اور خوف وہراس سے امن دیا)۔

احادیث نبویہ میں امن کے بارے میں احکامات

رسول اللہ ﷺ کی پوری حیاتِ مبارکہ، محبت، پیار، انس، امن و اخوت، صبر، عفو و در گزر اور رواداری کا عمدہ نمونہ ہے، آپ ﷺ نے ہمیشہ ظلم کی مخالفت کی اور امن وامان اور پیار و محبت کی تلقین کی۔ آپ ﷺ کی تعلیمات معاشرے میں انس و محبت، اخوت، اتحاد، باہمی اشتراک و تعاون کا درس دیتی ہیں۔ آپ ﷺ نے ہمیشہ انسان کا احترام اس کے انسان ہونے کی وجہ سے کیا۔ گویا آپ ﷺ کی نظر میں سب سے اونچا مقام انسانیت کا ہے، چاہے انسان کا تعلق کسی بھی فرقے، رنگ اور نسل سے ہو۔ آپ ﷺ نے انسانیت کا شعور اجاگر کیا اور دنیا کے تمام انسانوں کو پرامن بقائے باہمی کا درس دیا۔ آپ ﷺ نے ظلم، ناانصافی، فتنہ وفساد، طنز و حقارت اور دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے ہدایات دیں جو تا قیامت انسانوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ آپ ﷺ امن وسلامتی کے قیام کی خاطر مختلف ارشادات فرمائے جن کا ذیل میں ہم ذکر کرتے ہیں:

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''المُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ المُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ'' [۱۶]

(بہتر مسلمان وہ ہے جس زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں)۔

اسی طرح ایک دوسرے موقع پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''مَنْ لاَ يَرْحَمُ لاَ يُرْحَمُ'' [۱۷]

(نبی ﷺ نے فرمایا! جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا)۔

عرب معاشرہ تشدد، ظلم و وحشت اور سفاکی سے بھرپور معاشرہ تھا، لیکن حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو امن و سلامتی عام کرنے پر زور دیا۔

''عن البراء بن عازب رضی الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم : أفشوا السلام تسلموا'' [۱۸]

(براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم سلامتی کو عام کرو (اس عمل سے) تم بھی سلامتی میں ہوگے)

اِس حدیث مبارکہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امن و سلامتی عام کرنے پر زور دیا اور انہیں یہ نوید دی کہ اس طرح تم بھی دائرۂ امن میں آجاؤگے۔ احادیث مبارکہ میں متعدد مقام پر ظلم و جبر سے بچنے پر ،پرامن زندگی گزارنے، فتنہ و فساد سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اتَّقُوا الظُّلْمَ، فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاتَّقُوا الشُّحَّ، فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، حَمَلَهُمْ عَلَى أَنْ سَفَكُوا دِمَاءَهُمْ وَاسْتَحَلُّوا مَحَارِمَهُ'' [۱۹]

(ظلم سے بچو اس لئے کہ ظلم قیامت کی بدترین تاریکیوں کا ایک حصہ ہے، نیز بخل وتنگ نظری سے بچو اس چیز نے تم سے پہلے بہتوں کو ہلاک کیا ہے اسی مرض نے ان کو خونریزی اور حرام کو حلال جاننے پر آمادہ کیا)

حقوقِ انسانی کے تحفظ کے لئے اسلام نے سب سے پہلے جو کام سرانجام دیا وہ نہ صرف عرب بلکہ تمام دنیا میں امن و امان کا قیام تھا کیونکہ فتنہ و فساد، خوں ریزی اور قتل و غارت گری اللہ اور اس کے رسول کو قطعاً پسند نہیں۔ اسلام نے امن و سلامتی کے فروغ کے لئے جو اقدامات کئے ان میں حقوق و فرائض کا تعین ہے جو کہ ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی میں ہمارے لئے تحفظ کا ضامن ہے۔ اسلام نے ماں باپ کے حقوق کے علاوہ قرابت داروں کے حقوق، ہمسایہ کے حقوق، یتیموں کے حقوق، بیوہ کے ساتھ حسنِ سلوک، حاجت مندوں کے حقوق، غلاموں کے حقوق، مہمان کے حقوق اور دیگر متعلقہ لوگوں کے حقوق کو بڑے واضح انداز میں بیان فرمایا ہے۔ اسی طرح نہ صرف مسلمانوں کے باہمی حقوق بلکہ پوری انسانی برادری تک کے حقوق کا تعین اور تحفظ کیا ہے۔ امن عالم کی سب

سے بڑی مثال خطبہ حجتہ الوداع ہے جسے آپ ﷺ نے ایک لاکھ سے زائد انسانوں کے سامنے دیا یہ خطبہ انسانی حقوق کا وہ عظیم منشور ہے جسے دنیا کی کوئی قوم پیش نہ کر سکی۔ اس روز نسل، زبان اور رنگ کے فخر و مباہات اور تعصّبا تموقوف ہو گئے۔ اِستحصال، سُود، رشوت، بد عنوانی، نفرت، منافقت، ظلم و تشدد کا خاتمہ کیا گیا، جان، اور عزت وآبرو کو محفوظ و محترم قرار دیا گیا۔ جاہلیت کے تمام خون معاف کر دیے گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

تمام انسان برابر ہیں، کسی عربی کو عجمی پر، کسی گورے کو کالے پر کوئی برتری حاصل نہیں سوائے تقوی کے۔ اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں، کسی کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کا مال ہتھیائے۔ تمہارے خون، مال اور عزت ایک دوسرے کے لیے ایسے حرام ہیں جیسے تمہارے لیے یہ دن یہ مہینہ اور یہ شہر قابل احترام ہے۔ مجرم اپنے جرم کا خود ذمہ دار ہے نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ جاہلیت کے تمام سود اور خون معاف ہیں ہر صاحب حق کو اس کا حق دو، شوہروں اور بیویوں کے ایک دوسرے پر حقوق ہیں۔

آپ ﷺ نے قیدیوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا، زخمی پر حملہ کرنے سے روکا، بھاگنے والے کا پیچھا کرنے کی ممانعت کی، کھیتیوں کو جلانا، سرسبز درختوں کو کاٹنا، مقتولین کی بے حرمتی کرنا وغیرہ کو جرم قرار دیا۔ جنگی قیدیوں کے ساتھ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا سلوک روا رکھا کہ ان کے دلوں میں اخلاق حسنہ کی دھاک بیٹھ جاتی۔ وہ جب رہا ہو کر اپنے قوم و قبیلہ میں چلے جاتے تو اُن کی زبانیں مرسل اعظم کی مدح طراز ہو جاتیں، اسی طرح فتح مکہ کے بعد مکہ پر مکمل تسلط و غلبہ کے باوجود آپ کی طرف سے عام معافی کا اعلان ایک ایسا تاریخی کارنامہ ہے جسے رہتی دنیا تک بھلایا نہیں جاسکتا۔ اس موقع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ یہ کہ صرف بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کو امان دیا بلکہ ہر اس شخص کو امان دے دیا جنہوں نے امان چاہا بلکہ انہیں بھی امان دے دیا جو حضرت ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو گئے اور قیدیوں کو بغیر فدیہ کے آزادی کا پروانہ عنایت فرمایا۔

فتنہ و فساد کی مذمت قرآن مجید کی روشنی میں

اسلام قتل و خونریزی کے علاوہ فتنہ انگیزی، دہشت گردی اور جھوٹی افواہوں کی گرم بازاری کو بھی سخت ناپسند کرتا ہے وہ اس کو ایک جارحانہ اور وحشیانہ عمل قرار دیتا ہے۔ اور فتنہ و فساد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ اسلامی ریاست میں امن وامان قائم کرنے کی ذمہ داری حکومت پر ہوتی ہے۔ جب امن وانتظام قائم کرنے کی ذمہ داری اسلامی حکومت کی ہو، اس کے اندر بدامنی پیدا کرنے کو خدا اور رسول سے جنگ قرار دیا گیا ہے۔ ایک پر امن نظام کے خلاف بغاوت کرنا فتنہ و فساد کو جنم دینا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ﴾[20]

(جو اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے لڑیں اور زمین میں فساد کرتے پھریں ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا مخالف جانب سے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں۔ یا انہیں جلا وطن کر دیا جائے یہ تو ہوئی انکی دنیاوی ذلت اور خواری، اور آخرت میں ان کے لئے بڑا بھاری عذاب ہے)۔

فتنہ و فساد، قتل سے بھی بڑا جرم قرار دیا گیا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ فتنہ پورے معاشرے میں تباہی مچاتا ہے۔

﴿وَ الْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ﴾[۲۱]

(فتنہ قتل سے بھی بڑا گناہ ہے)۔

معاشرے میں بدامنی اور فساد و بے چینی کا ایک سبب معاشرتی، معاشی اور سیاسی شعبوں میں ظلم و زیادتی اور حقوق کی پامالی بھی ہے۔ ظالم اپنے اقتدار، معاشرتی برتری، یا معاشی شعبے میں بالا دستی کی بنا پر دوسروں کو زیادتی کا نشانہ بناتا ہے۔ ان کا استحصال کرتا ہے تو متاثرہ افراد یا طبقات احتجاج کرتے ہیں۔ اگر احتجاج غیر موثر ہو جائے تو وہ ظالم سے خود نمٹنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں معاشرہ بدامنی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسلام اس سلسلے میں معاملات کو جڑ سے پکڑتا ہے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ حقوق کی عدم ادائیگی دنیوی اعتبار سے قابل دست اندازی آئین و قانون ہے اور آخرت میں بھی قابل مؤاخذہ جرم قرار دیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اپنے آپ کو مظلوم کی بد دعا سے بچاؤ کیونکہ مظلوم کی آہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی آڑ اور رکاوٹ نہیں ہوتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

''قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا''[۲۲]

(آپ ﷺ نے فرمایا! اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم)۔

صحابہؓ نے عرض کی کہ مظلوم بھائی کی تو مدد سمجھ میں آتی ہے، ظالم کی مدد کیسے کی جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ظالم کا ہاتھ روکنا اور اسے ظلم سے باز رکھنا اس کی مدد ہے

قیام امن کے لیے اقدامات (ایجابی پہلو) مامورات

ا۔ نظام عدل کا قیام

عدل ایک وسیع المعنی لفظ ہے جس کا مفہوم ہے توازن، تناسب، مساوات، انصاف، ہم آہنگی اور افراط و تفریط سے اجتناب اور لوگوں سے تعلقات ان بنیادوں پر قائم کرنا جن سے ہر فرد کو جائز حق مل سکے۔ اسلام میں عدل و انصاف کا دائرہ اجتماعی اور باہمی معاملات تک ہی محدود نہیں بلکہ وہ ہر شعبہ زندگی میں اور انسانی کردار کی ہر سطح پر عدل کا نفاذ چاہتا ہے۔ اسلام میں عدل و انصاف کی حدود اس قدر وسیع ہیں کہ دینی امتیاز اور مذہبی تفریق سے بھی بالاتر رہتے ہوئے زندگی کے عالمگیر اور آفاقی اصول کی حیثیت سے اس کی تکمیل کا حکم دیا گیا ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ﴾[۲۳]

(اور اگر تم فیصلہ کرو تو ان میں عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو، یقیناً عدل والوں کے ساتھ اللہ محبت رکھتا ہے)۔

پیر محمد کرم شاہ اس آیت کی تفسیر کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

''ایک مسلم ریاست میں، ایسے امور جن کا تعلق ملک کے داخلی امن و امان یا خارجی سلامتی کے ساتھ ہے تو ایسے معاملات میں مسلمان قاضی فیصلہ کرے گا کیونکہ اگر معاملات میں تساہل اور غفلت روا رکھی جائے تو فتنہ فساد کے پھیلنے کا اندیشہ ہے۔۔۔جب فیصلہ کیا جائے تو عدل و انصاف کو پیش نظر رکھا جائے کسی کا یہودی یا منافق اور دشمن دین ہونا اس پر ظلم کرنے اور اس کا حق ضائع کرنے کے لیے وجہ جواز نہیں بن سکتا''۔[۲۴]

۲۔انسان کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ

اسلام انسان کی جان و مال اور عزت و آبرو کی مکمل ضمانت دیتا ہے۔انسانی جان کی اس قدر اہمیت ہے کہ ایک انسان کے قتل کو ساری انسانیت کا قتل قرار دیا گیا ہے۔اسلام میں جس طرح انسانی جان کی حفاظت کی ضمانت دی گئی ہے اسی طرح انسان کے مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی ضمانت بھی دی گئی ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد مبارکہ ہے:

﴿وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ﴾[۲۵]

(اور کسی ایسے شخص کو جسے قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے منع کر دیا ہے وہ بجز حق کے قتل نہیں کرتے)۔

۳۔۔کمزور اور محروم طبقات کے حقوق

اسلام نے قیام امن کے لیے محروم طبقات کے حقوق کا اعلان کیا ہے۔جب تک معاشرے کے محروم طبقوں کو ان کے تمام حقوق نہیں دیے جاتے معاشرے میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔

۴۔صلہ رحمی، خیر خواہی اور صلح کا حکم

شریعت اسلامیہ میں قیام امن کی خاطر صلہ رحمی، خیر خواہی اور صلح کا حکم دیا گیا ہے، جس معاشرہ میں قطع رحمی ہو گی اس معاشرہ میں کبھی بھی امن قائم نہیں ہوگا۔خیر خواہی کی جگہ بد خواہی اور صلح کی بجائے جھگڑا ہوگا تو امن کا قیام ممکن نہیں ہوگا۔یہی وجہ ہے کہ شریعت اسلامیہ میں قیام امن کی خاطر صلہ رحمی، خیر خواہی اور صلح کا حکم دیا گیا ہے۔صلہ رحمی کی ایک خاصیت ہے جس کی وجہ سے معاملات آسان ہو جاتے ہیں، اخلاق عمدہ ہو جاتا ہے، اور زندگی برکت و سعادت والی بن جاتی ہے۔اس کے برعکس قطع رحمی دنیا میں بد بختی، بدمزگی، شر و فساد، کڑہن، بغض و عداوت اور نفرت کا باعث ہے، اور اللہ تعالیٰ کے غضب کا سبب ہے، جس سے انسان اللہ کی رحمت سے دور ہو جاتا ہے۔ قطع رحمی سے فساد پیدا ہوتا ہے اور معاشرہ بد امنی، بد انتظامی، معاشرتی بگاڑ اور تنزلی کی طرف جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے رشتہ داروں کو خیر کی وصیت کی ہے۔ چنانچہ فرمایا:

﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾[26]

(اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناطے توڑنے سے بھی بچو بے شک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے)۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

''تعبد اللہ، ولا تشرك به شيئا، وتقيم الصلاة، وتؤتي الزكاة، وتصل الرحم''[۲۷]

(نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (سنو) اللہ کی عبادت کرو اور اس کا کوئی شریک نہ ٹھہراو ۔ نماز قائم کرو۔ زکوۃ دو اور صلہ رحمی کرو)۔

اسلام میں صلح کی اہمیت بہت زیادہ ہے، کیونکہ صلح قیام امن میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔آپ ﷺ نے اپنے حیات مبارکہ میں ہمیشہ صلح سے کام لیا اور تاریخ گواہ ہے کہ معاشرے کو بہت بڑے فساد سے بچایا۔ تنصیب حجر اسود کے واقع میں آپ ﷺ نے صلح کے ذریعہ سے قبائل عرب کو بہت بڑے فتنہ و فساد سے بچایا۔ صلح کی اہمیت اس قدر ہے کہ کہ کافر بھی صلح کی طرف مائل ہوں تو ان سے صلح کی جائے۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾[28]

(اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو بھی صلح کی طرف جھک جا اور اللہ پر بھروسہ رکھ یقیناً وہ سننے جاننے والا ہے)۔

۵۔اتفاق اور اتحاد

قیام امن کا ایک بہترین ذریعہ اتفاق و اتحاد ہے، اتحاد امن عالم کی ضمانت ہے، اتحاد کے بغیر کسی قسم کا امن ممکن نہیں۔ قرآن مجید انسانوں کو اتفاق و اتحاد کا درس دیتا ہے۔اتفاق و اتحاد ایک فولادی قوت ہے، ترقی اور عروج کا سبب ہے اور اختلاف انتشار کمزوری، پسپائی اور زوال کا باعث بنتا ہے، دنیا کا سارا نظام اتفاق و اتحاد پر چل رہا ہے۔ جن ممالک میں اتحاد نہیں ان میں خانہ جنگی ہے۔ دنیا کی ساری چیزوں میں اتحاد و اتفاق پایا جاتا ہے۔انسان تو اشرف المخلوقات ہے ،انسانوں کے اندر اتفاق و اتحاد کا ہونا انسانیت کی علامت ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد مبارکہ ہے:

﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا﴾[۲۹]

(اللہ تعالیٰ کی رسی کو سب ملکر مضبوط تھام لو اور پھوٹ نہ ڈالو)۔

۶۔اخوت اور بھائی چارہ کا حکم

اخوت اور بھائی چارہ ایک عام معاشرے کا جزو لازم ہے اور مسلم معاشرے میں اسکی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ باہمی محبت، مدد کا جذبہ، ہمدردی اور تعاون کرنے کا داعیہ ہی مسلم معاشرے میں خدا پرستی کے ساتھ ساتھ تعلق بالعباد کی بنیادیں مضبوط کرتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ﴾

((یاد رکھو) سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں میں ملاپ کرادیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے)۔

امن عالم کو تہہ و بالا کرنے کا آغاز فرد کے فرد سے تعلقات کی کشیدگی سے ہوتا ہے۔ اسلام نے افراد کے باہمی تعلقات کو کشیدہ کرنے والے تمام امور کو یکسر منع کرتے ہوئے ایسے تعلقات کی بنیاد رکھی جس میں تمام بنی نوع انسان کا باہمی برادرانہ اور مساویانہ رشتہ قائم کردیا: چنانچہ فرمایا:

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ عَسَى أَنْ يَكُونُوا خَيْرًا مِنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِنْ نِسَاءٍ عَسَى أَنْ يَكُنَّ خَيْرًا مِنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ وَمَنْ لَمْ يَتُبْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَيَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَحِيمٌ﴾[31]

(اے ایمان والو' کوئی قوم دوسری قوم سے مذاق نہ کرے' شاید وہ ان سے معتبر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے' شاید وہ ان سے بہتر ہوں' نہ ایک دوسرے کو عیب لگائیں اور نہ چڑانے کے لیے ایک دوسرے کے نام ڈالیں۔ ایمان لانے کے بعد نافرمانی کرنا برا نام ہے' جو کوئی توبہ نہیں کرتا وہی ظالموں میں سے ہے۔ اے ایمان والو' بدگمانی سے بچو' بدگمانی بسا اوقات گناہ ہوتی ہے' کسی کے بھید نہ ٹٹولو' اور کوئی کسی کی غیبت نہ کرے' بھلا کوئی یہ پسند کرسکتا ہے کہ اپنے بھائی کا مردہ گوشت کھائے' اس سے تمہیں گھن آتی ہے۔ اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا' رحم کرنے والا ہے)۔

اس کے برعکس یہ بتایا کہ تمام بنی نوع انسان کا آپس میں برادرانہ رشتہ ہے سب ایک مرد اور ایک عورت کی اولاد میں سے ہیں اور اگر کسی وقت ان میں کوئی اختلاف ہو جائے تو ان میں مصالحت کروائی جائے اور اختلاف کو ختم کرنے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا إِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ، وَإِنَّ أَبَاكُمْ وَاحِدٌ أَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلَى عَجَمِيٍّ، وَلَا لِعَجَمِيٍّ عَلَى عَرَبِيٍّ، وَلَا أَحْمَرَ عَلَى أَسْوَدَ، وَلَا أَسْوَدَ عَلَى أَحْمَرَ، إِلَّا بِالتَّقْوَى"[32]

(لوگو' تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک ہے۔ کسی عربی کو عجمی پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی برتری حاصل نہیں)

۷۔ قانون کی پاسداری

کسی بھی معاشرے میں امن قائم کرنے کے لیے قانون کی بالادستی ضروری ہے۔ جن معاشروں میں قانون کی بالادستی نہیں ہوتی وہاں جنگل کا قانون رائج ہو جاتا ہے۔ شریعت اسلامیہ نے قانون کی رٹ قائم رکھنے پر زور دیا

ہے اور ایسا نہ کرنے والوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے داخلی امن و استحکام اس وقت تک قائم نہیں ہو سکتا جب تک تمام افراد معاشرہ پر یکساں قانون لاگو نہ ہو۔ جرائم کی نوعیت کو مد نظر رکھ کر سزا تجویز کی جائے۔ اور یہ سزا سب لوگوں کے لیے یکساں ہو۔ کوئی شخص قانون سے بالاتر نہ ہو۔ قانون کی پاسداری سے متعلق قرآن مجید میں ارشاد مبارکہ ہے:

﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾[۳۳]

(اور جو اللہ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی لوگ کافر ہیں)۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾[۳۴]

(اور جو اللہ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی لوگ ظالم ہیں)۔

تیسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾[۳۵]

(اور جو اللہ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی لوگ فاسق ہیں)۔

دور حاضر میں ان آیات کا اطلاق قوانین نافذ کرنے والوں پر ہوتا ہے۔ قوانین نافذ کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ قرآن سنت کے مطابق قوانین مرتب کریں۔ اور عوام کو قرآن سنت کے مطابق بنائے ہوئے قوانین کی پیروی کرنی چاہیے۔ اگر تو قوانین قرآن و سنت کے مطابق بنے ہوئے ہیں تو فبھا اور اگر قوانین قرآن و سنت کے مطابق نہیں بنے ہوئے تو قانون مرتب کرنے والوں کی ذمہ داری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نافذ کردہ حکم کے مطابق قانون بنائیں۔ انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین پر عمل کرنا اور خدائی قوانین کو ترک کرنا کفر و معصیت ہے۔ دور حاضر میں خدا کے بنائے ہوئے قوانین پر عمل درآمد نہیں ہو رہا اور انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین پر عمل کیا جاتا ہے۔ قانون مرتب کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ قوانین میں تبدیلی لائیں اور خدا کے نازل کردہ حکم کے مطابق قوانین مرتب کریں اور پھر انسانوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ اللہ کے بنائے ہوئے قوانین پر عمل کریں۔

۸۔ حدود کا نفاذ

اسلام میں شرعی حدود کا نفاذ بھی قیام امن کی خاطر کیا گیا ہے

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾[36]

(جو اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے لڑیں اور زمین میں فساد کرتے پھریں ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا مخالف جانب سے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ

دیئے جائیں۔ یا انہیں جلا وطن کر دیا جائے یہ تو ہوئی انکی دنیاوی ذلت اور خواری، اور آخرت میں ان کے لئے بڑا بھاری عذاب ہے)۔

حضرت شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں:

''شریعت نے بعض جرائم پر حدود مقرر کی ہیں یہ وہ جرائم ہیں جن کی وجہ سے دنیا میں فتنہ اور فساد پیدا ہوتا ہے اور مسلم معاشرے کا امن اور سکون غارت ہو جاتا ہے۔ دوسرے ان جرائم کے بار بار ارتکاب سے نفس انسانی کو ان جرائم کی لت پڑ جاتی ہے پھر اس جرم سے باز رکھنا انتہائی مشکل ہوتا ہے۔ اکثر اوقات بیچارے مظلوم کے لیے یہ ممکن نہیں ہوتا کہ وہ ان مجرموں کے مقابلے میں اپنا تحفظ کر سکے۔ اس طرح کے جرائم کے خاتمے کے لیے محض آخرت کے خوف اور وعظ و تلقین سے کام نہیں چلتا بلکہ اس کے لیے سخت سزاوں کا نفاذ ضروری ہے''۔[۳۷]

قیام امن کے لیے اقدامات (سلبی پہلو) منہیات

۱۔ فتنہ و فساد کی ممانعت

قیام امن کی راہ میں بڑی رکاوٹ فتنہ و فساد ہے۔۔فریب، دھوکہ دہی اور منافقت ایسے ذرائع ہیں جو قیام امن کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہیں۔اور یہ اسباب فساد کا باعث بنتے ہیں۔قرآن مجید کی رو سے ایسے تمام امور جو فساد پر منتج ہوتے ہیں، قابل مذمت ہیں۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ﴾[۳۸]

(اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ کرو تو جواب دیتے ہیں کہ ہم صرف اصلاح کرنے والے ہیں، خبر دار رہو! یقیناً یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں لیکن انہیں شعور نہیں)۔

مفتی محمد شفیع لکھتے ہیں:

''زمین میں فتنہ و فساد جن چیزوں سے پھیلتا ہے ان میں کچھ تو ایسی ہیں جن کو ہر شخص فتنہ و فساد سمجھتا ہے جیسے قتل و غارت گری، چوری، دھوکہ، فریب، بدکاری وغیرہ، ہر سمجھدار آدمی ان کو شر و فساد سمجھتا ہے اور ان سے بچتا ہے، لیکن کچھ چیزیں بظاہر فتنہ و فساد نہیں ہوتیں مگر ان کی وجہ سے انسانوں کے اخلاق برباد ہو جاتے ہیں اور اس طرح اخلاقی گراوٹ فتنوں اور فسادوں کے دروازے کھول دیتی ہے، ان منافقین کا بھی یہی حال تھا کہ چوری ڈاکہ بدکاری وغیرہ سے بچتے تھے اسی لیے بڑے زور سے اپنے مفسد ہونے کا انکار اور مصلح ہونے کا اثبات کیا''۔[۳۹]

۲۔ فرقہ واریت کی ممانعت

نوع انسانی کا اصل دین وہی دین فطرت ہے جو خدا کا نازل کردہ ہے۔ یہ دین، دین توحید ہے۔اس وقت جتنے مذاہب دنیا میں پائے جاتے ہیں یہ سب کے سب اس اصلی دین میں بگاڑ آنے سے رونما ہوئے ہیں، اور یہ بگاڑ اس لیے آیا

ہے کہ مختلف لوگوں نے فطری حقائق پر اپنی اپنی نو ایجاد باتوں کا اضافہ کرکے اپنے الگ دین بناڈالے، اور ہر ایک اصل حقیقت کے بجائے اس اضافہ شدہ چیز کا گرویدہ ہوگیا جس کی بدولت وہ دوسروں سے جدا ہو کر ایک مستقل فرقہ بنا تھا۔

﴿اِنَّ الَّذِیۡنَ فَرَّقُوۡا دِیۡنَہُمۡ وَکَانُوۡا شِیَعًا لَّسۡتَ مِنۡہُمۡ فِیۡ شَیۡءٍ ؕ اِنَّمَاۤ اَمۡرُہُمۡ اِلَی اللّٰہِ ثُمَّ یُنَبِّئُہُمۡ بِمَا کَانُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ﴾[40]

(بیشک جن لوگوں نے اپنے دین کو جدا جدا کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے، آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں بس ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے پھر ان کو ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے)۔

فرقہ واریت کی اس قدر ممانعت ہے کہ اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو دوسروں کو چاہیے کہ وہ آپس میں صلح کروائیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَۃٌ فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَ اَخَوَیۡکُمۡ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ﴾[41]

(تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں میں ملاپ کرا دیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے)۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

"مَنْ فَارَقَ الجَمَاعَةَ شِبْرًا فَمَاتَ، إِلَّا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً"[42]

(جو جماعت سے ایک بالشت بھی دور ہوا وہ جاہلیت کی موت مرا)۔

فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے اسلام نے جو ایک اہم ترین قدم اٹھایا ہے وہ تکفیریت کی ممانعت ہے۔ اسلام مذہبی بنیادوں پر ایک دوسرے کو کافر قرار دینے کی مذمت کرتا ہے۔ فرقہ بندی کرکے ایک دوسرے کو کافر قرار دینا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔

۳۔ غرور و تکبر کی مذمت

کبر و غرور کا مفہوم یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو دوسرے سے بڑا سمجھے اور اس بڑائی کے اظہار کو تکبر کہتے ہیں۔ تکبر ایک ایسی صفت ہے جس کا مستحق صرف اللہ کی ذات ہے اگر مخلوق کا کوئی فرد اس کا دعویٰ کرے تو وہ جھوٹا ہے۔

﴿لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَمَا یُعۡلِنُوۡنَ ؕ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الۡمُسۡتَکۡبِرِیۡنَ﴾[43]

(بیشک و شبہ اللہ تعالیٰ ہر اس چیز کو، جسے وہ لوگ چھپاتے ہیں اور جسے ظاہر کرتے ہیں، بخوبی جانتا ہے۔ وہ غرور کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا)۔

۴۔ ظلم اور تشدد کی ممانعت

معاشرے میں بدامنی اور فساد کا سبب ظلم ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لاَ يَظْلِمُهُ وَلاَ يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللَّهُ فِي حَاجَتِهِ، وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً، فَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ القِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ القِيَامَةِ''[۴۴]

(مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس پر ظلم و زیادتی نہیں کرتا۔اور جو کسی مسلمان کی حاجت پوری کرتا ہے تو اللہ اس کی حاجت پوری کرتا ہے۔اور جو کسی مسلمان سے تکلیف دور کرتا ہے اللہ قیامت کے دن اس کی تکالیف دور کرتا ہے۔اور جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے، اللہ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا)۔

۵۔ حقوق سے محروم نہ کرنا

فتنہ و فساد کا ایک بڑا سبب لوگوں کو ان کے حقوق سے محروم کرنا ہے۔روٹی، کپڑا اور مکان ہر شخص کا بنیادی حق ہے، جو کوئی یہ حق چھیننے کی کوشش کرتا ہے گویا وہ لوگوں کا بنیادی حق چھین کر فتنہ و فساد پھیلانے کی کوشش کرتا ہے۔ان حقوق کے علاوہ انسان کے جتنے بھی حقوق ہیں اسلام ان سب کی ادائیگی کا حکم دیتا ہے۔اسلام نہ صرف انسانوں کا تحفظ کرتا ہے بلکہ جانوروں کو نقصان پہنچانے کی بھی ممانعت کرتا ہے۔ملک میں خوف و ہراس پھیلانا، بے گناہوں کو قتل کرنا، املاک تباہ کرنا، ایسے واقعات انسانی معاشرہ میں امن کو تباہ کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لئے املاک اور حیوانات کو نقصان پہنچانے کی قرآن مجید میں شدید مذمت کی گئی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ﴾[۴۵]

(جب وہ لوٹ کر جاتا ہے تو زمین میں فساد پھیلانے کی اور کھیتی اور نسل کی بربادی کی کوشش میں لگا رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ فساد کو ناپسند کرتا ہے)۔

۶۔ غصہ اور اشتعال کی ممانعت

غصہ وہ بنیادی جڑ ہے جو فتنہ و فساد کا سبب بنتی ہے۔غصہ وہ عمل بد ہے جو شیطان کے اشتعال کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے۔قیام امن کے لئے اٹھائے گئے اقدامات میں سے ایک اہم قدم غصہ اور اشتعال کی ممانعت ہے۔تیز و تند جذبات کے مواقع پر تحمل و بردباری سے کام لینا اور اپنی قوت برداشت پیدا کرنا ہی عقل مندی ہے۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ﴾[۴۶]

(غصہ پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کر دینے والے)۔

انسان ہر معاملے میں اعتدال سے کام لے اور میانہ روی اختیار کرے اور شدت پسندی اور عدم برداشت سے باز رہے تو معاشرہ پر امن اور فتنہ و فساد سے پاک ہو سکتا ہے۔قرآن مجید فرقان حمید میں برداشت اور تحمل کے معاملے میں واضح ہدایات موجود ہیں۔قرآن مجید جگہ جگہ پر تحمل کا حکم دیتا دراصل صبر و تحمل ہی معاشرے میں پائیدار امن کی ضمانت ہے اگر قرآنی تعلیمات پر عمل کرکے صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا جائے تو معاشرہ ایک پر امن اسلامی معاشرہ بن سکتا ہے۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ﴾[۴۷]

(اور ہم کسی نہ کسی طرح تمہاری آزمائش ضرور کریں گے، دشمن کے ڈر سے، بھوک پیاس سے، مال و جان اور پھلوں کی کمی سے اور ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دیجئے)۔

۷۔فحاشی، عریانی اور بے حیائی کی ممانعت

فتنہ و فساد اور بد امنی کا ایک بڑا سبب فحاشی و عریانی اور بے حیائی بھی ہے۔۔فحاشی اور عریانی نے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ٹی وی ،اخبار، رسائل، جرائد، ٹوئٹر، فیس بک اور اسی طرح کے دیگر زرائع کی مدد سے معاشرے کو بری طرح مفلوج کرکے رکھ دیا گیا ہے۔۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ﴾[۴۸]

(مسلمان مردوں سے کہو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھیں یہ ان کے لئے پاکیزگی ہے، لوگ جو کچھ کریں اللہ تعالیٰ سب سے خبر دار ہے)۔

۸۔سود، رشوت اور بد دیانتی کی ممانعت

معاشی فساد کا ایک سبب سودی نظام بھی ہے۔قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ﴾[۴۹]

(اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو سود باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو اگر تم سچ مچ ایمان والے ہو۔اور اگر ایسا نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے لڑنے کے لئے تیار ہو جاؤ ہاں اگر توبہ کرلو تو تمہارا اصل مال تمہارا ہی ہے، نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے)۔

معاشی فسادات اور بد امنی کا ایک سبب قمار یعنی جواء بھی ہے ،اس میں ظالمانہ طریقے سے مال کمایا جاتا ہے۔معاشرہ میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ ان کاموں میں مبتلا ہوتے ہیں نہ کہ صرف ان کی زندگیاں برباد ہوتی ہیں بلکہ ان کی وجہ سے پورا معاشرہ تباہ ہو جاتا ہے۔جوئے کی مذمت میں قرآن میں ارشاد ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾[50]

(اے ایمان والو! بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور تھان اور فال نکالنے کے پانسے سب گندی باتیں، شیطانی کام ہیں ان سے بالکل الگ رہو تاکہ تم فلاح یاب ہو)۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ﴾[51]

(شیطان تو یوں چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کہ ذریعے سے تمہارے آپس میں عداوت اور بغض واقع کرادے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز سے تمہیں باز رکھے سو اب بھی باز آجاؤ۔

حواشی وحوالہ جات

١- سورۃالروم ٣٠: ٤١
٢ - سورۃآل عمران٣:٣ ١٠
٣- البخاری،محمد بن اسماعیل،الجامع الصحیح ،کتاب الایمان،الرقائق، باب الانتها عن المعاصی
٤- سورۃالحجرات٤٩: ١٣
٥- سورۃالتین٩٥:٣
٦- سورۃالبقرة٢:١٢٥
٧- سورۃالقصص ٢٨: ٥٧
٨ - سورۃآل عمران ٣:٩٧
٩- سورۃیونس ١٠: ٢٥
١٠- سورۃالتوبة٩: ٦
١١- سورۃالنساء٤: ٧٥
١٢- سورۃالمائدة٥: ١٣
١٣- سورۃالنور٢٤: ٥٥
١٤- سورۃالانعام ٦: ٨٢
١٥- سورۃالقریش ١٠٦: ٤
١٦- البخاری،محمد بن اسماعیل،الجامعالصحیح ،کتاب الایمان،باب الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ، رقم ٢٧٨٤
١٧- البخاری،محمد بن اسماعیل،الجامع الصحیحکتاب الادب،باب:رحمةالناس والبهائم،رقم ٣٣٩٨
١٨- احمد، احمد بن حنبل، مسند احمد،حدیث البراء بن عازب۔رقم:٣٢٨٩
١٩- مسلم بن الحجاج، الجامع الصحیح ،کتاب البر والصله،باب،تحریم الظلم۔رقم:٤٣٢١
٢٠- سورۃالمائدة٣٣:
٢١- سورۃالبقرة ٢: ٢١٧

۲۲- البخاری،محمد بن إسماعیل، الجامع الصحیح،کتاب المظالم والغضب،باب عن اخاک ظالما او مظلوما، رقم ۸۹۷۳

۲۳ - سورۃالمائدۃ ۴۲:۵

۲٤- الازہری،پیر کرم شاہ ،ضیاالقرآن ،ج ۱،ص۴۷۲۔

۲۵- سورۃالفرقان ٦٨:٢٥

۲٦ سورۃالنساء۴: ۱

۲۷ البخاری، محمد بن إسماعیل ،الجامع الصحیح، کتاب الزکوۃ،باب وجوب الزکوۃ،رقم ۸۵۳۲

۲۸ سورۃالانفال ۸: ٦١

۲۹ سورۃعمران ۱۰۳:۳

۳۰ سورۃالحجرات۱۰:۴۹

۳۱ الحجرات۱۱:۴۹

۳۲ مسند احمد: حدیث۲۳٤۸۹

۳۳ سورۃالمائدۃ ۵: ۴۴

۳٤ سورۃالمائدۃ ۵: ۴۵

۳۵ سورۃالمائدۃ ۵: ۴۷

۳٦ سورۃالمائدۃ۵: ۳۳

۳۷ شاہ ولی اللہ ،حجۃ اللہ بالغہ،حصہ دوم ،ص۱۵۸۔

۳۸ سورۃالبقرۃ ،۱۱،۱۲:۲

۳۹ محمد شفیع،مفتی،معارف القرآن ، ،ج ۱ ،ص۱۲۹۔

٤۰ سورۃالانعام ۱۵۹:٦

٤۱ سورۃالحجرات ۴۹: ۱۰

٤۲ البخاری،محمد بن إسماعیل ،الجامع الصحیح، کتاب الفتن،باب قول النبیﷺ۔رقم ۹۸۱۲

٤۳ سورۃالنحل ۲۳:۱٦

٤٤ البخاری، محمد بن إسماعیل، الجامع الصحیح،کتاب المظالم والغضب،باب لا یظلم المسلم المسلم ولا یسلمہ،رقم ۹۷۵۲

٤۵ سورۃالبقرۃ۲۰۵:۲

٤٦ سورۃآل عمران۳ :۱۳۴

٤۷ سورۃالبقرۃ ۲ : ۱۵۵

٤۸ سورۃالنور۲۴: ۳۰

٤۹ سورۃالبقرۃ۲۷۸،۲۷۹:۲

۵۰ سورۃالمائدۃ۵: ۹۰

۵۱ سورۃالمائدۃ۹۱:۵

نیکی اور بدی کی پہچان

قَالَ رَسُول اللّٰہ ﷺ

الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔

(رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیکی حسن اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے۔ جو آپ کے دل میں کھٹکے اور آپ ناپسند کریں کہ لوگوں کو اس کی خبر ہو)

(الجامع الصحیح لمسلم: ۲۵۵۳)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی رواداری اور مکالمے کی عصری ضرورت واہمیت

(The Importance of Interfaith Harmony, Lenience and Dialogue in the Present Era in the Light of *Seerah*)

***ڈاکٹر نعیم انور الازہری**
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی لاہور
****ڈاکٹر احمد رضا**
اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کھڑک راولاکوٹ

ABSTRACT

A deep analysis of the teachings of all religions as a whole reveal that they are based on love to human beings. It is so, because the propagation of religious thought cannot be carried out unless man is loved. Love to humanity is the essence of all religions. The whole mankind shares genetic unity being the sons or daughters of Adam and Eve (peace be upon them). They resemble one another in form have a sense of their rights and like to live in a society. Difference of opinion is natural to them but a sound solution of their disputes is in mutual harmony and dialogue. This has been the way of Allah Almighty and His Prophets. Man's viceregency on Earth is the outcome of a dialogue. The remedy of all contemporary issues among individuals and nations surely lies in interfaith harmony through dialogue conducted and propagated at greater levels. This article aims to discuss the importance of interfaith harmony, lenience and dialogue in the present era in the light of holy Quran and Seerah of the holy Prophet (peace be upon him).

Kew words: Interfaith harmony, humanity, lenience, dialogue.

موضوع کا تعارف

انسان کا انسان سے تعلق باہمی محبت و مودّت اور صبر و برداشت کے ذریعے قائم ہوتا ہے۔ جس قدر باہمی الفت و چاہت کے جذبات اور تعلقات استوار ہوتے چلے جاتے ہیں، انسانوں میں باہمی میل جول بڑھتا رہتا ہے، معاشرتی رشتے اور سماجی ناطے مضبوط ہوتے جاتے ہیں۔ اگر ان تعلقات کو زمانے کی گرم ہوا لگے، انسانی طبیعتوں کی حدت نقصان پہنچائے، انسان کی محبت پر اس کی نفرت غالب آجائے، انسان کی پسندیدگی ناپسندیدگی میں بدل جائے اور چاہت عدمِ چاہت کا شکار بھی ہو جائے لیکن صبر و برداشت کی قوت انسان پر غلبہ پا جائے تو انسانی تعلقات ٹوٹتے ہوئے بھی قائم رہ سکتے ہیں۔ صبر و برداشت کی وجہ سے انسان کا انسان سے تعلق عداوت میں نہیں بدلتا اور قبولیت کی کوئی نہ کوئی صورت باقی رہتی ہے۔ موجودہ زمانہ میں بدامنی اور عدم برداشت عروج پر ہے۔ چنانچہ اس عہد میں بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور مکالمے کی عصری ضرورت، اہمیت اور افادیت کو واضح کرنا ضروری ہے۔ زیر نظر مقالہ میں اسی چیز کو قرآن مجید اور سیرت طیبہ کی روشنی میں اجاگر کیا گیا ہے۔

نسلِ انسانی کا آغاز وارتقاء

اللہ ربّ العزت نے زمین وآسمان کو پیدا کیا ہے اور اس کائنات میں انسان کو اشرف المخلوق بنایا ہے۔ اپنی ساری مخلوقات میں فضیلت کا تاج اس کے سر پر سجایا ہے۔ اس انسان کو ساری دنیا میں بسایا ہے اور اسے ہر جگہ آباد کیا ہے۔ زمین وآسمان کی ہر چیز کو اس کے لیے مسخر کر دیا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ اس انسان کا دوسرے کے ساتھ تعلق کیا ہے؟، ہزاروں میل دُور بسنے والے انسان کا دوسرے ملک میں رہنے والے انسان سے کیا واسطہ ہے؟ ایک قوم کا دوسری قوم سے تعلق کیا ہے؟ ایک نسل کا دوسری نسل سے باہم علاقہ کیا ہے؟ قرآن کریم نے ان سب سوالوں کا جواب اور انسانوں کے تعلقات کی باہم حقیقت کو اُجاگر کرتے ہوئے بیان فرمایا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنٰكُم مِّن ذَكَرٍ وَ أُنثَى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوباً وَ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللّٰهِ أَتْقٰكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ﴾[1]

(اے لوگو! بیشک ہم نے تم سب کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور ہم نے تمہیں مختلف قوموں اور قبیلوں میں رکھا تاکہ تم باہم شناخت کر سکو۔ بیشک اللہ کے نزدیک تم سب میں زیادہ عزت والا وہی ہے جو تم میں سے اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہے)۔

یہ آیتِ کریمہ انسان کی اصلیت اور حقیقت کو واضح کر رہی ہے کہ انسان کی تخلیق کا عمل اس کائنات میں کیسے اور کیوں ہوا۔ قرآن مجید نے دو ٹوک انداز میں اس حقیقت کو روزِ روشن کی طرح واضح کر دیا ہے کہ سب انسانوں کی تخلیق کا نقطۂ آغاز حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام سے انسانی تخلیق کا عمل شروع ہوا۔ حضرت آدم علیہ السلام خود مٹی سے تخلیق کیے گئے۔ اللہ ربّ العزت نے ان کو پیدا کر کے اپنی خلافت ونیابت کے لیے منتخب کر لیا۔ اسی طرح انسان اس کائنات میں اللہ کا خلیفہ اور نائب ٹھہرا۔ ہر انسان دوسرے انسان سے حضرت آدم علیہ السلام کی بدولت اور اپنے خالق کی نسبت سے وحدت کے تعلق سے جڑا ہوا ہے، اس طرح انسانوں کے مابین وحدت کا رشتہ اپنے خالق کے اعتبار سے بھی ہے اور اپنے خالق کی، پہلی انسانی مخلوق حضرت آدم علیہ السلام کے تعلق سے بھی ہے، گویا ایک انسان کا دوسرے انسان سے پہلا تعلق ہی وحدت کا ہے، اس انسانی وحدت کو رنگ، نسل، قوم، قبیلہ اور علاقہ وخطہ توڑ نہیں سکتے، کوئی مادی امتیاز انسانوں کے درمیان اس روحانی اعزاز کو ختم نہیں کر سکتا۔

وحدتِ نسلِ انسانی

انسانی رشتوں میں جہاں وحدت ہو، وہیں ہم آہنگی، باہمی رواداری کے جذبات، احساسات پروان چڑھتے ہیں، وہیں ایک دوسرے کے ساتھ میل جول بڑھتا ہے جہاں وحدت ہوتی ہے، وہیں محبت اثر پذیر ہوتی ہے، انتشار و خلفشار سے انسانی وحدت پارہ پارہ ہوتی ہے، اس لیے انسانوں کی اَصل اکٹھا ہونا، ایک ہونا، باہم ملنا جلنا، ایک دوسرے کے ساتھ ربط و تعلق رکھنا، ایک دوسرے کے کام آنا اور ایک دوسرے کی حاجات و ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ باہم ہمدردی اور جانثاری کے جذبات ان میں موجود جذبہ انسانیت کی واضح علامت ہیں۔ پس اِسی خیر خواہی کا تعلق ہی ان کو یکجان اور یک قالب بناتا ہے، ایک رشتے میں پروتا اور اکٹھا کرتا ہے، اس لیے باری تعالیٰ نے سب انسانوں کے لیے رشد و

ہدایت کا اہتمام کیا، ہر قوم کی طرف رسول و نبی بھیجے، سب انسانوں کو انسانی وحدت کی اور انسانی ہم آہنگی کی تعلیم دی، سلسلۂ نبوت و رسالت کی ساری تعلیماتِ کا احاطہ کرتے ہوئے اس سلسلے کے آخری رسول، خاتم الانبیاء سید المرسلین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے انسانی وحدت کی تعلیم سارے انسانوں کو یوں دی، ارشاد فرمایا:

"الناس سواسية كاسنان المشط الواحد لا فضل لعربي على عجمي الا التقوى"[2]

(لوگ ایک کنگھی کے دندانوں کی طرح برابر ہیں کسی عربی کو کسی عجمی پر فضیلت حاصل نہیں مگر تقوی کی بدولت)

اس حدیث مبارکہ نے روئے زمین کے تمام انسانوں کو وحدت و یکجہتی کے تعلق میں پرو دیا ہے، ہر انسان دوسرے انسان کے برابر ہے، کوئی انسان دوسرے انسان سے اپنی ذات، اپنے علاقے، اپنے قبیلے، اپنے خاندان، اپنے نسب کے اعتبار سے کم تر نہیں۔ کوئی رنگ کی وجہ سے دوسرے انسان سے افضل نہیں، کوئی زبان کی بناء پر دوسرے انسان سے اعلیٰ نہیں، کوئی نسل کے اعتبار سے دوسرے انسان سے برتر نہیں، کوئی مال و دولت کی وجہ سے دوسرے انسان سے زیادہ شرف و تکریم کا حقدار نہیں، غرضیکہ تمام انسانوں میں انسانی ناطے سے مساوات ہے اور انسانی تعلق سے وحدت ہے اور انسانی ربط سے یکسانیت ہے۔ انسانوں کے درمیان شرف و منزلت، قدر و اہمیت، انفرادیت و افضلیت اور علوت و منزلت کی بنیادیں اس وقت قائم ہوتی ہیں۔ جب انسان اپنے خالق کا فرمانبردار ہو جائے۔ جب اپنے ربّ کے احکامات پر عمل کے حوالے سے تابعدار ہو جائے۔ جب اپنے رب کی رضا کے سامنے اپنی ساری خواہشات ترک کر دے اور خدا کا مقرب ہو کر سب انسانوں کا محبوب ہو جائے۔

آدمیت کی اصل انسانیت

باری تعالیٰ نے انبیاء اور رسلِ عظام کے ذریعے قائم کردہ سلسلۂ رشد و ہدایت کا آخری پیغام تمام انسانوں کے سامنے اپنے آخری رسول ﷺ کے ذریعے حجۃ الوداع کے موقع پر یوں دلوایا، اور رسول اللہ ﷺ نے ساری انسانیت کو مخاطب کرتے ہوئے وحدتِ نسلِ انسانی، مساواتِ نسلِ انسانی اور محبتِ نسلِ انسانی، جملہ انسانوں کے درمیان ہم آہنگی و باہمی رواداری کے رشتے کو استوار کرنے کے لیے یوں تعلیم دی، ارشاد فرمایا:

"ان اللّٰہ قد اذهب عنكم عصبية الجاهلية و تعاظمها بابائها فالناس رجلان برٌ تقيٌ كريمٌ على اللّٰہ و فاجرٌ شقيٌ هينٌ على اللّٰہ و الناس بنو آدم و خلق اللّٰہ آدم من تراب قال اللّٰہ ان اكرمكم عند اللّٰہ اتقكم"[3]

(اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کا غرور اور ایک دوسرے پر خاندانی فخر و تکبر دُور کر دیا ہے، پس اب دو قسم کے لوگ ہیں، ایک وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ہاں نیک، متقی اور معزز ہیں اور دوسرے وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ہاں فاسق و فاجر، بدکار و بدبخت اور ذلیل و خوار ہیں (اور یاد رکھو) تم (سب لوگ) حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہو اور آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا ہے اور باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: بیشک تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ معزز وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے)

اس حدیثِ مبارکہ نے نسلِ انسانی کے درمیان وحدت کے رشتے کی بنیاد اور ان میں باہم اَفضیلت کی اساس کو واضح کر دیا ہے۔ تمام انسانوں میں وحدت اس بنیاد پر ہے کہ سب حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور سب انسانوں کو حضرت آدم علیہ السلام سے نسبت ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام تمام انسانوں کے حق میں ''ابوالناس'' کا مقام رکھتے ہیں اور سب لوگ باہم بنوآدم کے تعلق سے جڑے ہوئے ہیں۔ یوں سب کی اصل ایک، نسب ایک، حقیقت ایک ہے۔ گویا تمام انسانوں کے درمیان اصل میں اور اپنی حقیقت میں وحدت ہے۔ یہ ہمہ جہتی اور ہمہ گیر وحدت تقاضہ کرتی ہے کہ یہ انسان ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔ ایک دوسرے کے ساتھ معلق ہوں، ایک دوسرے کے ہمدرد اور خیر خواہ ہوں، اسی تعلق کے انسانوں کے درمیان قائم ہونے کو آج کی جدید دُنیا میں ''انسانیت'' (Humanity) کہتے ہیں۔ اب یہ انسانی تعلق ایک دوسرے کے ساتھ کیسے اور کس طرح استوار ہوگا اور اس انسانی تعلق کو قائم اور دائم رکھنے کے لیے کون کون سے اقدامات کرنے ہوں گے اور کن کن چیزوں ے اعراض کرنا ہوگا نیز کون سے اعمال اپنانے ہوں گے اور کون سے افعال ترک کرنے ہوں گے اور کن اقدار کو باہم استوار کرنا ہوگا اور کن اطوار کو باہم نیست و نابود کرنا ہوگا؟

انسانی خون کی حرمت

رسول اللہ ﷺ نے عالمگیر امن کے قیام کا لائحہ عمل دیتے ہوئے تمام انسانوں کو اس نمونہ عمل کی طرف متوجہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''یایھا الناس ان دماء کم و اموالکم اعراضکم حرام علیکم الی ان تلقوا ربکم کحرمته یومکم ھذا، و کحرمته شھرکم ھذا، فی بلدکم ھذا''[۴]

(اے بنی نوع انسان! بے شک تمہاری جانیں اور تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں قیامت تک ایک دوسرے پر حرام کردی گئی ہیں، جس طرح آج کے دن کی حرمت اور اس مہینہ کی حرمت تمہارے اس شہر میں برقرار ہے)۔

ایک انسان کو دوسرے انسان سے جو چیز دُور کرتی ہے، وہ اس کی جان پر حملہ ہے، اس کے مال کو لوٹنا ہے، اور اس کی عزت کو پامال کرنا ہے، اگر ایک انسان کی دوسرے کے ہاں جان محفوظ ومامون ہو، اور اس کا مال دوسرے کی دست وبُرد سے بچا ہوا ہو اور اس کی عزت اس کے پاس محفوظ ہو تو یہ تعلق ہی انسانوں کو ایک دوسرے کے قریب کرتا ہے، اور جہاں جان و مال کے ضائع ہونے اور عزت کے مجروح ہونے کا اندیشہ ہو وہاں انسان اعراض کرتا ہے، اور جہاں م ان سب چیزوں کے حوالے سے حفظ وامان اور ان میں اضافے کا ماحول ہو، وہاں باہمی محبت اپنے سفر کو تیز کرتی ہے۔ انسانوں کا آپس میں خون بہانا ایک حیوانی عمل ہے، ہر گز یہ ایک انسانی عمل نہیں ہے، ناحق خون بہانے کا عمل سراسر انتہا پسندی اور دہشت گردی کا عمل ہے جو عالم انسانیت کے لیے باعثِ عار تو ہے مگر باعثِ افتخار ہر گز نہیں ہے۔ اس لیے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''الا لا ترجعوا بعدی ضلالا، لا یضرب بعضکم رقاب بعض''[۵]

(خبردار ! تم میرے بعد پلٹ کر پھر گمراہ نہ ہو جانا، یوں کہ ایک دوسرے کی گردنیں نہ کاٹنے لگ جانا۔ (یہ سب سے بڑی گمراہی ہو گی)۔

انسانوں کے درمیان باہمی محبت ہی ہم آہنگی اور باہمی مکالمے اور باہمی رواداری کی بنیاد بنتی ہے، انسان اپنے جن نظریات واعتقادات پر ایمان رکھتا ہے اور ان کو اپنی زندگی کی سوچ اور عمل کے طور پر بطور عقیدہ جانتا ہے، ان کا فروغ اور ابلاغ بہر صورت چاہتا ہے۔ اس ابلاغی اور تبلیغی عمل کے لیے اسے ماحول کی سازگاری چاہیے، اور ماحول کی خوشگواری باہم اُنس و محبت کے بغیر قائم نہیں ہو سکتی۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری تھا کہ تمام انسانوں کو مساوات و ہمدردی کے جذبے کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کر دیا جائے، کسی کو بھی محض نسل اور فقط نسب کے اعتبار سے مفضول نہ ٹھہرایا جائے۔

رواداری اور تکریم انسانیت

رسول اللہ ﷺ نے انسانی نسلوں، طبقوں اور معاشروں کے درمیان مصنوعی فضیلت اور برتری کے تمام دعووں کو ختم فرما دیا اور انسانوں کے درمیان عالمی انسانی مساوات کو قائم کرتے ہوئے ان کے مابین باہمی فضیلت کا ایک عادلانہ معیار اور اصول دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"الناس من اٰدم (کلکم بنو آدم) وآدم من تراب الا کل ماثرۃ او دم او مال یدعی بہ فھو تحت قدمی ھاتین۔ ایھا الناس ان ربکم واحد، واباکم واحد، ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم، فلیس لعربی علی عجمی فضل ولا لعجمی علی عربی ولا لاسود علی ابیض ولا لابیض علی اسود فضل الا بالتقوی"[۶]

(تمام بنی نوع انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے تخلیق کیے گئے تھے۔ اب فضیلت و برتری کے سارے جھوٹے دعوئے، جان و مال کے سارے مطالبے اور سارے انتقام میرے پاؤں تلے روندے جا چکے ہیں۔ اے لوگو! تم سب کا رب ایک ہے اور باپ بھی ایک ہے (اس وحدت نسل انسانی کے باعث تم سب برابر ہو) مگر تم میں بزرگ و برتر وہی ہے۔ جو زیادہ پرہیزگار (بہتر کردار کا مالک) ہے پس کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کوئی برتری نہیں اور نہ ہی کسی کالے کو گورے پر اور کسی گورے کو کالے پر برتری حاصل ہے، ساری برتریاں، کردار و عمل پر مبنی ہیں)

ایک انسان کا دوسرے انسان سے رشتہ اس اعتبار سے ہے کہ انسان کا خالق و مالک اور ربّ ایک ہے ان ربکم واحد اور ہر انسان من آدم سے ہے اور بنو آدم ہونے کے ناطے سب کا باپ ایک ہے، ان اباکم واحد، یہ دو نسبتیں ہی سب انسانوں کے درمیان بڑی محترم ہیں، اور یہی دو تعلق ہی سب کو وحدت کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ جب تمام انسانوں کے درمیان وحدت کی نسبت متحقق ہو گئی تو ضرورت اس امر کی تھی اس نسبت وحدت کو باہمی محبت اور باہمی رواداری میں بدلا جائے۔ اس لیے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"الخلق کلھم عیال اللہ، احب الخلق الی اللہ من احسن الی عیالہ"[۷]

(تمام مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ کے نزدیک وہ محبوب ہے جو اس کے کنبے کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے)

سارے انسان اللہ کی مخلوق ہیں۔اس لیے ساری انسانیت کی باہم نسبت "عیال اللہ" کی ہے۔ایک کنبۂ اللہ کا باہم تعلق ہے۔اس کنبے کا سب سے بہترین فرد، اللہ کی سب سے بہترین مخلوق اور سب سے افضل، اعلیٰ بندہ وہ ہے جو رب کی مخلوق اور رب کے بندوں سے پیار کرے۔ان کی خدمت کے لیے اپنی ساری صلاحیتیں نثار کرے۔ایک انسان کا دوسرے انسان سے اختلاف، سوچ اور عمل کا ہے۔ جہاں تک کسی کی نسل اور نسب کا تعلق ہے، یہ تو انسان کے اپنے اختیار میں نہیں۔انسان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنی سوچ اور عمل میں معتدل اور متوازن ہو۔اعلیٰ فکر و عمل اس کی شناخت ہو۔

انسانی مشترکات اور اصولِ رواداری

قرآنی ہدایت یہ دی گئی کہ جہاں جہاں تمہاری سوچ اور عمل میں اختلافات ہیں، جن چیزوں میں وحدت اور یگانگت اور اشتراکات ہیں ان کو ڈھونڈو، اور آپس کے مشترکات پر جمع ہو جاؤ، جو نظریہ اور اعتقاد تمہارے درمیان مشترک ہے اس پر اکٹھے ہو جاؤ، تاکہ تمہارے درمیان ہم آہنگی اور باہمی رواداری کے رشتے مزید استوار ہو جائیں اس لیے ارشاد فرمایا:

﴿قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْاْ إِلَى كَلَمَةٍ سَوَاء بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلاَّ نَعْبُدَ إِلاَّ اللّهَ وَ لاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئاً وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضاً أَرْبَاباً مِّن دُونِ اللّهِ فَإِن تَوَلَّوْاْ فَقُولُواْ اشْهَدُواْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ﴾[8]

(آپ (ﷺ) فرمادیں: اے اہل کتاب! تم اس بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے (وہ یہ) کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے اور ہم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور ہم سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا ربّ نہیں بنائے گا پھر اگر وہ رو گردانی کریں تو کہہ دو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم تو اللہ کے تابع فرمان (مسلمان) ہیں)

اس آیت کریمہ میں اہل کتاب کو مشترکات پر اکٹھے ہونے کی دعوت دی جارہی ہے، کہ ہم اہل اسلام اور دیگر مذاہب والے ان چیزوں پر جمع ہو جائیں، جن کو ہم دونوں مانتے ہیں، جس میں ہمارا باہم اختلاف نہیں بلکہ اتحاد ہے، تو جن نظریات پر ہمارا پہلے اتحاد موجود ہے ہم ان پر اکٹھے ہو جائیں، ان نظریات کے فروغ و ابلاغ کے لیے یکجا ہو جائیں، تو وہ عقیدہ جو اہل کتاب اور اہل اسلام کو باہم اکٹھا کر سکتا ہے وہ "توحید" و آخرت کا عقیدہ ہے۔اللہ کی بارگاہ میں مرنے کے بعد قیامت کے دن زندہ ہو کر جوابدہ ہونے کا عقیدہ ہے۔قرآن کہتا ہے "تَعَالَوْاْ إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ"[9] ہر وہ کا عقیدہ اور نظریہ جس پر تم اکٹھے ہو سکتے ہو اس پر یکجا ہو جاؤ۔ باہم انتشار اور خلفشار کو کسی نہ کسی حد تک ضرور کم کرو، اکٹھے ہونے کا زیادہ اہتمام کرو مفترق ہونے سے بچو اور اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری پر بھی اکٹھے ہو سکتے ہو۔اگر اہل کتاب اتحاد اور

متحد ہونے کی ہر دعوت کو مسترد کر دیں تو پھر تم ان کو ان کے حال پر چھوڑ دو، البتہ تم خود اللہ کی فرمانبرداری اور اطاعت گزاری پر ڈٹ جاؤ اور جمع جاؤ۔

رسول اللہ ﷺ نے جب یہود سے "میثاقِ مدینہ" کی صورت میں باہم مل جل کر رہنے کا معاہدہ کیا تو اس معاہدے کی دفعات بھی ہماری راہنمائی کرتی ہیں، کہ مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان باہمی تعلقات کو فروغ دینے کی بنیادیں کیا کیا ہو سکتی ہیں؟ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے میثاق مدینہ کی ان دفعات کو بڑے نمایاں انداز میں بیان کیا ہے، وہ لکھتے ہیں کہ ان دفعات میں ایک دفعہ باہمی تعلقات کو استوار کرنے کے لیے یہ تھی کہ:

۱۔ لليهود دينهم وللمسلمين دينهم
(یہود اور مسلمان اپنے اپنے مذاہب پر عمل میں آزاد ہوں گے)

۲۔ ان بينهم النصح والنصيحة والبر دون اثم
(ان کے باہمی تعلقات خیر خواہی، خیر سگالی اور نیکی و بھلائی کے ساتھ ہوں گے جن میں جرم و گناہ نہیں ہوگا)

۳۔ ان النصور للمظلوم[۱۰]
(مظلوم جس بھی طبقے میں ہوگا، اس کی مدد کی جائے گی)

غیر مسلموں کے ساتھ ہم آہنگی کے فروغ کے لیے باہمی معاہدات کیے جا رہے ہیں جن کے تحت مسلمان اور دیگر مذاہب کے لوگ اپنے اپنے مذہب پر عمل کرنے میں آزاد ہیں اور ان کا باہم زندگی گزارنا خیر خواہی، خیر سگالی، نیکی و بھلائی کے جذبات اور احساسات کے ساتھ ہوگا۔ کوئی بھی ان میں کسی دوسرے پر ظلم و زیادتی نہیں کرے گا اور اگر ان میں سے کوئی کبھی مظلوم ہوگا تو دونوں مل کر اس مظلوم کی مدد کریں گے قطع نظر اس کے، اس کا تعلق مسلمانوں سے ہو یا یہودیوں سے ہو مظلوم ہر کسی کی مدد اور حمایت کا مستحق ہوگا۔ اس ہم آہنگی کے فروغ کے لیے رسول اللہ ﷺ نے یہود سے خریداری بھی کی ہے اور ان سے قرض بھی لیا ہے۔ صحیح بخاری میں یہ روایت آئی ہے:

"ان النبی ﷺ اشتری طعاما من يهودی الی اجل ورهنه ذرعه فی حديد"[۱۱]
(رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی سے ایک مدت کے لیے غلہ خریدا اور اس کے پاس اپنی لوہے کی ذرہ رہن رکھی)

غیر مسلموں کے حقوق کا تحفظ

رسول اللہ ﷺ نے غیر مسلموں سے ہم آہنگی کو فروغ دینے اور باہم امن و سلامتی کے ساتھ رہنے کے لیے مختلف معاہدات کیے اور ان کو بنیادی حقوق کی فراہمی کی تاکید کی۔ غیر مسلموں کے ساتھ کیسے ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکتا ہے؟ اس حوالے سے ہمیں مکمل راہنمائی آپ ﷺ کے اہل نجران سے کیے ہوئے معاہدے کے ذریعے میسر آتی

ہے۔اس معاہدے کا ذکر امام ابو عبید قاسم بن سلام، امام حمید بن زنجویہ، ابن سعد اور بلاذری سب نے اسے روایت کرکے کیا ہے۔ اور اس تحریری معاہدے کی عبارت کچھ یوں تھی:

"ولنجران و حاشیتها ذمة اللّٰہ وذمة لمحمد النبی رسول اللّٰہ ﷺ علی دمائهم و انفسهم و ملتهم و ارضهم و اموالهم و رهبانیتهم و اساقفتهم و غائبهم و شاهدهم و غیرهم و بعثهم و امثلتهم لا یغیر ما کانوا علیه، و لا یغیر حق من حقوقهم و امثلتهم لا یفتن اسقف من اسقفیته و لا راهب من رهبانیته و لا واقف من وقافیته علی ما تحت ایدیهم من قلیل او کثیر و لیس علیهم رهق"[۱۲]

(اللہ اور اس کے رسول محمد ﷺ نے اہل نجران اور ان کے حلیفوں کو اپنے ذمے لیا ہے اور یہ ذمہ داری ان کے خون، جانوں اور ان کے مذہب کی ہے، اور یہ ذمہ داری ان کی زمینوں، اموال، راہبوں، پادریوں اور ان کے حاضر اور غیر حاضر افراد کی بھی ہے حتیٰ کہ ان کے مویشیوں، قافلوں اور ان کے مذہبی ٹھکانوں کی بھی ہے، جس مذہب پر وہ ہیں اس سے ان کو زبردستی نہیں پھیرا جائے گا ان کے حقوق اور ان کی عبادت گاہوں کے حقوق میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی نہ کسی پادری، نہ کسی راہب، نہ کسی سردار اور نہ کسی عبادت گاہ کے خادم کو خواہ کوئی چھوٹا ہو یا بڑا ہو، کسی کو اس کے مذہب سے زبردستی ہٹایا نہ جائے گا اور ان پر (اسلامی ریاست میں) کوئی خوف وخطرہ نہ ہوگا)

بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی رواداری کے فروغ کے حوالے سے اہل نجران سے رسول اللہ ﷺ کے کیے ہوئے اس معاہدے میں رہنما اصول ہمیں میسر آتے ہیں۔ اقلیتوں اور غیر مسلموں کے سارے مذہبی حقوق بھی یہاں نظر آتے ہیں اور سارے کے سارے بنیادی انسانی حقوق بھی فراہم کیے جاتے ہیں، ایک معاشرہ جو کسی فرد کو حق عطا کرتا ہے وہ سارے حقوق غیر مسلموں کو اسلامی معاشرے میں بھی میسر آتے ہیں بنیادی حقوق کی فراہمی ہی مذہبی ہم آہنگی اور باہمی رواداری کی بنیاد ہے۔ سب سے زیادہ خدشہ وخطرہ مالی حقوق کی پامالی، ان کی چوری اور غصب شدہ کا ہوتا ہے۔ اس حوالے سے امت کو خبردار کردیا کہ کوئی بھی کسی کا ناجائز اور ناحق طریقے سے مال ہڑپ نہ کرے۔

"الا وانی احرم علیکم اموال المعاهدین بغیر حقها"[۱۳]

(خبردار! میں تم کو غیر مسلموں کے اموال پر ناحق قبضہ کرنا حرام کرتا ہوں)

یہی وجہ ہے کہ فتح خیبر کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے غیر مسلموں کے اموال پر ناحق قبضے کو حرام ٹھہراتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"حرم رسول اللّٰہ ﷺ یوم خیبر اموال المعاهدین"[۱۴]

(حضور نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقع پر غیر مسلم شہریوں کے اموال پر قبضہ کرنا حرام قرار دیا)

غرضیکہ رسول اللہ ﷺ نے غیر مسلموں کے ساتھ ہم آہنگی اور باہمی رواداری کو فروغ دینے کے لیے جو اقدامات کیے، وہ آپ ﷺ کے معاہدات اور دستاویزات کے ذریعے کچھ اس طرح میسر آتے ہیں کہ آپ ﷺ نے

غیر مسلموں کو تمام قانونی حقوق دیئے، ساری مذہبی آزادیاں دیں اور ان کی جان، مال اور عزت وآبرو کی حفاظت کی اور ان کو اہلیت واستحقاق پر ملازمتیں اور انتظامی عہدے دیئے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے باہمی رواداری کے لیے اقدامات

رسول اللہ ﷺ نے جو حقوق غیر مسلموں کو دیئے بعد ازاں آپ ﷺ کے خلفاء راشدینؓ نے بھی آپ ﷺ کی اس سنت پر عمل کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جب کوئی اسلامی لشکر بھیجتے تو سپہ سالارِ لشکر کو یہ ہدایات دیتے تھے:

"ولا تفسدوا فی الارض ولا تعصوا اما تومرون ولا تغرقن نحلا ولا تحرقنها ولا تعقروا بهيمة ولا شجرة تثمر ولا تهدموا بيعة ولا تقتلوا الولدان ولا الشيوخ ولا النساء وستجدون اقواما حبسوا انفسهم فی الصوامع فدعوهم و ما حبسوا انفسهم له"[۱۵]

(خبردار! زمین میں فساد نہ کرنا، احکامات کی خلاف ورزی نہ کرنا، کھجور کے درخت نہ کاٹنا، انہیں نہ جلانا، چوپایوں کو ہلاک نہ کرنا اور نہ پھلدار درختوں کو کاٹنا، کسی عبادت گاہ کو مت گرانا، بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کو قتل نہ کرنا، تمہیں بہت سے ایسے لوگ ملیں گے جنہوں نے گرجا گھروں میں اپنے آپ کو محبوس کر رکھا ہے اور دنیا سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے اور انہیں ان کے حال پر چھوڑ دینا)

غرض یہ کہ امیرِ قافلہ و سپہ سالار لشکر کو اس بات کی اجازت نہ تھی کہ وہ دشمنی و عداوت کی آگ میں کسی مریض کو قتل کردے، کسی راہب و پادری کو زندگی کے حق سے محروم کردے اور کسی غیر مسلم کی عبادت گاہ کو منہدم کردے، حتی کہ ہر اس غیر مسلم نفس کو بھی قتل کی ممانعت تھی جو برسرپیکار نہیں ہوتا اور جو بالکل لڑنے کے لیے آمادہ نہیں ہوتا ہے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے حکم سے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے "عانات" کے لوگوں کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ:

(ان کے گرجے اور عبادت گاہیں منہدم نہیں ہوں گے۔ وہ مسلمانوں کی پنجگانہ نماز کے علاوہ ہر وقت اپنا، ناقوس بجا سکیں گے اور یوں ان پر کوئی پابندی نہ ہوگی اور وہ اپنی صلیب اپنی عید پر نکال سکیں گے)[۱۶]

حقوق کی فراہمی اور ان کی مسلسل ترسیل نے غیر مسلموں کو اسلامی معاشرے کے ساتھ ہم آہنگ رکھا، اسلامی معاشرے کا ہر عادلانہ اقدام ان میں ہم آہنگی اور باہمی رواداری کے جذبات کو مزید فروغ دیتا رہا، یہی وجہ ہے کہ غیر مسلم شہری خود کو کسی اور جگہ سے زیادہ محفوظ صرف اور صرف اسلامی ریاست اور اسلامی معاشرت میں ہی محسوس کرتے تھے۔ غرضیکہ غیر مسلم شہری اسلامی ریاست میں جملہ بنیادی حقوق کی ادائیگی اور فراہمی کی وجہ سے خوش و خرم تھے اور زیادہ محفوظ اور زیادہ آزاد تھے۔

اس لیے (Montgomery Walt) منٹگمری والٹ نے اس حقیقت کا اعتراف یوں کیا ہے:

"The Christian were probably belter off an dhim mir wnder Muslim Arab aler, that they dad been under the Byzantine Greeks."[17]

(عیسائی رعایا خود کو عرب مسلم حکمرانوں کے دور اقتدار میں غیر مسلم شہری کی حیثیت سے اپنے آپ کو زیادہ محفوظ سمجھتے تھے بہ نسبت اس کے جب وہ یونانی باز نطینی حکمرانوں کی رعیت میں بھی تھے مگر اتنے زیادہ محفوظ نہ تھے)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے باہمی رواداری کے لیے اقدامات

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے دورِ حکومت میں غیر مسلموں کی حفاظت کے لیے طرح طرح کے اقدامات و احکامات دیتے رہے۔ آپؓ شام کے گورنر حضرت ابو عبیدہؓ کو یہ ہدایات دیتے ہوئے نظر آتے ہیں:

"وامنع المسلمین من ظلمهم والاضرار بهم واکل اموالهم الا بحقها"[18]

(تم بحیثیت گورنر مسلمانوں کو غیر مسلم شہریوں پر ظلم کرنے اور انہیں ضرر پہنچانے اور ناجائز طریقہ سے ان کے مال کھانے سے سختی کے ساتھ منع کرو)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا طریقہ کار یہ تھا کہ جب بھی آپ کے پاس کے مختلف وفود آتے، جن کا تعلق آپ کی ماتحت ریاستوں کے ساتھ ہوتا، آپؓ ان سے غیر مسلم شہریوں کے اموال دریافت فرماتے اور پوچھتے کہ کہیں مسلمان انہیں کسی قسم کی تکلیف تو نہیں دے رہے ہیں۔ ان وفود کے افراد کا بیک زباں یہی جواب ہوتا: آپ مسلمانوں نے ہم سے جو عہد و پیماں کیا تھا، اس پر آپ پورے اُترے ہیں اور ہمیں آپ سے کوئی تکلیف نہیں ہے[19]۔ حضرت عمر فاروقؓ اقلیتوں کے حقوق کے باب میں ہمیشہ اہتمام اور انتظام کرتے رہتے، باوجود اس کے آپ کو شہید کرنے والا شخص بھی ایک اقلیتی فرقے سے تعلق رکھتا تھا۔ آپؓ نے اس موقع پر بھی یہ وصیت کی:

"اوصی الخلیفة من بعدی بذمة اللّٰہ وذمة رسولہ ﷺ ان یوفی لهم بعهدهم وان یقاتل من ورائهم وان لا یکلفوا فوق طاقتهم"[20]

(میں اپنے بعد والے خلیفہ کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ذمہ میں آنے والے غیر مسلم شہریوں کے بارے میں یہ وصیت کرتا ہوں کہ ان سے کیے ہوئے عہد کو پورا کیا جائے، ان کی حفاظت کے لیے بوقت ضرورت لڑا بھی جائے اور ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے)۔

غرضیکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے غیر مسلم عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا۔ اور آپ رضی اللہ عنہ غیر مسلم شہریوں سے ٹیکس وصول کرنے کے لیے نرمی و رفق کو اپنانے کی تاکید کرتے، اور اس حوالے سے ان کو کسی قسم کی تکلیف میں مبتلا نہ کرنے کا حکم ارشاد فرماتے۔ حتی کہ اگر کوئی کسی غیر مسلم کو ٹیکس کی وصولی کے لیے دھوپ میں بلاوجہ کھڑا کرتا تو اس کی آپؓ سخت گرفت فرماتے اور اس عمل سے اس کو سختی سے منع کرتے۔ ایک مرتبہ شام کے سفر کے دوران حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ ان کے عامل ٹیکس وصول

کرنے کے لیے غیر مسلم شہریوں کو دھوپ میں کھڑا کرکے ایک قسم کی سزا دے رہے ہیں، ان سے مخاطب ہوتے ہوئے آپؓ نے فرمایا:

''فدعوهم لا تكلفوهم مالا يطيقون، فانى سمعت رسول اللهﷺ يقول: لا تعذبوا الناس، فان الذين يعذبون الناس فى الدنيا يعذبهم اللهّٰ يوم القيامة''[۲۱]

(ان کو چھوڑ دو، ان کو ہر گز تکلیف نہ دو جس کی وہ طاقت نہیں رکھتے۔ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ لوگوں کو عذاب نہ دو، بے شک جو لوگوں کو دنیا میں عذاب دیتے ہیں اللہ انہیں قیامت کے دن عذاب دے گا)

غیر مسلموں کے ساتھ مسلمان حکمرانوں کا جو سلوک تھا، یہی حسنِ سلوک ہی ان کے دلوں میں ہم آہنگی، باہمی رواداری کے جذبات، احساسات پیدا کرتا تھا، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کسی غیر مسلم کو بڑھاپے میں بھیک مانگتے دیکھا تو آپؓ نے فرمایا: ہم نے تمہارے ساتھ انصاف نہیں کیا اس لیے کہ ہم نے تمہاری جوانی میں تم سے ٹیکس وصول کیا اور اب تمہارے بڑھاپے میں ہم نے تمہیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا ہے۔ ایسا نہیں ہو سکتا۔ آپؓ نے اس غیر مسلم کے لیے بیت المال سے وظیفہ کی ادائیگی کا حکم جاری کیا۔ امام ابو عبید القاسم اپنی کتاب ''الاموال'' میں اس واقعہ کو یوں نقل کرتے ہیں:

''ان امير المومنين عمر مرّ بشيخ من اهل الذمة يسئال على ابواب الناس فقال ما انصفناک ان كنا اخذنا منک الجزيه فى شيبتک ثم ضيعناک فى كبرک قال ثم اجرى عليه من بيت المال ما يصلحه''[۲۲]

(امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ غیر مسلم شہریوں میں سے ایک بوڑھے شخص کے پاس سے گزرے جو لوگوں کے دروازوں سے بھیک مانگتا تھا، آپؓ نے فرمایا: ہم نے تمہارے ساتھ انصاف نہیں کیا کہ ہم نے تمہاری جوانی میں تم سے ٹیکس وصول کیا پھر تمہارے بڑھاپے میں تمہیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر آپؓ نے اس کی ضروریات کے لیے بیت المال سے وظیفہ کی ادائیگی کا حکم جاری فرمایا)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے غیر مسلموں کی معاشی کفالت کا اہتمام بھی فرمایا، اگر وہ کسی وجہ سے بے روزگار ہوئے تو بیت المال سے ان کے لیے وظیفہ کا اجراء کیا تاکہ وہ عزت کے ساتھ اپنی زندگی کے معاملات چلا سکیں انہیں کسی کے سامنے اپنا ہاتھ دراز نہ کرنا پڑے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے باہمی رواداری کے لیے اقدامات

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں حضرت عمر فاروقؓ کی شہادت کے واقعہ کا کیس خلیفۂ وقت کے سامنے آتا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے قتل کی سازش میں تین افراد ملوث ہوتے ہیں۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ، جو

حضرت عمر فاروقؓ کے صاحبزادے ہیں اس سازش کے بے نقاب ہونے پر طیش و غصے میں آکر انتقامی جذبے کے تحت ان تینوں افراد کا خون کر دیتے ہیں۔ ان تین میں سے ایک مسلمان اور دو غیر مسلم ہیں، حضرت عبداللہؓ کو گرفتار کر لیا جاتا ہے، حضرت عثمان غنیؓ نے خلافت کی ذمہ داری سنبھالتے ہی پہلے اس کیس کا فیصلہ کرنا چاہا، صحابہ کرامؓ کو جمع کیا اور ان کی رائے لی گئی، انہوں نے قرآن کی رُو سے یہ فیصلہ دیا کہ جان کے بدلے میں جان ہے، اس لیے تمام صحابہ کرام نے یہ فیصلہ دیا کہ حضرت عبد اللہ بن عمر کو سزائے موت دی جائے، یہ فیصلہ ہو گیا مگر مقتولین کے ورثاء اپنی رضا مندی سے خون بہا پر راضی ہو گئے، یوں خون بہا دیت کی رقم تینوں مقتولین کے لیے برابر تقسیم کر دی گئی۔ [۲۳]

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے باہمی رواداری کے لیے اقدامات

حضرت علیؓ کی خلافت میں بھی سابقہ خلفائے اسلام کے ادوار کی طرح غیر مسلموں کے حقوق محفوظ تھے۔ حضرت علیؓ کی خدمت میں ایک مسلمان کو پکڑ کر لایا گیا جس نے ایک غیر مسلم کو قتل کیا تھا۔ ثبوت مل جانے پر آپؓ نے قصاص میں مسلمان کے قتل کیے جانے کا حکم دے دیا۔ مگر قاتل کے ورثاء نے مقتول کے بھائی کو خون بہا دے کر معاف کرنے پر راضی کر لیا، حضرت علیؓ کو جب اس کا علم ہوا تو آپؓ نے مقتول کے وارث کو فرمایا:

"لعلهم فزعوک او هددوک" [۲۴]

(شاید ان لوگوں نے تجھے ڈرا دھمکا کر یہ کہلوایا ہے)

اس نے کہا نہیں ایسا نہیں، بات در حقیقت یہ ہے کہ قاتل کے قتل کیے جانے سے میرا بھائی تو واپس نہیں آئے گا مگر یہ اب مجھے دیت دے رہے ہیں جو بھائی کے پسماندگان کے لیے کفایت کرے گی، اس لیے میں بغیر کسی دباؤ کے اپنی مرضی سے ان کو معاف کر رہا ہوں۔ اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا: اچھا تمہاری اپنی مرضی، اور تم اپنے معاملے کو بہتر سمجھتے ہو، لیکن بہر حال ہماری شریعت کا اصول یہی ہے:

"من کان له ذمتنا فدمه کدمنا و دیته کدیتنا" [۲۵]

(جو ہماری غیر مسلم رعایا میں سے ہے اس کا خون اور ہمارا خون برابر ہے، اس کی دیت ہماری دیت کی طرح ہے)

حضرت علیؓ نے ایک اور موقع پر ارشاد فرمایا:

"اذا قتل المسلم النصرانی قتل به" [۲۶]

(اگر کسی مسلمان نے عیسائی کو قتل کیا تو وہ مسلمان (اس کے قصاص میں) قتل کیا جائے گا)

غیر مسلموں پر سب سے بڑا ظلم ان کے حقوق میں سے سب سے بڑا ڈاکہ تو یہی ہو نا تھا، اگر یہ کسی مسلمان کو قتل کر دیں تو اس کے بدلے میں ان کو قتل کیا جائے اور اگر صورتِ حال مختلف ہو اور اگر یہ کسی مسلمان کی طرف سے قتل کیے جائیں تو اسلامی ریاست مسلمان کو صرف اس لیے چھوڑ دے کہ وہ مسلمان ہے، اسلام نے اس امتیاز کو روا نہیں رکھا، اور یہی تعلیم دی ہے کہ جان خواہ مسلمان کی ہو یا غیر مسلم کی قابلِ احترام اور قابلِ تکریم ہے، قانون سب کے لیے یکساں ہے، جو قاتل ہے وہ قصاص میں قتل کیا جائے گا، خواہ اس کا تعلق اسلام سے ہو یا عیسائیت سے، یہودیت

سے ہو، یا کسی بھی مذہب سے، قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔ اسلامی قانون یہ ہے کہ ہر قاتل کو قصاصاً قتل کیا جائے گا۔ کوئی بھی اس قانون سے مستثنیٰ نہیں ہے ہاں اگر ورثاء دیت اور خون بہاپر راضی ہو جائیں تو شریعتِ اسلامی ان کو یہ اختیار عطا کرتی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے بغیر کسی دباؤ دھمکاؤ کے، جو چاہیں فیصلہ کر سکتے ہیں۔

قرآن مجید کی آفاقی تعلیمات اور انسانی وحدت

اسلام نے وحدتِ نسل انسانی کی طرف تمام جہاں کے لوگوں کو متوجہ کیا ہے۔ قرآن مجید کا آفاقی پیغام اسی حقیقت کو جابجا اُجاگر کرتا ہے۔ ایک انسان سے انسانیت کے ناطے محبت اور مودّت کا تعلق قائم کرنے کی ضرورت کا احساس دلاتا ہے۔ چنانچہ باری تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا:

﴿یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّ نِسَآءً﴾[۲۷]

(اے لوگو! اپنے ربّ سے ڈرو جس نے تمہاری پیدائش (کی ابتداء) ایک جان سے کی، پھر اسی سے اس کا جوڑ پیدا فرمایا، پھر ان دونوں سے بکثرت مردوں اور عورتوں کو پھیلا دیا)۔

زبانوں، رنگوں، علاقوں اور خطوں کا مختلف ہونا جنسِ انسان کا تنوع ہے۔ یہ عمل باہم تفضل اور تکبر کا باعث نہیں بلکہ باہم تعارف اور شناخت کا سبب ہے۔ ایک ہی ڈھانچہ رکھنے والے انسان کی جلد کا رنگ کالا، گورا، سانولا، گندمی، سفید اور سرخی مائل ہوتا ہے انسانی جلد پر یہ سارے رنگ اللہ ہی کی عطاء ہیں اور ایک ہی ساخت کے انسان سے اس کی لسان کے ذریعے طرح طرح کے الفاظ، کلمات اور جملوں کا صدور بھی اللہ کی نشانیوں میں سے ایک عظیم نشانی ہے۔ اس نشانی کی سمجھ اس کو ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قلب سلیم، فطرتِ سلیم، فکر صائب اور عملِ صالح دیا ہے۔ اس لیے قرآن نے انسانی الوان و لسانات کو اللہ کی آیات قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

﴿وَ مِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ﴾[۲۸]

(اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق بھی ہے اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف بھی ہے، بیشک اس میں اہل علم (تحقیق) کے لیے نشانیاں ہیں)

بعض انسان دوسرے انسان سے زبان کی بناء پر نفرت کرتے ہیں اور کچھ لوگ دوسروں سے ان کی جلدوں کے رنگ کی بناء پر انہیں حقارت سے دیکھتے ہیں۔ اسی طرح انسان دوسرے انسان سے اپنی نفرت کی بنیادوں کو وسیع کرتا گیا حتی کہ اس نے علاقے اور خطے کی بنا پر دوسرے انسان سے منافرت اختیار کرنا شروع کر دی۔ انسان کی ان ساری پہچانوں کو باری تعالیٰ نے اپنی آیات اور اپنی نشانیاں قرار دیا تھا۔ ان نشانیوں میں تنوع اور اختلاف ایسے ہی ہے جیسے انسان کے مختلف اعضاء میں اختلاف ہے مگر یہ سارے اعضاء مل کر انسان بنتے ہیں۔ اسی طرح انسانوں کے یہ سارے

متفرقات اور تفردات اکٹھے ہو کر ایک کامل انسان کی صورت میں ڈھلتے ہیں۔ انسانیت یہ ہے اور یہ تھی اور یہ ہونی چاہیے، جس کو شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے یوں بیان کیا:

بنی آدم اعضائے یک دیگراند — جوں بعضے ز بعضے اگرچہ کمتراند
جوں عضوے بدرد آید آزر دگار — دگر عضوہا را نماند قرار[۲۹]

"سارے انسان ایک دوسرے کے اعضاء ہیں، جس طرح ان میں کوئی چھوٹا اور کوئی بڑا ہے، مگر جب کسی عضو میں کوئی تکلیف ہوتی ہے تو دوسرے تمام اعضاء بھی اس کی تکلیف کو محسوس کرتے ہیں۔"

اس تصور کو علامہ محمد اقبالؒ نے اپنے اشعار میں یوں بیان کیا:

آدمیت احترام آدمی — باخبر شواز مقام آدمی[۳۰]

جہاں تک نسل انسانی کی وحدت کا تصور ہے۔ اسلام کی تعلیمات اس باب میں بڑی واضح ہیں مگر عصرِ حاضر میں بین المذاہب ہم آہنگی مکالمے اور بین المذاہب رواداری کی ضرورت پر بہت زیادہ زور دیا جارہا ہے۔

بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمے اور رواداری کے قرآنی اُصول

اس حوالے سے اسلامی تعلیمات کے باب میں یہ بات ہر شخص پر بڑی واضح ہے۔ بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمے اور رواداری کا پہلا قرآنی اصول یہ ہے کہ اسلام مذہب کے حوالے سے کسی قسم کے جبر واکراہ کا قائل نہیں۔ کسی بھی شخص کو جبراً اسلام میں داخل نہیں کیا جاسکتا۔ قرآن مجید نے واضح اعلان کیا ہے:

﴿لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ﴾[۳۱]

(دین میں کوئی زبردستی نہیں، بیشک ہدایت، گمراہی سے واضح ہو چکی ہے)۔

اب کسی کو زبردستی مسلمان نہیں بنایا جاسکتا، کسی کی مرضی کے بغیر بالاکراہ اس سے کلمہ نہیں پڑھوایا جاسکتا، اور نہ ہی زور و جبر کے ذریعے اس کا نام مسلمان رکھا جاسکتا ہے۔

دوسرا اصول بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی رواداری اور مکالمے کے باب میں قرآنِ مجید نے یہ دیا ہے کہ ہر کوئی اپنے اپنے مذہب پر قائم رہے۔ ہر کوئی اپنے دین پر عمل کرکے اپنے نبی کی شریعت کو اختیار کرے، اس لیے فرمایا:

﴿لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ﴾[۳۲]

(سو تمہارا دین تمہارے لیے اور میرا دین میرے لیے ہے)۔

اس آیتِ کریمہ کے مطابق بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی رواداری اور بین المذاہب مکالمے کے ذریعے کسی کے مذہب کو تبدیل کرنا، کسی کو زبردستی دوسرے مذہب کا پیروکار بنانا نہیں ہے بلکہ بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمے اور باہمی رواداری کے ذریعے مشترکات پر جمع ہو کر عالم انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کرکے ایسے امور سرانجام دینا ہیں جن سے انسانوں کا باہمی وقار، عزت واحترام ایک دوسرے کی جان ومال کی حفاظت، ایک دوسرے کی علمی، تحقیقی، معاشی، معاشرتی، سائنسی، سیاسی، تمدنی، فنی، تکنیکی اور جدید ٹیکنالوجی کے باب میں سارے انسانوں کی

جملہ ضروریات کی تکمیل کا سامان خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل ہوسکے یہ بین المذاہب ہم آہنگی، بین المذاہب مکالمے اور بین المذاہب رواداری کے بنیادی اغراض و مقاصد ہیں، جن پر انسانیت کی بقاء، فلاح کی بنیادی روح ہے۔

بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمہ اور باہمی رواداری کی عصری ضرورت

بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمہ اور باہمی رواداری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کوئی بھی ذی ہوش اور ذی فہم انسان اس کا انکار نہیں کرسکتا۔اس لیے اس وقت بین المذاہب ہم آہنگی سے محرومی، م مکالمے سے لاتعلّقی اور بین المذاہب رواداری سے دوری کی بناء پر عصر حاضر میں ہماری معاشرتی زندگی من حیث المجموع ایک دوزخ کا منظر پیش کر رہی ہے جہاں ہر طرف بارود پھٹ رہا ہے۔ قتل وغارت گری کے ذریعے زمین خون سے تربتر ہے، خود کش حملے ہر سُو ہو رہے ہیں۔لاکھوں بے گناہ انسانوں کا اب تک خون کر دیا گیا ہے۔ یہ آگ ایسی چلی اور پھیلی ہے کہ ٹھنڈا ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی، ایک خطے سے یہ دہشت گردی و قتل غارت گری کی آگ اگر کچھ سرد ہوتی ہے تو اچانک دوسری طرف بھڑک اُٹھتی ہے۔ انسانیت آج ماتم کناں ہے، انسان دوسرے انسان سے ہی سراپا احتجاج ہے، مگر پھر بھی شنوائی نہیں ہو رہی، ایک شیطانی کھیل ہے جو ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے، کیا ایسے منظر میں ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظر فردا ہوں کہ کل کیا ہو جائے گا؟ ہمیں آج بہت کچھ کرنا ہے، ہمیں اپنے کل کو سنوارنے کے لیے اپنے آج کو بہتر کرنا ہے۔ یہ آواز ہر ایک کے دل کی آواز ہے، یہ آواز، فطرت کی صدا ہے، اور یہ صدا اس کائنات کی صدا ہے کہ اس کو اَب سنوارا جائے و بہتے خون سے پاک کیا جائے اور اس دھرتی کے اشرف المخلوق انسان کو دوبارہ شرفِ انسانیت سے ہمکنار کیا جائے اس کی زبان، ہاتھ، اور اعضاء کو امن و سلامتی کی علامت بنایا جائے۔اس لیے کہ اس زمین و آسمان کی فضاؤں سے بلند ہونے والی اس آواز پر ہمیں کان دھرنے ہیں، اور وہ آواز زمین کے چپے چپے سے یہ آرہی ہے:

کوئی مسیحا ادھر بھی دیکھے، کوئی تو چارہ گری کو اُترے اُفق کا چہرہ لہو سے تر ہے، زمین جنازہ بنی ہوئی ہے

بین المذاہب مکالمے اور باہمی رواداری کا بنیادی تصور

جہاں تک مکالمے کی ضرورت واہمیت، بین المذاہب تعلقات کو قائم کرنے اور باہمی رواداری کو فروغ دینے کا معاملہ ہے، اس کا کوئی ذی ہوش اور ذی فہم انسان انکار نہیں کرسکتا، مکالمے کو لغوی تناظر میں دیکھیں تو یہ "کلم" سے ماخوذ ہے جسے انگریزی زبان میں Dialogue سے تعبیر کرتے ہیں۔ اُردو میں اس کے لیے لفظ "مکالمہ" مستعمل ہوتا ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ دو یا دو سے زائد اشخاص کے درمیان جو بات چیت ہوتی ہے اسے "مکالمہ" کہتے ہیں۔ "مکالمہ" کسی سے مخاطب ہونا اور کسی سے رُوبرو گفتگو کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اس لیے بعض لغویین نے مکالمہ کا مفہوم ہی "گفتگو کرنا" اور "بات چیت" کرنے کو ٹھہرایا ہے [۳۳]

اسی طرح Edward William Lane لکھتا ہے:

> "A Formal Discussion between two groups or countries especially when they are trying to solve a problem and a disagreement etc." [۳۴]

اسی طرح مکالمہ کی ایک اور تعریف کچھ یوں کی گئی ہے:

"To give to meet to exchange or to negotiate. "[۳۵]

اگر لفظ "مکالمہ" کو ہم زبانِ اصطلاح کے تناظر میں دیکھیں تو اس کا مفہوم یہ بنتا ہے:

"اصطلاح میں مکالمہ یا کلام، منظّم اور مرتب الفاظ اور اُن کے معانی، دونوں کے مجموعے کو "مکالمہ" کہتے ہیں۔"[۳۶]

جہاں تک Dialogue " " کا مفہوم و مطلب ہے، تو اس حوالے سے اس کا اصل اور اساسی معنیٰ یہ بیان کیا گیا ہے:

"The root of the word dialogue(from the Greek dialogues, from dia, across and legion to speech tells is that it is the effort to share meaning with someone by intercultural or interfaith dialogue. We mean a conversation between different individuals or groups whose purpose is simply honest engagement and marriage

mutual understanding." [۳۷]

مکالمہ سے باہمی رواداری کا فروغ

مکالمہ انسان کو انسان کے قریب کرتا ہے اور اس میں رواداری کے جذبات و احساسات کو فروغ دیتا ہے۔ جہاں تک مکالمے کی تاریخی اہمیت کا تعلق ہے تو یہ مکالمہ فرشتوں اور اللہ ربّ العزت کے درمیان تخلیقِ آدم علیہ السلام کے باب میں ہوتا ہے۔[۳۸]

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مکالمہ اللہ ربّ العزت کے ساتھ اس اعتبار سے ہوتا ہے کہ آپؑ عرض کرتے ہیں کہ مولا! مجھے بتا تُو مُردووں کو کیسے زندہ کرتا ہے؟[۳۹]

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مکالمہ اپنے ربّ سے ہوتا ہے کہ اے میرے ربّ! مَیں تیری دید کا خواہشمند ہوں۔[۴۰]

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مکالمہ ہے جب اللہ ان سے فرمائے گا: اے عیسیٰ ابن مریم! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ تم مجھ کو اور میری ماں کو اللہ کے سوا، دونوں کو معبود بنالو۔ وہ عرض کریں گے: اے اللہ! تو پاک ہے، میرے لیے یہ روا نہیں کہ مَیں ایسی بات کہوں جس کا مجھے کوئی حق نہیں، اگر میں نے یہ بات کہی ہوتی تو یقیناً تُو اسے جانتا ہے اور تُو ہر اُس بات کو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے اور مَیں ان باتوں کو نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہیں۔[۴۱]

اسی طرح سورہ کہف میں اصحاب الجنتین کے درمیان مکالمہ ہے۔[۴۲]

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اللہ رب العزت سے مکالمہ ہے جب انہیں اپنا لختِ جگر اللہ کی راہ میں قربان کرنے کا حکم ملا۔[۴۳]

اسی طرح حضرت داؤد علیہ السلام کا اپنے ساتھ جھگڑنے والوں کے ساتھ مکالمہ ہے۔[۴۴] شعیب علیہ السلام کا اپنی قوم کے ساتھ مکالمہ ہے۔[۴۵]

حضرت آدم علیہ السلام کے دونوں بیٹوں ہابیل اور قابیل کے درمیان مکالمہ ہے۔[۴۶]

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کے درمیان مکالمہ ہے۔[۴۷]

غرضیکہ اور بھی متعدد آیات ہیں جن میں اللہ ربّ العزت اپنے مقرب بندوں سے مکالمے کی صورت میں اُن سے مخاطب ہے۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام اپنی قوم سے مکالمہ کرتے رہے ہیں۔ قصص الانبیاء در حقیقت مختلف انبیاء علیہم السلام اور اُن کی قوموں کے درمیان مکالمے ہی کی صورت ہے۔ اللہ ربّ العزت نے فرمانبردار مومنوں اور مسلمانوں کے ساتھ مکالمہ کیا ہے اور اس کے ساتھ نافرمانوں اور کافروں کے ساتھ بھی مکالمہ کیا ہے۔ مکالمے کی صورت میں اپنی گفتگو اور اپنے کلام کو دوبدو کیفیت میں مخاطب کو سمجھایا جاسکتا ہے اور یوں مخاطب کو کوئی اعتراض ہو تو اس کا جواب دیا جاسکتا ہے، اور اس طرح "تفہیمِ مسئلہ" کا عمل بہترین طریقے سے مکمل ہوتا ہے اور اس کے بعد "تسلیمِ مسئلہ" کا آغاز ہوتا ہے گویا مکالمے کی کل حقیقت تفہیم مسئلہ اور تسلیم معاملہ ہے۔

باہمی رواداری اور مکالمہ کی ضرورت واہمیت

باہمی روادی کے مکالمے کی اہمیت کو ہم احادیث مبارکہ میں بھی بکثرت دیکھتے ہیں، اسلوب قرآن کا سب سے بڑا اثر ہمیں حدیثِ رسول ﷺ میں نظر آتا ہے۔ اس حوالے سے "حدیثِ جبرئیل"، رسول اللہ ﷺ اور حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کے درمیان ایک خوبصورت مکالمے کی روشن مثال ہے۔ حضرت عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، ایک آدمی آیا جس کے کپڑے گرد سے اَٹے ہوئے نہ تھے اور نہ ہی اُس کے بال منتشر تھے اور نہ ہی اس پر سفر کے کوئی ظاہری آثار دکھائی دیتے تھے، ہم میں کوئی بھی اُس کو نہ پہچان سکا، یہاں تک کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس اس حالت میں بیٹھا۔ اُس نے اپنے گھٹنے آپ ﷺ کے گھٹنوں سے ملالیے اور اپنے ہاتھ اُن پر رکھ دیے، ایک سائل کے طور پر گویا ہوا: یارسول اللہ! مجھے بتائیے کہ ایمان کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر ایمان لانا، آدمی کے فوت ہوجانے کے بعد اللہ کی بارگاہ میں پیش ہونے اور فوت ہونے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر یقین کرنے کا نام ایمان ہے۔ اور اسی سائل نے دوسرا سوال پوچھا: یارسول اللہ! اسلام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، نماز کا اہتمام پورے دوام کے ساتھ کرتے رہو اور رمضان کے روزے رکھو، زکوٰۃ ادا کرو اور حج کرو۔ اور پھر وہ سائل سوال کرتا ہے، یارسول اللہ ﷺ احسان کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: احسان یہ ہے کہ آپ اللہ کی عبادت اس قدر استغراق اور ذوق و شوق کے ساتھ کریں کہ گویا آپ ربّ کو دیکھ رہے ہیں (اگر یہ کیفیت حاصل نہ ہو) تو یوں تصور کرو کہ گویا اللہ تبارک وتعالیٰ تم کو دیکھ رہا ہے۔ سائل نے پھر ایک سوال پوچھا یارسول اللہ ﷺ قیامت کا وقوع کب ہوگا؟

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس سے قیامت سے متعلق سوال کیا جارہا ہے وہ سائل سے زیادہ نہیں جانتا، تاہم میں آپ کو اس کی علامات بتادیتا ہوں کہ قیامت سے پہلے اس طرح کے حالات ظاہر ہوں گے کہ لونڈی اپنے آقا کو جنم دے گی، سیاہ اُونٹوں کو چرانے والے بلند و بالا اور عالیشان عمارتیں بنائیں گے اور یوں باہمی تفاخر اور تکبر کا اظہار کریں گے۔ اس کے بعد وہ سائل رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ سے رخصت ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو ارشاد فرمایا: اس سائل کو واپس میرے پاس بلا کر لاؤ۔ چنانچہ صحابہ کرام نے اسے کافی تلاش کیا مگر وہ نہ ملا۔ اس پر رسول

اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ جبرائیل امین تھے جو مسلمانوں کو دین کے احکام سکھانے کے لیے آئے تھے۔[۴۸] اسی طرح ایک اور حدیث مکالمے کی اہمیت کو اچھی طرح واضح کرتی ہے۔ایک صحابی رسول، اللہ کے رسول ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور آکر اپنی پریشانی کا اظہار کیا کہ یارسول اللہ ﷺ ! میرے ہاں ایک کالا کلوٹا بچہ پیدا ہوا ہے، ایسا کیوں ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کچھ اونٹ ہیں؟ صحابی نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ موجود ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا ان کے رنگ کیسے ہیں؟ اُس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ وہ سرخ رنگ کے ہیں۔ پھر سوال کیا، کیا ان میں سے کوئی اُونٹ سیاہی مائل سفید بھی ہے۔ صحابی نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: پھر یہ کہاں سے آگیا؟ صحابی نے کہا یہ اپنی نسل کے کسی بہت پہلے اُونٹ پر گیا ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسی طرح تمہارا یہ بچہ بھی اپنی نسل کے کسی دور کے رشتے دار پر پڑا ہوگا[۴۹]۔

مکالمہ انسانی مسائل کا حل ہے

درج بالا قرآنی اور نبوی تعلیمات کے ذریعے یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہو گئی ہے کہ مکالمے کا شرعی جواز اسلام میں موجود ہے۔ مکالمہ کے ذریعے انسانوں کے پیچیدہ سے پیچیدہ مسائل حل ہوئے ہیں۔ایک دوسرے کا نقطہ نظر سمجھنے میں مدد ملی ہے، جو غلط فہمیاں انسانوں کے مابین، خواہ مخواہ پیدا ہو جاتی ہیں اُن کا تدارک اور اچھی طرح ازالہ ہوا ہے اور اسی مکالمے سے ہی معاشرے میں باہمی رواداری اور باہمی ہم آہنگی کی اقدار کو فروغ ملا ہے۔

آج تیزی کے ساتھ بدلتی ہوئی دُنیا کے بڑھتے ہوئے مسائل کا حل مکالمہ میں ہے۔اگر آج ہم مکالمہ کو میڈیا کے ذریعے عام کردیں، سیمینارز کے ذریعے فروغ دیں، مختلف ورکشاپ کے ذریعے اصل مسئلے کو سمجھیں، مختلف سطح پر بڑی بڑی کانفرنسز کا انعقاد یقینی بنائیں، مختلف اقوام ایک دوسرے کے نکتۂ نظر کو سمجھنے کے لیے اپنے اپنے وفود بھجوائیں اور کالجز و یونیورسٹیز میں مختلف سکالرز کے لیکچرز کا انعقاد کرائیں، بڑے بڑے مذاہب پر مشتمل ایک عالمی تنظیم کا قیام عمل میں لایا جائے جو مختلف مذاہب کے درمیان مکالمہ کا یقینی انعقاد کرائے، مکالمہ کو ہر جگہ فروغ دینے کے لیے بین الاقوامی سطح پر اقدامات کیے جائیں اور دُنیا بھر کے ذرائع ابلاغ کسی بھی مسئلے پر مکالمہ کے دروازے اہلِ علم پر کھول دیں۔ نیز باہمی رواداری اور مکالموں کے سبب انسان دوستی کو فروغ دیا جائے۔ مکالموں کے ذریعے انسانوں کے مابین جنگوں کو انسانیت کی ہلاکت تصور کیا جائے اور ان کی سختی سے بیخ کنی کی جائے، انسانوں کی ترقی اور خوشحالی کو باہمی مکالموں کے ذریعے فروغ دیا جائے، عالمی امن اور انسانی اتحاد اور انسان دوست معاشرے کو باہمی مکالموں کے موضوعات بنایا جائے تو یوں ہم انسانیت کی بہترین خدمت اپنے مکالمات کے ذریعے کر سکتے ہیں۔اور معاشرے میں ہر سمت باہمی رواداری کو فروغ دے سکتے ہیں۔

خلاصہ

آج عالمِ انسانیت کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ تمام خطوں اور ملکوں میں بسنے والوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہونا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ روادار ہونا ہے اور ایک دوسرے کی عزت وآبرو کی حفاظت کرنی ہے اور دوسرے انسانوں کی جان ومال کے تحفظ کا احساس دلانا ہے اور ہر کسی کو بلا ظلم و زیادتی انصاف اور عدل کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، کسی کا بھی حق نہ مارا جائے اور کسی کو بھی ناحق تکلیف نہ دی

جائے۔انسانوں کے درمیان محبت و مودّت کو فروغ دیا جائے اور ایک دوسرے کی عزت و احترام کا پاس کیا جائے۔ کسی کے مذہبی اعتقادات پر حملہ نہ کیا جائے، ہر کسی کو آزادنہ طور پر اپنے مذہب پر عمل پیرا ہونے کا موقع فراہم کیا جائے۔یہی ہم آہنگی اور مکالمہ اور رواداری کا سلسلہ انسان کو انسان کے قریب تر کردے گا، ہم اپنی غیرت ایمانی نہ بیچیں، حالات کے مطابق صبر کریں اور اپنی قوتِ برداشت میں اضافہ کریں، کسی کے لیے کوئی ناجائز قید اور قدغن نہ لگائی جائے۔ ہر انسان دوسرے انسان کا بحیثیتِ انسان احترام کرے، اور اس کی عزت اور عظمت کا خیال و لحاظ کرے۔یہ سارے جذبات واحساسات ''بین المذاہب ہم آہنگی'' اور ''بین المذاہب مکالمے اور بین المذاہب رواداری'' کی صورت میں بہترین انداز سے فروغ پا سکتے ہیں۔اور ان کی ترویج واشاعت ہی انسانیت کو اپنی منزل کی طرف لے جائے گی۔

بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی رواداری پر عمل، ہماری انفرادی واجتماعی ذمہ داری کا، یہ ایک پہلا قطرہ ہی کیوں نہ ہو، مگر اس کے اثرات دیر پا ہوں گے۔بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے اور باہمی رواداری کی صورت میں یہ احساس ہمیں ضرور ہوگا کہ ہم نے ایک بہت بڑا کردار ادا کرنا ہے، اگر اس میں کوئی کمی رہ گئی تو پھر بھی ہمیں یہ احساس لازمی ہوگا کہ ہم نے اپنے عصر کے لوگوں کو ایک سمت ضرور دی ہے اور اُن کو ہلاکت سے بچایا ہے۔اسی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہوئے کسی نے کیا خوب کہا:

مانا کہ اس زمین کو نہ گلزار کرسکے　　کچھ خار کم تو کرگئے گزرے جدھر سے ہم

ہمیں اس زمین کو محبت و مودت کے جذبات اور احساسات سے آباد کرنا ہے، کوئی بھی شخص اس حوالے سے ہمارے عزم کے سامنے نہیں ٹھہر سکتا۔ ہمیں آج پھر اس ملت کی شیرازہ بندی کرنی ہے، ہم نے اس کے پریشان اجزائے ہستی کو پھر سے یکجا کرنا ہے اور یہ شیرازہ بندی کی آواز ہر انسان کی فطرت کی آواز ہے۔اس لیے کسی نے کیا خوب کہا:

زمانہ منتظر ہے پھر نئی شیرازہ بندی کا　　بہت کچھ ہو چکی اجزائے ہستی کی پریشانی

علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ نے مختلف مذاہب کے ماننے والوں کو اور مذاہب کے اندر رہنے والوں کو یہی پیغام دیا ہے کہ انسانیت کی خاطر ایک ہو جاؤ، باہمی تفرقے اور باہمی منافرت ترک کردو۔اس بارے میں وہ کہتے ہیں:

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں　　کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں
یہ اُمت خرافات میں کھو گئی　　حقیقت خرافات میں کھو گئی

قرآن مجید نے ہر مذہب کے پیروکار کو بین المذاہب ہم آہنگی، مکالمے اور باہمی رواداری کا یہ اُصول دیا ہے کہ:

﴿لَنَا اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ﴾[۵۰]

(ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث و تکرار نہیں ہے)

نتائج وسفارشات

۱. عصر حاضر میں عالمِ انسانیت کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ تمام خطوں اور ملکوں میں بسنے والے انسانوں کی ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی اور رواداری ہے۔

۲. آج تمام انسانوں کو ایک دوسرے کی عزت وآبرو کی حفاظت اور جان ومال کے تحفظ کا احساس دلانا ضروری ہے۔تاکہ ہر کسی کو بلا ظلم وزیادتی انصاف اور عدل کے یکساں مواقع میسر آئیں۔

۳. انسانوں کے درمیان محبت و مؤدّت کو فروغ دیا جائے اور ایک دوسرے کی عزت واحترام کا پاس کیا جائے۔

۴. کسی شخص کے مذہبی اعتقادات پر حملہ نہ کیا جائے۔ہر کسی کو آزادنہ طور پر اپنے مذہب پر عمل پیرا ہونے کا موقع فراہم کیا جائے۔

۵. ہم آہنگی، مکالمہ اور رواداری کا طریقہ ہی انسان کو انسان کے قریب تر کر سکتا ہے۔اس کا فروغ ہی امن عالم کی ضمانت بن سکتا ہے۔چنانچہ عالمی سطح پر اس کا بھرپور اہتمام کیا جائے۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ سورۃ الحجرات ۴۹ : ۱۳

۲۔ سیوطی، امام جلال الدین ، منابل الصفا ،مکتب اسلامی،بیروت،۱۴۲۲ھ،ص ۱۱

۳۔ ترمذی ،السنن، کتاب التفسیر ،سورۃ الحجرات ،حدیث ۳۲۷۰

۴۔ امام ابن ہشام،السیرۃ انبویہ ،باب خطبہ حجۃ الوداع ،دارالعلم،بیروت،۱۴۱۱ھ،ج ۱، ص ۳۵۳

۵۔ قادری،ڈاکٹر محمد طاہر، مقدمہ سیرت الرسولؐ، منہاج القرآن پبلی کیشنز،لاہور،۱۹۹۸،ج ا، ص ۲۵۳

۶۔ امام ابن ہشام،السیرۃ النبویہ ،محولہ بالا،ج ۲، ص ۳۵۴

۷۔ ولی الدین ، مشکوۃ المصابیح،کتاب الآداب، باب الشفقۃ والرحمۃ ،قدیمی کتب خانہ ،کراچی،ج ۲ ،ص ۶۲۳

۸۔ سورہ آل عمران ۳: ۶۴

۹۔ سورۃ آل عمرآن ۲:٦٦٤

۱۰۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، مجموعہ الوثائق السیاسیۃ للعھد النبوی،دار النفائس، بیروت، ۱۹۸۳ء، ص ۵۷۔۵۸

۱۱۔ البخاری محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح،کتاب الجہاد، باب ماقیل فی ذرع النبی ﷺ،حدیث ۲۳۳۹

۱۲۔ ابن سعد، الطبقات الکبری،مکتب اسلامی،۱۴۰۲ھ،ج ۱،ص ۲۸۸

۱۳۔ امام طبرانی، المعجم الکبیر ،دارالنفائس،بیروت،۱۴۱۱ھ ج ۴،ص ۱۱۱،حدیث ۳۸۲۸

۱۴۔ دار قطنی، ابو الحسن علی بن نعمان ، السنن،مطبعہ عثمانیہ،ترکی،۱۳۹۸ھ،ج ۴،ص ۲۸۷ ،حدیث ۶۳

۱۵۔ بیہقی ، محمد بن حسین، السنن الکبری،مکتبہ رحمانیہ،لاہور،۲۰۰۸ء، ج ۹ ،ص ۸۹

۱۶۔ ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم ، کتاب الخراج ،قدیمی کتب خانہ ،کراچی،ص۱۵۸

۱۷۔ Mintgomry Watt, Islamic Political thought, the basic concepts,London,1966, p.51

۱۸۔ ابو یوسف ،کتاب الخراج،محولہ بالا، ۱۵۲

۱۹۔ طبری، محمد بن جریر ،تاریخ الامم والملوک(اردو مترجم)،دارالاشاعت،کراچی،۲۰۰۳ء،ج ۲ ،ص۵۰۳

۲۰۔ بیہقی ، السنن الکبری محولہ بالا،ج۸،ص ۱۵۰

۲۱۔ ابو یوسف ،کتاب الخراج ،محولہ بالا، ۱۳۵

۲۲۔ ابو عبید، قاسم بن سلام ، کتاب الاموال،بیت العلم،بیروت،۱۴۳۳ھ، ص۵۷ ، حدیث ۱۱۹

۲۳۔ ابن سعد، ابو عبداللہ محمد بن سعد، الطبقات الکبری،محولہ بالا ،ج۵،ص ۱۷

۲۴۔ بیہقی ، السنن،محولہ بالا،ج۸،ص۳۴

۲۵۔ ایضاً

۲۶۔ شافعی، محمد بن ادریس ، کتاب الام ،دارالمعرفہ،بیروت،۱۴۰۱ھ،ص۳۲۰

۲۷۔ سورۃ النساء ۴: ۱

۲۸۔ سورۃ الروم ۳۰: ۲۲

۲۹۔ شیخ سعدی، مشرف الدین بن مصلح، گلستان، نور محمد کتب خانہ، کراچی، ۱۳۹۸ھ، ص ۱۴۰

۳۰۔ علامہ محمد اقبال، جاوید نامہ، سنگ میل پبلشرز، لاہور، ۲۰۱۲ء، ص ۵۸

۳۱۔ سورۃ البقرۃ ۲: ۲۵۶

۳۲۔ سورۃ الکفرون ۱۰۹:۶

۳۳۔ کیرانوی، وحید الزماں مسیح الزمان، القاموس الجدید، ادارہ اسلامیات پبلشرز، کراچی، ۱۹۹۰ء، ص ۸۰۴

۳۴- Lane William Edward, Arabic English, Lexicon William Lane rorgate 14 henriet street covent garden London 1968.vol.7, p.337

۳۵- Oxford Dictionary,462

۳۶۔ اصفہانی، ابوالقاسم حسین بن محمد بن فضل، المفردات القرآن،شمس الحق پبلشر، لاہور،۲۰۰۱ء،ج۲،ص۹۳۰

۳۷۔ Martin Buber, I and Thou, New York, Sumon and shuster 1971. p.62

۳۸۔ سورۃالبقرۃ۲:۳۲

۳۹۔ ایضاً:۲۶۰

۴۰۔ سورۃ الاعراف۷:۱۴۳

۴۱۔ سورۃ المائدۃ۵:۱۶

۴۲۔ سورۃ الکہف۱۰:۳۲

۴۳۔ سورۃ الصٰفٰت ۳۷:۱۰۲

۴۴۔ سورۃ القصص ۲۸ :۷۶

۴۵۔ ایضاً

۴۶۔ سورۃ الاعراف۷:۱۹

۴۷۔ سورہ ٔ ہود۱۱:۲۳

۴۸۔ القشیری، مسلم بن حجاج ، الجامع الصحیح ، کتاب الایمان،باب بیان الایمان والاسلام والاحسان،حدیث ۱۶

۴۹۔ بخاری ،الجامع الصحیح ،کتاب الطلاق،باب اذا اعرض نفی الولد،حدیث ۱۱۲۳

۵۰۔ سورۃ الشوری ۴۲:۱۵

کھسر پھسر سے اجتناب

قَالَ رَسُول اللّٰہ ﷺ

إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ۔

(رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تین لوگ ایک جگہ بیٹھے ہوں تو ان میں سے دو آپس میں کھسر پھسر نہ کریں (اس سے تیسرے کی دل شکنی ہوتی ہے)۔

(الجامع الصحیح للبخاری:۶۲۸۸)

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
mei.aiou.edu.pk
iri.aiou.edu.pk

الاحتجاج اللغوي للقراءات القرآنية نشأته وتطوره عبر المراحل

* الدكتور محمد قسيم
أستاذ مشارك بقسم اللغة العربية، بجامعة كابل، أفغانستان.

ABSTRACT

Holy Quran is a guideline of Islam. Each Muslim related to different ethnicities, races, cultures and unlimited number of languages always recites it as his daily worship in his prayer or out of that. They study it and enjoy its colorful methods and make use of its meaning in their academic, cultural, political and civil affairs. To facilitate Quran recitation for Muslims, it has been sent in different ways of recitation. According to Muslim's narrative, Muhammad (PBH) recitation is presented to us. He says: (إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف فاقراوا ما تيسر منه)

These ways and methods of Quranic recitation have been very cleverly and carefully heard from Muhammad (PBH) by his real friends. They have honestly preserved these methods and then have transferred them to new generations as safekeeping and have lasted to our time.

Scholars have strictly researched Quranic recitation methods like other sciences and have assessed them on the basis of academic, literary, artistic and linguistic standards and have introduced those principles and criteria which comprise the scientific and linguistic base of the mentioned recitation methods under different titles in the course of time. As a whole the mentioned research has found its way to academic and cultural circles under the name of Rationalization of Quranic Recitation الاحتجاج للقراءات القرانيه

The seed of justification and rationalization for Quranic recitation had already been sowed by great associates of prophet Mohammad (PBH) such as Umul Momenin Ayesha, Hazrat Abubakir Sediq, Omar Farooq, Ali Ibn Abi Talib, Hisham bin Alhakam, Abi bin Kab and Abdullah bin Abas in Yathreb at the beginning of civilization when the great leader of mankind Muhammad (PBH) was alive and moved to Yathreb on the request of local people and resided there to invite people to Islam properly. Authority of Islam religion was gradually spreading out. A great number of Arabs and non – Arabs such as Egyptian Belal, Roman Saheeb and Farsi Salman believed in monotheism gathered in Yathreb and submitted just to the order of Allah in accordance with Quranic doctrine and proclaimed their absolute disagreement with invalid religions.

